وان التمییز عسیر واذا ثبت ہذا فنقول لو کان ہذا الفرق معتبرا لوقع السوال عنہ فی زمان رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وفی ازمنۃ الصحابۃ لاسیما عند دخول العجم فی الاسلام فلما لم ینقل وقوع السوال
عن ہذہ المسألۃ البتۃ علمنا ان التمییز بین ہذین الحرفین لیس فی محل التکلیف آہ اور بیضاوی کے
حاشیہ میں ہے والباعث علی ہذہ الاشارۃ ان اکثر الناس خصوصا العجم لاسیما فی الزمان الاول لا یعلمون
الفرق بینہما آہ رضی شرح شافیہ مین ہے وبعض الحروف اذا وقفت علیہا خرج معہا مثل النفخۃ
ولم یضغط ضغط الاولی وہی الظاء والذال والضاد والزاء جہد المقل مین مرقوم ہے الضاد والظاء
والذال متشاکلۃ فی الجہر والرخاوۃ ومتشابہۃ فی السمع والضاد فیہ وان شبہ صوتہا ای
صوت الضاد المعجمۃ بصوت الظاء المعجمۃ بالفروق آہ اور شرح شاطبی مین مذکور ہے ان ہذہ الثلثۃ
ای الضاد والظاء والذال متشابہۃ فی السمع والضاد لا تفترق من الظاء الا باختلاف المخرج وزیادۃ
الاستطالۃ فی الضاد ولولاہما لکانت احدہما عین الاخری آہ اور محمد بن محمد الجزری تمہید فی علم التجوید
مین لکھتے ہین والضاد حرف لیس فی الحروف ما یعسر علی اللسان مثلہ والناس یتفاوتون
فی النطق بہ فمنہم من یجعلہ ظاء مطلقا لانہ یشارک الظاء فی صفاتہا کلہا ویزید علیہا بالاستطالۃ فلولا الاستطالۃ
واختلاف المخرجین لکانت ظاء وہم اکثر الشامیین وبعض اہل المشرق آہ اور رسالہ غایۃ التحقیق تصنیف امام
محمد ... مین مذکور ہے کہ ضاد سننے مین ظا کے مانند ہے اور شیخ جمال حنفی
کی ... فتاوی مین ہے کہ ضاد کو ظا پڑھنا لغت اکثر اہل عرب کی ہے اور حاشیہ جہد المقل مین

مسطور ہے فمنهم من يجعلها ظاء ہذا ليس بعجب لثبوت التشابه وعسر التمييز بينهما وفي التمهيد لانه يشارك
الظاء في صفاتها كلها ويزيد عليها بالاستطالة اور کیمیای سعادت میں ہے فرق میان ضاد وزاء
اگر نتواند روا باشد حاصل یہ ہے کہ تمام کتب فقہ وتفسیر سے ثابت ہوتا ہے کہ ضاد مشابہ
ظاء ہے اور کسیقدر ذال اور زاء کی بھی لیکن ظاء کے ساتھ بہت مشابہ ہے کیونکہ ضاد اور
ظاء میں صرف ایک صفت کا فرق ہے یعنی ضاد مستطیل ہے اور ظاء قصیر اگر استطالت ضاد میں
نہوتی تو عین ظاء ہو جاتا جیسا کہ عبارت تمہید وغیرہ سے معلوم ہوا بخلاف دال کے کہ ضاد
اور دال میں سات صفتوں کا فرق ہے ض رخوہ ہے و شدیدہ ض ساکنہ ہے و قلقلہ ض
مطبقہ ہے و منفتحہ ض مستعلیہ ہے و مستفلہ ض مفخمہ ہے و مرققہ ض مستطیلہ ہے و قصیرہ
ض منفوخہ ہے و غیر منفوخہ اور ضاد کا مشتبہ الصوت ہونا ساتھ ظاء کے انہی کتابوں سے
ثابت ہوتا ہے ولولا غرابة المقام لاتيت بها وہ یہ ہے رعایہ جہد المقل تمہید جزریہ شرح
جزریہ دوسری شیخ علی قاری کی نشر منہاج طیبۃ النشر تمہید رسالہ مولانا عبد الرحیم رشحہ فیض
شاطبی تفسیر کبیر اتقان کشاف بیضاوی حاشیۂ بیضاوی عزیزی حسینی فتاوی قاضیخان
عالمگیری کبیری برہان تجنیس خلاصۃ الفتاوی درمختار طحطاوی شامی خزانۃ المفتین خزانہ کمل
حلیہ فتاوی نقشبندیہ بزازیہ عنایہ تاتارخانیہ خزانۃ الروایات رسائل الارکان تہذیب ذخیرہ
فتح القدیر خیریہ جامع الروایات مفتاح الصلوۃ محاسن العمل البیان الجزیل احیاء العلوم
کیمیای سعادت زاد الآخرۃ شافیہ رضی جاربردی فصول اکبری فتاوی برہنہ رسالہ نجم الدین
مختار الفتاوی سمرقندی منیہ مجموعۂ سلطانی بغیۃ المراد میزان حروف الہجا ذخیرہ کردری اور
جب یہ بات ثابت ہوئی کہ ضاد مشابہ ظاء کے ہے تو قاعدہ کلیہ جملہ کتب فقہیہ کا یہ ہے
کہ جن دو حرفوں میں فرق آسانی ممکن ہے او ایک بدل جانے سے نماز فاسد ہوتی ہے اور
اگر فرق اون دونوں حرفوں میں مشکل ہے تو اکثر کا مذہب یہ ہے کہ نماز نہیں فاسد ہوتی اور یہی مذہب ہے
متاخرین کا اور یہ مذہب بہت معتدل اور پسندیدہ ہے اور مذہب متقدمین کا یہ ہے کہ
ضاد کو ظاء پڑھنے سے بھی نماز فاسد ہو جاتی ہے پس لفظ ولا الضالین کی جگہ دالین پڑھنے
کے نزدیک نماز فاسد ہوتی ہے اور ظاء پڑھنے سے اکثر کے نزدیک نہیں فاسد ہوتی اور

اسی پر فتوی ہے پہلے چند عبارت محققہ کی واسطے ثبوت اس قاعدہ کلیہ کے لکھی جاتی ہین بعد ان
چند عبارت فقہ سے اوپر ثبوت فساد نماز کے پڑھنے والین سے لکھا جاویگا ردالمحتار مین ہے ومنہا زلۃ القاری
الخطاء بابدال حرف بحرف فان امکن الفصل بینہما بلا کلفۃ کالصاد مع الطاء بان قرأ الطالحات
مکان الصالحات فاتفقوا علی انہ مفسد وان لم یکن الا بمشقۃ کالظاء مع الضاد والصاد مع السین
فاکثرہم علی عدم الفساد لعموم البلوی آہ بہذا فی فتاوی قاضیخان وفتح القدیر ونہر الفائق اور
عالمگیری مین ہے وان غیر المعنی فان امکن الفصل بین الحرفین من غیر مشقۃ کالطاء مع الصاد
فقرأ الطالحات مکان الصالحات تفسد صلوتہ عند الکل وان کان لا یمکن الفصل بین الحرفین الا
بمشقۃ کالظاء مع الضاد والصاد مع السین والطاء مع التاء اختلف المشایخ قال اکثرہم لا تفسد
صلوتہ آہ اور خانیہ مین مرقوم ہے الاصل فیما اذا ذکر حرفا مکان حرف وغیر المعنی ان امکن الفصل بینہما
بلا مشقۃ تفسد وان لم یمکن الا بمشقۃ کالظاء مع الضاد المعجمتین والصاد مع السین المہملتین والطاء
مع التاء قال اکثرہم لا تفسد آہ اب عبارت اوپر فساد نماز کے پڑھنے سے والین کے لکھی جاتی ہے
قاضیخان مین مذکور ہے ولو قرأ الظالین بالظاء او بالذال لا تفسد صلوتہ ولو قرأ الدالین تفسد آہ
اور خلاصۃ الفتاوی مین مذکور ہے ولو قرأ الظالین بالظاء او الذال او بالزای لا تفسد حاصل تقریر
مذکورۂ بالا کا یہ ہے کہ ضاد کا مشتبہ الصوت ہونا ساتھ ظاء کے بلا نزاع ثابت ہے اور جس شخص سے
مخرج ضاد کا نہ آوے وہ ظاء پڑھے اور اوس سے نماز اکثر کے نزدیک فاسد نہین ہوتی وہذا
ہو الحق والصواب اور ضاد کو مشابہ دال کے پڑھنے پر کوئی دلیل صرف و تجوید و فقہ و تفسیر سے
ثابت نہین ہوتی بلکہ یہ سب علوم اوسکی غلطی ہونے پر دال ہین اور ایک حرف دوسرے حرف سے
بدلنا اوسی سے ہوتا ہے کہ وہ اوسکے مشابہ ہو اور ظاہر ہے کہ ضاد اور دال سے کچھ مناسبت بھی
نہین ہے نہ مخرج مین نہ صفات مین بلکہ ضاد اور دال سے سات صفتون مین اختلاف ہے
جیسا کہ اوپر گذرا جب یہ مسئلہ سب کتابون سے ثابت ہوا تو مسلمانون کو چاہیے کہ بہت جلد اوسکے
عامل ہو جاوین تاکہ آپس مین جنگ و جدال و زد و کوب جو بالاتفاق حرام ہے کرین واللہ اعلم
بالصواب ۔ فی الواقع بمذہب مختار جمہور ضاد کی جگہ پر اگر ظاء پڑھے گا یا ذال نماز فاسد نہوگی
فتاوی بزازیہ مین ہے قال غیر المغضوب بالظاء والذالین بالذال والظاء بل لا تفسد لعموم البلوی

فان العوام لایعرفون مخارج الحروف وکثیر من المشایخ افتوا بہ انتھی اور خزانۃ المفتیین مین
خلاصۃ الفتاوی سے منقول ہے ان ذکر حرفا مکان حرف وغیر المعنی فان امکن الفصل کالطاء
مکان الصاد تفسد صلوتہ وان کان لایمکن الفصل بین الحرفین الا بمشقۃ کالظاء مع الضاد والطاء
مع التاء والصاد مع السین فالاکثر علی انہ لایفسد انتھی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

۲۸۶
استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم کیا فرماتے ہین علماے دین اس مسئلہ مین کہ نماز جمعہ
اور عیدین یعنی عید الفطر اور عید اضحی دیہات مین پڑھنا درست ہے یا نہین بینوا توجروا

الجواب نماز جمعہ مثل نماز پنجگانہ کے فرض ہے جو شرطین اونمین ہین وہ اسمین ہین فقط
دو خطبون کی زیادتی ہے شہر ہو یا دیہات ہر جگہہ بلا شرط شہر و بادشاہ یا نائب اوسکے
بغیر کراہت صحیح ہے امام بخاری نے باب الجمعۃ فی القری والمدن مین روایت کی ہے عن
ابن عباس قال ان اول جمعۃ جمعت بعد جمعۃ فی مسجد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی مسجد
عبد القیس بجواثی من البحرین اور اسیطرح امام ابو داود نے روایت کی ہے اور اونکی روایت
مین لفظ بجواثی قریۃ من قری البحرین کا ہے اور پھر امام بخاری نے روایت کی ہے عن ابن عمر
یقول سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول کلکم راع وزاد اللیث قال یونس وکتب رزیق
بن حکیم الی ابن شہاب وانا معہ یومئذ بوادی القری ہل تری ان اجمع ورزیق عامل علی ارض
یعملہا وفیہا جماعۃ من السودان وغیرہم ورزیق علی ایلۃ فکتب ابن شہاب وانا اسمع یامرہ
ان یجمع الخ حاصل ان حدیثون کا یہ ہوا کہ جواثی مین کہ وہ ایک گانون ہے بحرین سے صحابہ نے
وہان نماز جمعہ پڑھی زمانے مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور تابعیون نے بھی اور اونکے
زمانے مین برابر جاری رہی اور بعض نے جو قریہ کو معنی مین شہر کے لیکر جواثی کو شہر لکھا ہے قول
مردود ہے کیونکہ جب امام بخاری اور ابو داود نے کہ متقدمین اور افضل ہین اور بعد اونکے اکابر
محدثین نے بھی جواثی کو دیہات سے لکھا ہے پھر متاخرین کے اقوال ان اکابر دین کے
مقابل مین کب مسموع ہو سکتے ہین اور اگر متاخرین کے اقوال صحیح مان لیے جائین تو بھی
کچھ خرابی نہین مطابقت متقدمین اور متاخرین کے اقوال مین یون ہوگی کہ جواثی زمانہ

قدیم صحابہ مین ایک چھوٹی بستی ہو پھر تھوڑے دنون کے بعد بڑھتے بڑھتے ایک شہر ہو گیا
اسی ہندوستان مین دیکھو کہ زمانہ قدیم مین جو بعض بعض بستیان تھین اب وہ شہر ہین
کچھ جای تعجب نہین ہے اور مصنف ابن ابی شیبہ مین ایک روایت آئی ہے کہ لکھ بھیجا حضرت
عمر رضنے طرف بحرین کے کہ جمعہ ادا کیا کرو جسجگہ کہ ہو اور صحیح کی اسکی ابن خزیمہ نے اور لفظ
جسجگہ شامل ہے شہر اور دیہات دونون کو اور بیہقی نے لیث بن سعد سے روایت کی ہے
کہ جمعہ ادا کیا کرتے تھے اہل مصر و سواحل زمانے مین حضرت عمر رض و عثمان رض کے اونکے
حکم سے اور انمین تھی جماعت صحابہ رضی اللہ عنہم کی اور اس مضمون کی حدیثین بہت آئی ہین
کہانتک لکھون اور جناب خاتم المحدثین شاہ ولی اللہ دہلوی رح مصفا شرح موطای امام مالک
مین فرماتے ہین پس نماز جمعہ دو رکعت است در وقت ظہر با جماعت عظیمہ از مسلمین در قریہ
یا در شہر الخ اور دربارہ شرط ہونے شاہ یا نائب کے اوسی کتاب مین لکھتے ہین و اما امامت
خلیفہ یا نائب او پس امر مستمر بود و منشاء آن امر ست بتقدیم والی در محل ولایت خویش
پس مخصوص باشد بحضور والی و بطریق استحباب باشد چنانچہ تقدیم اقرأ و اعلم و سائر نظائر و اثر
حضرت علی اربع الی الامام محمول بر ندبیہ تقدیم والی در محل ولایت خود ست اھ اور جو
صاحب ہدایہ نے لکھا ہے کہ نہین صحیح ہے جمعہ مگر مصر جامع یعنی شہر مین یا مصلے مین اوسکے
اور نہین جائز ہے دیہات مین بسبب اس حدیث کے کہ نہین جائز ہے جمعہ اور تشریق اور
عید الفطر اور عید اضحی مگر مصر جامع مین اور مصر جامع وہ جگہ ہے جہان کوئی حاکم ہو اور قاضی
جو جاری کرتا ہو احکام اور قائم رکھتا ہو حدود یہ روایت ہے ابی یوسف رح سے اور یہ نہین ہے
دوسری روایت ہے کہ مصر جامع وہ جگہ ہے کہ اگر جمع ہون رہنے والے وہان کے بڑی سے بڑی
مسجد مین اوسکی تو نہ سما سکین اور پہلی روایت کو اختیار کیا ہے کرخی نے اور دوسری کو ثلجی
یا وہ جو شیخ ابن الہمام فتح القدیر مین لکھتے ہین کہ جمعہ ایسی جگہ ہو جہان گلیان اور بازار ہون
اور اوسمین ایک والی ہو کہ انصاف مظلوم کا کرتا ہو ظالم سے اور ایک عالم ہو کہ حوادث مین
اوسکی طرف رجوع کرتے ہون مجروح و مخدوش ہین قابل تسلیم نہین کئی وجہون سے ایک تو
حدیث لا جمعۃ ولا تشریق الخ موقوف و منقطع ہے اور حدیث منقطع کسی کتاب کی معارض حدیث

بخاری کی نہیں ہو سکتی کیونکہ معارضہ میں مساواۃ شرط ہے باتفاق جمہور محدثین دوسرے
یہ کہ تفسیر مصر کی درست نہیں ہے نہ موافق کرخی کے نہ ثلجی کے کیونکہ قبل تشریف آوری آنحضرت صلعم
کے مدینہ منورہ میں نماز جمعہ پڑھی اسعد بن زرارہ نے ساتھ صحابیوں کے مدینہ میں باذن
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حالانکہ اوسوقت کچھ حکومت آپکی مدینے میں نہ تھی اور نہ حدود و قصاص
بالفعل جاری تھے نہ قوت اسکی رکھتے تھے مسلمان محض مغلوب تھے اور نہ وہاں کئی مسجدیں تھیں
جو تفسیر ثلجی کی صادق آوے جیسا کہ تفسیر بیضاوی وغیرہ سے ظاہر ہوتا ہے اور جب خود آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم مدینے میں تشریف لائے اور نماز جمعہ کی پہلے مسجد بنی سالم کی بطن وادی میں پڑھی
اوسوقت بھی وہاں تسلط تام نہ تھا جو احکام حدود و قصاص جاری کر سکیں اور نہ کئی مسجدیں تھیں
جیسا کہ بحر الرائق و شمنی شرح نقایہ اور مجلی شرح موطا سے مستفاد ہوتا ہے اور نہ تفسیر صاحب فتح القدیر
کی صحیح ہے کیونکہ زمانہ یزید شقی میں صحابہ نماز جمعہ پڑھا کرتے تھے اور حالانکہ اوسوقت انصاف کا
نام نہ تھا خون صحابہ بیدریغ ہوتا تھا اور اقامت حدود کو کون پوچھتا ہے اور جس زمانے میں
حضرت عثمان رضی اللہ عنہ محصور تھے قوت اپنی رہائی کی نہ رکھتے تھے حکومت کیسی باوجود اسکے
اصحاب رضی اللہ عنہم نے نماز جمعہ پڑھی اسیطرح کی تقریر مولانا بحر العلوم لکھنوی نے تفصیل
تمام ارکان اربع میں کی ہے اور تفسیر مصر میں خوب جرح کیا ہے جسکا جی چاہے اونکے ارکان اربع
میں دیکھ لے یہاں اکثر روایتیں بسبب طول ہو جانے فتوے کے نہیں لکھی گئیں تیسرے یہ کہ
اس حدیث کو محمول اوپر مذہب کے کرتا ہوں یعنی بشرط بادشاہ اور مصر کے نماز جمعہ عیدین واجب
ہوگی نہ یہ کہ بغیر ان شرطوں کے نماز ہی نہیں ادا ہوگی جیسا کہ شاہ ولی اللہ صاحب کی تحریر سے
ظاہر ہوتا ہے اور جناب شیخ عبد الحق محدث دہلوی نے بھی ان شرطوں کو شروط اولویت کے
لکھا ہے اپنی کتاب فتح المنان فی تائید مذہب النعمان میں چوتھے یہ کہ اس حدیث پر عمل کیونکر
ہو سکتا ہے اسلیے کہ تفسیر میں مصر کے اختلاف ہے اٹکلیں نکالتے جاتے ہیں کوئی معنی ابھی تک
متعین نہیں ہوئے اور وحی آسمانی آتی نہیں شارع سے تفصیل و تعیین اسکی پائی جاتی نہیں
کہ کسی تفسیر کو اوس پر جانچ کر ترجیح دیجا سکے اور معمول بہا ہو سکے اسلئے گویا یہ حدیث مضطرب المعنی
ہوئی تخصیص آیۃ اس اٹکل سے کیونکر ہو سکتی ہے عمل تو دور رہا اور اگر یہی خود رائی ہے اور

نصوص باب جمعہ مین پوشیدہ ہے تو مین بھی کہہ سکتا ہون کہ معنی مصر کے گاؤن کے ہین کیونکہ دلیل نہ اون
معنون مین مصر کے باقی نہ میرے پاس نہ رعایت لغت و عرف عام کی نہ اونھون نے کی نہ مین نے
کی اونسے بھی اشکل ہے ہمسے بھی اشکل ہے پانچوین یہ کہ شرط ہونا بادشاہ اور مصر کا واسطے وجوب
اداکے تسلیم بھی کرلین تو بھی فرض نہونا جمعہ کا غیر مصرون مین یا وہان جہان بادشاہ یا نائب اوسکا
نہو لازم نہین آتا بلکہ فرض ہی باقی رہتا ہے کیونکہ کسی سے شروط وجوب ادا کی فوت ہوجانے سے
بسبب عذر کے ساقط ہوجانا عین شی کا کلیۃً لازم نہین آتا بلکہ باندازۂ عذر دیکھو فرائض پنجگانہ
کے لیے طہارت و ستر عورت وغیرہ شرطاہین مگر وقت عذر کے یہ شرطین بلکہ اکثر ارکان نماز
مثل قیام وغیرہ معذور کو ساقط ہین حالانکہ نماز اوس سے ساقط نہین ہوتی ایسے ہی حال نماز
جمعہ کا ہے کہ جہان بادشاہ اور مصر نہو مسلمان وہان کے اون شرطون سے معذور ہین مصر
یا بادشاہ کہان سے پیدا کرین جیسے ننگا مفلس لنگڑا کپڑا اقیام کہان سے لائے لامحالہ بھی
کہوگے کہ نماز پڑھلے ہان جن شرطون مین معذور ہین اونکے نکرنے سے نماز اوسکی فاسد نہوجائیگی
یہی کیفیت نماز جمعہ کی بھی ہے کہ جہان بادشاہ ہو وہان نماز بے بادشاہ یا نائب اوسکے کے
درست نہوگی یا جو شخص مصرون مین ہو پھر خاص کسی گاؤن مین جو متصل اوسی مصر کے نماز جمعہ پڑھے
صحیح نہوگی کیونکہ اوسکو قدرت تھی کہ ساتھ بادشاہ یا نائب اوسکے کے ادا کرسکتا تھا اور یہ شخص
بھی نماز ظہر مین ادا کرسکتا تھا اور قصداً خلاف اوسکے کیا غرض ہماری اس تقریر سے یہ ہے
کہ جہان ان شرطون کا وجود ہے وہان رعایت انکی واجب ہے ورنہ نماز فاسد ہوگی اور جہان
ان شرطون کا وجود نہین نماز بے رعایت انکی صحیح ہوگی مسلمان وہان کے معذور ہونگے اور
معذور پر تکلیف بالا یطاق یعنی تکلیف انکی جو قادر نہین شارع نے نہین دی باتفاق جمیع
مسلمین اور تقریر میری اس تقریر کی تائید کرتی ہے تحریر بعض متقدمین حنفیہ کی بھی گو ظاہر مین عنوان
بیان اونکا بخوف عوام کالانعام اور ہے مگر مضمون و مآل موافق میری ہے عالمگیری مین لکھا ہی

ولو تعذر الاستیذان من الامام فاجتمع الناس علی رجل یصلی بہم الجمعۃ جاز کذا فی التہذیب جب
معذور ہون مسلمان اذن لینے مین امام وقت سے پس مجتمع ہون مسلمان اور کسی شخص کو
امام بنادین وہ امام سبھون کے ساتھ نماز جمعہ پڑھا دے تو جائز ہے اور پھر عالمگیری مین لکھا ہے

بلاد علیہا ولاۃ کفار یجوز للمسلمین اقامۃ الجمعۃ ویصیر القاضی قاضیا بتراضی المسلمین ویجب علیہم
ان یلتمسوا والیا مسلما انتہی۔ معراج الدرایہ میں ہے یعنی جہان حاکم کافر ہوں جائز ہے مسلمانوں کو
کہ پڑھیں وہان نماز جمعہ کی اور ہو جاوے قاضی قاضی بسبب رضامندی مسلمانوں کی اور
چاہیئے اونکو تلاش کریں حاکم مسلمان کو اور درالمختار میں لکھا ہے ولذا لو مات الوالی او لم یحضر لفتنۃ
ولم یوجد احد ممن لہ حق اقامۃ الجمعۃ نصب العامۃ لہم خطیبا للضرورۃ کما سیاتی مع انہ لا امیر
ولا قاضی ثمہ اور اسیلیے اگر مر گیا ہو حاکم یا نہ حاضر ہو بسبب کسی فساد کے اور نہ پایا گیا ہو شخص
جسکے واسطے حق اقامت جمعہ کا ہے تو مسلمانوں کو چاہیے کہ آپس میں مشورہ کرکے
کسی کو خطیب مقرر کرین بسبب ضرورت کے حالانکہ نہیں ہے اسجگہ امیر نہ قاضی آپ دیکھیے
کہ عبارتین صاف کہے دیتی ہین کہ وقت عذر کے اذن والی سے یا امام معین سے ہونیسے
نماز بلا ان شرطون کے صحیح ہے اور شرطین ساقط ہین اور ولایت کفار مین بھی جمعہ جائز ہے
حالانکہ نہ سلطان ہے نہ امام لیکن وہی میری تقریر صادق آئی کہ وقت عذر کے ان شرطون کا
اعتبار نہین اب سب مسلمانون کو چاہیے کہ کسی گمراہ کے بہکانے سے نماز جمعہ ترک نہ کرین کہ رکن اعظم
اسلام ہے اور اسمین شوکت و رونق دین ہے نہ چھوڑین اور اللہ سے ڈرین اور گمراہون کے
فریب مین آکر شروط جمعہ کو بالکل نکلین اور خود رائی مین دلیل سے کچھ سروکار نہین رکھتے ہون
اور دیہات اور قصبہ جہان چاہین نماز جمعہ اور عیدین بلا عذر پڑھا کرین اگرچہ کافرون کی
ولایت مین ہون جامع الفتاوی مین لکھا ہے فلو ... المسلمین وولاۃ الکفار یجوز للمسلمین اقامۃ
الجمعۃ والاعیاد ویصیر القاضی قاضیا بتراضی ویجب علیہم ان یلتمسوا والیا مسلما انتہی وفی مفتاح
السعادۃ نقلا عن الطحطاوی جب غالب ہو جاوین کفار مسلمانون پر تو چاہیئے مسلمانون کو
جاری و قائم رکھنا نماز جمعہ و عیدین کا اور ہو جاوے قاضی قاضی بسبب رضامندی مسلمانون کے اور چاہیئے
اونکو تلاش کرین والی مسلم کو اور اسی طرح کتب فقہ حنفیہ مین مثل بحر الرائق وغیرہ کے تفصیل
تمام لکھی ہے یہان سمجھانے کے لیے تھوڑی روایتین لکھی گئین بہت سی چھوڑ دین اہل فہم کے لیے
اتنا ہی کافی ہے واللہ اعلم

محمد عبد العزیز

جواب صحیح و رای نجیح ہست در ہدایہ گفتہ لا یجوز اقامتہا الا للسلطان او لمن امرہ السلطان

تقام بجمع عظیم وقد تقع المنازعۃ فی التقدم والتقدیم وقد تقع فی غیرہ فلابد منہ تتمیما لامرہا انتہی وشیخ
عبد الحق محدث دہلوی در فتح المنان فی تائید مذہب النعمان میفرمایند ہذا التقریر للہدایۃ وظاہرہ
یفید الاولویۃ والاحتیاط عقلا لا الاشتراط وعدم جواز الصلوۃ بدونہ شرعا انتہی کلامہ مختصرا ومولوی
عبد العلی بحر العلوم لکھنوی در ارکان اربع میفرمایند ولم اطلع علی دلیل یفید اشتراط امر السلطان
وما فی الہدایۃ لانہا تقام بجماعۃ عظیم عسی ان تقع منازعۃ فی التقدیم والتقدم آہ ہذا رای لا یثبت الاشتراط
لاطلاق النصوص وجوب الجمعۃ ثم ہذہ المنازعۃ تندفع باجماع المسلمین علی تقدیم واحد وکما فی جماعۃ
الصلوۃ عسی ان تقع المنازعۃ فی تقدیم رجل لکن تندفع باجماع المصلین فکذا فی الجمعۃ ثم الصحابۃ اقاموا
الجمعۃ فی زمان فتنۃ بلوی امیر المومنین عثمان وکان ہو اماما محصورا ولم یعلم انہم طلبوا الاذن فی
اقامۃ الجمعۃ بل الظاہر عدم الاذن لان ہؤلاء الاشقیاء من اصحاب الشر لم یرخصوا ذلک فعلم ان اقامۃ
الجمعۃ غیر مشروط عندہم بالاذن لعل لہذہ الواقعۃ رجع المشائخ عن ہذا الشرط فیما تعذر الاستیذان بو افتوا
بانہ ان تعذر الاستیذان من الامام فاجتمع الناس علی رجل یصلی بہم الجمعۃ جاز کذا فی العالمگیریۃ ناقلا عن
التہذیب انتہی باید دانست کہ حدیث لا جمعۃ ولا تشریق الخ قابل احتجاج نیست بدو سبب اول آنکہ
مرفوع نیست بلکہ موقوف ست بر علی مرتضی دوم آنکہ راوی از علی حارث اعور ست وآن کذاب
وواہی ست چنانچہ در مقدمہ صحیح مسلم ومیزان الاعتدال للذہبی وغیرہ مذکور ست قال الامام النووی
حدیث لا جمعۃ الخ متفق علی ضعفہ انتہی ورواہ عبد الرزاق فی مصنفہ اخبرنا معمر عن ابی اسحق عن الحارث
عن علی قال لا جمعۃ ولا تشریق الا فی مصر جامع انتہی ورواہ ابن ابی شیبۃ عن ابی اسحق عن الحارث عن
علی قال لا جمعۃ ولا تشریق ولا صلوۃ فطر ولا اضحی الا فی مصر جامع او فی مدینۃ عظیمۃ انتہی قال الزیلعی
الحنفی فی تخریج احادیث الہدایۃ وہذا انما یروی عن علی موقوفا فاما النبی صلی اللہ علیہ وسلم فانہ لا یروی
عنہ فی ذلک شئ انتہی عن الشعبی قال حدثنی الحارث الاعور وکان کذابا صاحب صحیح مسلم در مقدمہ
صحیح حارث را کذاب وواہی نوشتہ چنانچہ بر عالم مخفی نیست قال ابو داود فی المقدمۃ
وانما سمع ابو اسحق عن الحارث عن علی فلم یسمع ابو اسحق من الحارث الا اربعۃ احادیث لیس فیہا مسند واحد
انتہی کلامہ الغرض بکدام حدیث صحیح در شرط جمعہ مرفوع اسنید وارد نشدہ کہ قابل سند باشد
کما لا یخفی علی الماہر المنصف المتفطن سید محمد نذیر حسین عفی عنہ

سید محمد نذیر حسین

اشرف کونین سید شریف حسین دہلوی | محمد عبد العلیم بنگالی ۱۲۹۰ | زاہد رشد ابو الحامد محمد ٹونکی | سید ۱۲۸۱ احمد حسین دہلوی

نعم المولی و نعم النصیر عظیم آبادی ۱۲۹۲　خادم شرع عزیز محمد عبد العزیز ۱۲۹۲ھ　خادم شریعت رسول الثقلین

محمد تلطف حسین عظیم آبادی　شہود الحق بتوفیق خدا باد عظیم آبادی ۱۲۹۲ھ　جہان شد منور ز نور حسین ۱۲۹۲ھ

عظیم آبادی بطفیل نبی الٰہی بخش عظیم آبادی ۱۲۹۲　ہرچہ مجیب حسیب تحریر کردہ حق و درست است

و خلاف آن باطل حررہ ابو الطیب محمد شمس الحق　ابو الطیب محمد شمس الحق عظیم آبادی ۱۲۹۵

محمد عبد الصمد بن ملا عبد الواحد خان فرخ آبادی ۱۲۹۲　الجواب حق محمد عبد اللہ گیلانوی　صح الجواب و اللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی و الخفی　| محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتا ما قولہم رحمہم اللہ اس مسئلہ میں کہ نماز جمعہ ایک شہر میں دو مسجدون میں یا دو سے زائد متعدد مسجدون میں درست ہے یا نہیں انعموا بالجواب و لکم جزیل الثواب

الجواب از روی قول مذہب اور مفتی بہ کے ایک شہر کی دو مسجدون میں یا دو سے زاید متعدد مسجدون میں نماز جمعہ درست ہے جیسا کہ صاحب در مختار فرماتے ہین و تودی فی مصر واحد بمواضع کثیرۃ مطلقا علی المذہب و علیہ الفتوی شرح المجمع للعینی و امامۃ فتح القدیر دفعا للحرج یعنی نماز جمعہ ایک شہر میں متعدد جگھون مین ادا ہو جائیگی بدون کسی قید کے از روی قول مذہب کے اور اسی پر فتوی ہے شرح مجمع عینی اور باب امامۃ فتح القدیر میں واسطے دفع حرج کے اور شامی رح لفظ مطلقا کی شرح میں لکھتے ہین سواء کان المصر کبیرا اولا و سواء فصل بین جانبیہ نہر کبیر کبغداد اولا و سواء قطع الجسر او بقی متصلا و سواء کان التعدد فی مسجدین او اکثر یعنی خواہ شہر بڑا ہو یا چھوٹا اور خواہ اوس شہر کے بیچ مین کوئی بڑی ندی ہو جیسا کہ شہر بغداد ہے یا نہو اور خواہ بیچ مین اوس شہر کے کوئی پل حائل ہو یا نہو اور خواہ تعدد دو مسجدون میں ہو یا دو سے زائد میں اور پھر لکھتے ہین فقد ذکر الامام السرخسی ان الصحیح من مذہب ابی حنیفۃ رح جواز اقامتہا فی مصر واحد فی مسجدین او اکثر یعنی امام سرخسی رح نے ذکر کیا ہے کہ مذہب میں ابی حنیفہ رح کے صحیح یہی ہے کہ ایک شہر کی دو مسجدون میں یا دو سے زائد میں اقامت نماز جمعہ کیجائے اور صاحب طحطاوی فرماتے ہین و ذلک لان فی التزام اتحاد الموضع حرجا بینا لاستدعائہ تطویل المسافۃ علی اکثر الحاضرین و لم یوجد دلیل عدم جواز التعدد بل قضیۃ الضرورۃ عدم اشتراطہ لا سیما اذا کان مصرا کبیرا کمصرنا کما قالہ الکمال و قد قال اللہ تعالی

لا یکلف اللہ نفساً الا وسعہا و ما جعل علیکم فی الدین من حرج یعنی اور وہ اسلیے کہ ایک جگہہ پر جمعہ کو
لازم گرداننے مین حرج صحیح ہے کیونکہ اسمین اکثر حاضرین کو مسافت بعیدہ طے کرنا پڑیگی اور کوئی دلیل
عدم جواز تعدد کی نہین پائی گئی ہے بلکہ ضرورت اسکو مقتضی ہے کہ ایک مسجد مین نماز پڑھنا حرج
ہو خصوصاً جبکہ شہر بڑا ہو جیسا کہ ہمارا شہر ہے جیسا کہ کمال نے کہا ہے اور تحقیق فرمایا اللہ تعالی نے
کہ نہین تکلیف دیتا ہی اللہ کسی کو مگر اوسکی طاقت بھر اور نہین گردانا اللہ تعالی نے تمپر دین مین کسی طرح کا حرج
یعنی تنگی و دشواری اور فتاوی عالمگیری مین ہی تودی الجمعۃ فی مصر واحد فی مواضع کثیرۃ ہو قول ابی حنیفۃ
و محمد رح و ہو الاصح یعنی ایک شہر مین بہت جگہون مین نماز ادا کیجا سکتی ہی اور وہ قول ابی حنیفہ اور
محمد رح کا ہی اور وہ زیادہ تر صحیح ہے اور در مختار مین لکھا ہی کہ یہ بنائی قول مرجوح جب ایک شہر مین متعدد
جگہہ مین جمعہ ہو تو اوس مسجد کا جمعہ جائز ہوگا جہان تحریمہ آگے ہوا ہے اور اگر متعدد جگہہ مین ایک ہی
زمانہ مین تحریمہ منعقد ہوا ہو کہ تعین مین اشتباہ ہو تو نماز سب کی فاسد ہوگی اور اوس وقت بعد نماز جمعہ کے
چار رکعت بنیت آخر ظہر پڑھنا چاہیے اس قول مین صاحب مختار فرماتے ہین وکل ذلک خلاف المذہب فلا یعول
علیہ یعنی یہ سب باتین بالکل خلاف مذہب ہین پس اوسپر اعتماد نکیا جاوے اور محشی شامی رح
تحت قول شارح فیصلی بعدہا آخر ظہر کے یہ فرماتے ہین تفریعہ علی المرجوح لیفید انہ علی الراجح من جواز
التعدد لا یصلیہا بناءً علی ما قدمہ عن البحر من انہ افتی بہ ایک مرار بخوف اعتقاد عدم فرضیۃ الجمعۃ
وقال فی البحر انہ لا احتیاط فی فعلہا لانہ العمل باقوی الدلیلین خلاصہ ترجمہ اس قول کا یہ ہے کہ
شارح کی یہ تفریع اوپر قول مرجوح کے مفید اس بات کی ہے کہ قول راجح پر جو کہ بموجب متعدد جگہہ
نماز پڑھنا جائز ہی چار رکعت نماز بہ نیت آخر ظہر کے پڑھنا نہین چاہیے جیسا کہ شارح نے
بحر الرائق سے قبل اسکے نقل کیا ہے کہ چار رکعت بہ نیت آخر ظہر پڑھنے کے بارہ مین بارہا فتوی
دیا گیا ہے بخوف اسکے کہ عدم فرضیت جمعہ کا اعتقاد نہو جاوے اور صاحب بحر الرائق نے
کہا ہے کہ اس چار رکعت پڑھنے مین کچھ احتیاط نہین ہے کیونکہ متعدد جگہہ مین نماز پڑھنا عمل باقوی
الدلیلین ہے یعنی بموجب مذہب راجح اور قول مفتی بہ کے ہے پس جواز تعدد مین شبہہ نہوا
تو کیون چار رکعت نماز بہ نیت آخر ظہر احتیاطاً پڑھیگا کیونکہ احتیاط محل شبہہ مین نہین ہے
بعد اس قول کے محشی شامی رح نے ایک عبارت طویل واسطے اثبات اس مدعا کے لکھی ہے

بعد جمعہ کے ایسی جگہ مین جسکے مصر ہونے مین شک ہو یا جہان جمعہ متعدد جگہ مین ہو تو وہان چار رکعت بہ نیت آخر ظہر پڑھنا احتیاط ہے لیکن اوسی قول کے آخر مین مقدسی سے نقل کیا ہے

ثم قال وفائدتہ الخروج عن الخلاف المتوہم او المحقق وان کان الصحیح صحۃ التعدد فہی نفع بلا ضرر یعنی فائدہ نماز بہ نیت آخر ظہر کا یہ ہے کہ خلاف متوہم سے یا ثابت سے نکل آئے اگرچہ صحیح جواز تعدد ہے پس یہ چار رکعت بہ نیت آخر ظہر پڑھنا نفع بلا ضرر ہے اور معلوم ہوا کہ شامی کی غرض اوس عبارت طویل سے یہ ثابت کرنا ہے کہ چار رکعت آخر ظہر کے پڑھنا احتیاط ہے اور جیسا کہ درمختار کے قول سے ضمناً بہ تبعیت قول بحر الرائق کے نہ پڑھنا اوسکا سمجھا جاتا ہے ویسا نہین ہے مگر شامی رح نے پھر آخر مین اس قول کے یہ لکھدیا ہے کہ اگر چار رکعت بہ نیت آخر ظہر پڑھنا جو فساد کیطرف ہو یعنی عدم فرضیت جمعہ کے اعتقاد کا خوف ہو تو اوسکو علانیہ نہ پڑھے قال

وانما اطنبنا فی ذلک لدفع ما یوہمہ کلام الشارح تبعاً للبحر من عدم فعلہا مطلقاً نعم ان ادی الی مفسدۃ لا تفعل جہاراً والکلام عند عدمہا ولذا قال المقدسی نحن لا نامر بذلک امثال ہذہ العوام بل ندل علیہ الخواص ولو بالنسبۃ الیہم خلاصہ اسکا یہ ہے کہ محشی شامی رح فرماتے ہین کہ ہمنے اس باب مین کلام اسوجہ سے دراز کیا ہے تاکہ کلام شارح سے جو بہ تبعیت صاحب بحر کے نہ پڑھنا چار رکعت بہ نیت آخر ظہر کا مطلقاً سمجھا جاتا ہے مندفع ہو جاوے ہان یہ چار رکعت پڑھنا اگر موذی طرف مفسدہ کے ہے تو علانیہ نہ پڑھے اور کلام عدم مفسدہ مین ہے اور اسلئے مقدسی نے کہا ہے کہ ہم چار رکعت بہ نیت آخر ظہر کے پڑھنے کا حکم خواص کو کرتے ہین عوام کو نہین کرتے علاوہ اسکے اکثر بلاد اسلام مین مساجد متعددہ مین اداے جمعہ ہوا کرتا ہے اور تعامل ناس بلا انکار محقق با جماع ہے پس ہذا حکم الکتاب واللہ اعلم بالصواب

مولوی عبد اللہ	
مدرس مدرسہ	مدرس اعلیٰ مدرسہ ڈہاکہ
نام پڑہا نہین گیا	مدرس مدرسہ ڈہاکہ
ابو یوسف محمد یحییٰ	

عبد الغنی ڈہاکہ | عبد الحکیم | مدرس مدرسہ ڈہاکہ | سبحان علی | سلطان علی | قد صح ہذا الجواب

فنعم الجواب کیف لا وقد سلک ہذا المجیب المدقق الاریب المحقق الادیب سبیل الصدق

فجوابہ محمد رمضان علی عفی عنہ مدرس مدرسہ حال بدر الدین مرحوم ڈہاکہ | محمد دائم

قد صح الجواب موافق الکتاب واللہ اعلم | محمد ابراہیم | عفا اللہ عنہ سوداری

الجواب صحیح اصاب من اجاب فقیر محمد فیض احمد امام و خطیب مسجد اکبری و مدرس مدرسہ اسلامیہ شہر آگرہ

ہذا الجواب صحیح والرای المجیب نجیح احقر العباد اصغر الافراد محمد عبد اللہ واعظ جامع مسجد آگرہ و مدرس مدرسہ اسلام آگرہ

ہو المصوب جواز تعدد جمعہ و عدم جواز تعدد جمعہ میں مجتہدین و فقہای معتبرین میں بہت اختلاف ہے اور فتوی متاخرین حنفیہ کا جواز تعدد پر ہے مطلقا لیکن معہذا انکے نزدیک بھی احوط و اولی یہی ہے کہ ایک جگہ نماز جمعہ کی کہ باعث اظہار شوکت اسلام ہے ادا کیجاوے اور اس میں تو حدیث میں موافقت قرون ثلثہ متبرکہ بھی موجود ہے حافظ ابن حجر عسقلانی دربارہ تعدد جمعہ کے فرماتے ہیں

محصل الخلاف یرجع الی المنع مطلقا والجواز مطلقا و بعض من اجاز اطلق والبعض قید و کل ذلک منقول عن علماء العراق اما الشافعیۃ فقد نص الامام الشافعی علی ان الجمعۃ لاتقام فی البلدۃ ولو عظم وکثرت مساجدہ واہل مذہب بعض اتباعہ الی جواز التعدد للحاجۃ وقال بعض ہو الا حتی زالت الضرورۃ بالثانیۃ لم یجز ثالثۃ واما الحنفیۃ فالمشہور عن الامام ابی حنیفۃ منع التعدد وروی عنہ جوازہ ثانیا للحاجۃ وعنہ جواز الکثرۃ وقال ابو یوسف رح لایجوز الثانی وہو الظاہر المشہور عنہم عدم جواز التعدد وفی روایۃ یجوز بقید الحاجۃ واما الحنابلۃ فالمشہور عنہم جواز التعدد بقید الحاجۃ وفی روایۃ عن احمد منع التعدد وذکر عنہ انہ قال لااعلم التعدد فی بلاد المسلمین اقیمت بہا جمعتان لقلۃ الجماعات وفی شرح الہدایۃ واذا تقرر ہذا من القرن الثالث ظہر ان خیر القرون لم یقع فی زمانہم التعدد انتہی اور قہستانی جامع الرموز میں لکھتے ہیں شرط ادائہا ای لوجوب اداء الجمعۃ فی موضع واحد والاکثر علی الخلاف وفی التمرتاشی الاستحباب فی موضع من المصر اہ انتہی اور شرح منیہ میں ہے اما من حیث جواز التعدد و عدمہ فالاولی ہو الاحتیاط لان الخلاف فیہ قوی اذ الجمعۃ جامعۃ للجماعات ولم تکن فی زمن السلف الا فی موضع واحد من المصر وکون الصحیح جواز التعدد للضرورۃ للفتوی لایمنع شرعیۃ الاحتیاط للتقوی انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی

عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

حقا کہ نماز جمعہ ایک شہر میں دو مسجد یا زیادہ سے زیادہ میں درست ہے قال ذو الفضل المبین فصیح الملۃ والدین رحمہ اللہ فی شرح الوقایۃ فی الکافی وفی شرح مجمع البحرین وتؤدی فی مصر واحد فی مواضع قال الامام السرخسی رحمہ اللہ فی المبسوط الصحیح من قول ابی حنیفۃ ومحمد رحمہما اللہ انہ یجوز فی مصر واحد فی موضعین واکثر وبہ نأخذ انتہی وافاد جدی ابی بحر العلوم والدی علوم الانبیاء والمرسلین صلوات اللہ علیہم اجمعین فی الارکان فی رسائل الارکان ان الجمعۃ جامعۃ الجماعات

قال الامام ابو یوسف لا یجوز تعدد الجمع فی مصر واحد وہو روایۃ عن الامام ابی حنیفۃ رح وبہ قال

الشافعی رح فانہ لو جاز التعدد لما کان واحد منہا جامعا للجماعات وقال الامام محمد ورواہ عن الامام

ابی حنیفۃ رح ہذہ الروایۃ ہی المختارۃ وعلیہ الفتوی انہ یجوز تعدد الجمعۃ مطلقا اثنین او اکثر وقولہم الجمعۃ

جامعۃ للجماعات ان ارادوا الجماعات التی لغیر الجمعۃ فمسلم ولا یلزم منہ نفی التعدد وان ارادوا انہا جامعۃ

للجماعات کلہا باسرہا بان لا یصح الا جماعۃ واحدۃ فہو ممنوع لا بد لاثباتہ من دلیل ولنا ما صح

عن امیر المؤمنین علی رضی اللہ عنہ انہ امر [illegible] الجمعۃ وہذا الاثر صحیح صححہ ابن تیمیۃ فی منہاج السنۃ ثم

فیما ذہب الیہ الشافعی حرج عظیم لانہ قد یکون طول المصر وعرضہ فراسخ لا یستطیع ان یجیء من طرف

الی المسجد الجامع ثم یبیت باہلہ الا بحرج عظیم وہو مدفوع فی الشرع ولعلہ لہذا الحرج جوز الامام [illegible]

تعددہا اذا کان فی المصر نہر عظیم فحینئذ یجوز التعدد جمعۃ فی مسجد وجمعۃ فی اخری بینہما نہر فنقول

کذا یلزم الحرج اذا کان المصر طویلا وان لم یکن فیہ نہر ثم صلوۃ الجمعۃ فرض مثل سائر الصلوات

فلا تقیید بالتوحید ولم یفد الیہ دلیل سمعی ولا عقلی انتہی کلامہ بتمامہ بارک اللہ تعالی فی علو شانہ

ورفع مقامہ ہو تعالی علیم بالصواب وعندہ ام الکتاب کتبہ العبد الفقیر الی فضل العلی الرب الکریم

خادم العلماء والعرفاء ابو الاحیاء محمد المدعو بالنعیم عفر ذنوبہ وستر عیوبہ ۱۲۹۵ ہجری

استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم علمای دین اسلام ومفتیان شریعت نبی علیہ الصلوۃ والسلام

اس مسئلہ میں کیا فرماتے ہیں کہ ایک شہر میں نماز جمعہ کی جابجا متعدد مساجد میں ادا کرنا بہتر ہو

یا ایک بڑی مسجد میں کہ سب نمازی اوسمیں باتفاق تمام اور بلا تکلف گنجائش کے ساتھ

جمع ہوسکتے ہیں بینوا بالتفصیل توجروا بالاجر الجزیل

الجواب وہو الملہم بالصواب بہتر یہی ہے کہ سب شہر کے نمازی ایک گنجائش دار

مسجد میں بالاتفاق جمع ہوکے نماز جمعہ ادا کریں اگرچہ ایک شہر کی کئی مسجدوں میں ادا کرنا بھی

جائز ہے لیکن ایک روایت امام ابو حنیفہ اور امام محمد اور امام ابو یوسف رحمہم اللہ سے ایک

شہر کی تعدد مساجد میں ناجائز ہونی نماز جمعہ کی بھی آئی ہے اور یہی مذہب امام شافعی رح کا بھی

اور امام مالک اور احمد رحمہما اللہ سے بھی دربارہ عدم جواز نماز جمعہ کی ایک شہر کی متعدد

مساجد میں روایت ہے پس اس صورت میں اختلاف علما سے بچنا خصوصاً جس مسئلہ میں

کہ مجتہدین کا اختلاف ہو صورت اتفاقی اختیار کرنا بہت بہتر ہے اور بسبب سستی اور کاہلی یا کسی
اور غرض نفسانی کی اتفاق مجتہدین کی فضیلت و ثواب کو حاصل کرنے سے محروم نرہین آب
مسئلہ خاص مین صورت اتفاق کی اسطرح ممکن ہے کہ سب مسلمانان شہر باتفاق تمام
ایک مسجد مین نماز جمعہ ادا کرین خصوص اس شہر ڈھاکہ مین ایسی مسجد کہ جس مین سب شہر کے
نمازیون کی بخوبی گنجایش ہو سکے سوای مسجد لال باغ کے دوسری نہین ہے پس جملہ مسلمانان
شہر ہذا کو بہ نیت تحصیل ثواب و فضیلت و احتیاط کی راہ سے لازم ہے کہ بخلوص و اتفاق تمام
لال باغ کی مسجد مین اگر نماز جمعہ ادا کرین اور متعدد مساجد مین پڑھنا خالی شبہ سے نہین ہو
اور ہر مسلمان کو شبہہ سے بچنا ضرور ہے کیونکہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص
شبہات سے بچا بیشک اوسنے پاک کیا دین اپنا پس جو شخص لال باغ کی جامع مسجد مین
بہ نیت کسب ثواب و فضیلت کی نماز جمعہ ادا کرے اور دوسرے بھائی مسلمانون کو بھی اپنے
ساتھ لانے کی ترغیب دے بلاشبہہ وہ شخص دو نیکیون کا مستحق ہوگا اور دو ثواب پاویگا
ایک اپنے عمل خیر کا اور دوسرا رہنمائی کا اوس عمل خیر کا کہ الدال علی الخیر کفاعلہ حدیث شریف مین
وارد ہے اور جو شخص بسبب سستی یا کسی غرض دنیاوی کے یا از راہ حسد و نا اتفاقی کے
مسجد مذکور مین نماز جمعہ ادا نکرے اور دوسرے کو بھی بہکاوے اور یہان نماز پڑھنے سے
منع کرے وہ خود بھی فضیلت و ثواب سے محروم رہا اور دوسرے کو بھی اس سے محروم رکھا
اسکا وبال بھی اوسیکے ذمہ رہا اور واسطے سند اختلاف مجتہدین کے اس مسئلہ مین عبارت
کتب معتبرہ کی مع ترجمہ نقل کیجاتی ہے فی الفتاوی الغامیۃ فان جواز التعدد وان کان ارجح
واقوی دلیلا لکن فیہ شبہۃ قویۃ لان خلافہ مروی عن ابی حنیفۃ ایضا رحمہ اللہ واختارہ الطحاوی
والتمرتاشی وصاحب المختار وجعلہ العتابی رح الاظہر وہو مذہب الشافعی رح والمشہور عن مالک رح
واحدی الروایتین عن احمد کما ذکرہ المقدسی فی رسالتہ نور الشمعۃ فی ظہر الجمعۃ بل قال السبکی من الشافعیۃ
انہ قول اکثر العلماء ولا یحفظ عن صحابی ولا تابعی تجویز تعددہا وقد علمت قول البدائع انہ ظاہر الروایۃ
وفی شرح المنیۃ عن جوامع الفقہ انہ اظہر الروایتین عن الامام رح قال فی النہر وفی الحاوی القدسی
وعلیہ الفتوی وفی التکملۃ للرازی وبہ ناخذ فہو حینئذ قول معتمد فی المذہب لا قول ضعیف ولذا قال

فی شرح المنیۃ الاولی ہو الاحتیاط لان الخلاف فی جواز التعدد وعدمہ قوی وکون الصحیح الجواز للضرورۃ للفتوی لا یمنع شرعیۃ الاحتیاط للتقوی قلت علی انہ لو سلم ضعفہ فالخروج عن خلافہ اولی فکیف مع خلاف ہؤلاء الائمۃ وفی الحدیث المتفق علیہ فمن اتقی الشبہات استبرأ لدینہ وعرضہ وفی القنیۃ لما ابتلی اہل المرو باقامۃ الجمعتین فیہا مع اختلاف العلماء فی جوازہا امر ائمتہم بالاربع بعدہا حتما احتیاطا وفی العینی شرح الہدایۃ وفی جوامع الفقہ عن ابی حنیفۃ رح روایتان والاظہر عنہ عدم الجواز فی الموضعین فان فعلوا فالجمعۃ للاولین وان وقعتا معا او جہلت فسدتا وفی فتاوی قاضیخان تجوز الجمعۃ فی الموضعین فی مصر واحد فی قول ابی حنیفۃ رح وابی یوسف رح ولا یجوز فی ثلث مواضع وبکذا روی عن محمد رح انتہی یعنی اسلیے کہ جائز ہونا نماز جمعہ کا متفرق جگہوں میں اگرچہ اسکی دلیل قوی ہے لیکن اس جواز میں شبہہ قوی ہے اسواسطے کہ ناجائز ہونا نماز جمعہ کا ایک شہر میں متفرق مساجد میں امام صاحب سے مروی ہے اور طحاوی اور تمرتاشی اور صاحب مختار ان ہمہوں نے اس روایت عدم جواز کو جو امام صاحب سے مروی ہے پسند کیا ہے اور صاحب عتابی نے اسکو بہت ظاہر ٹھہرایا ہے اور یہ ناجائز ہونا نماز جمعہ کا متفرق جگہوں میں ایک شہر کے امام شافعی صاحب کا بھی مذہب ہے اور مشہور امام مالک صاحب سے بھی یہی ہے اور امام احمد حنبل صاحب سے بھی ایک روایت اسیطرح کی مروی ہے جیساکہ مقدسی نے نور الشمعہ فی ظہر الجمعہ میں ذکر کیا ہے بلکہ کہا ہے سبکی نے جو شافعی المذہب ہیں یہ قول یعنی نماز جمعہ متعدد جگہہ جائز نہیں اکثر علماء کا ہے اور ایک شہر کی متعدد مساجد میں جواز نماز جمعہ کا کسی صحابی اور تابعی سے ثابت نہیں ہوتا بیشک قول صاحب بدائع کا یعنی عدم جواز نماز جمعہ امکنہ متعددہ میں ظاہر الروایۃ ہے اور شرح منیہ میں جامع الفقہ سے منقول ہے کہ روایت عدم جواز کی امام صاحب سے بہت ظاہر ہے یعنی امام صاحب سے دو روایتیں ہیں ایک جواز کی ایک عدم جواز کی ظاہر تر روایت عدم جواز کی ہے اور یہی حاوی قدسی نے کہا ہے کہ فتوی عدم جواز پر ہے اور تکملہ رازی میں کہا ہے کہ اسی عدم جواز کو ہم لوگ اختیار کرتے ہیں پس یہ عدم جواز قول معتمد مذہب میں ہے نہ قول ضعیف اسیواسطے شرح منیہ میں کہا ہے کہ احتیاط بہتر ہے کیونکہ اختلاف جواز تعدد

اور عدم جواز مین قوی ہے اور صحیح ہونا جواز تعدد کا واسطے ضرورت فتوی کے نہین
منع کرنا احتیاط الظہر کی مشروعیت کو اگر تسلیم بھی کیا جاوے ضعف عدم جواز تو خلاف
سے نکلنا بہتر ہے جو جاے کہ خلاف مذہب مجتہدین ہو اور حدیث متفق علیہ مین وارد ہے کہ
جو شخص شبہات سے بچا حاصل ہوئی اوسکو براءۃ اوسکی دین اور آبرو کے لیے اور فتاوی
قنیہ مین ہے کہ جب مبتلا ہو گئے اہل مرو ساتھ اقامت نماز جمعہ کے دو جگہہ مین تو حکم کیا
امامون نے واسطے پڑھنے چار رکعت ظہر کے بعد نماز ادا کرنے جمعہ کے وجوبا از راہ احتیاط
کے اور عینی شرح ہدایہ مین جوامع الفقہ سے منقول ہے کہ امام صاحب سے دو روایتین آئی ہین
ظاہر تر روایت اون سے عدم جواز کی ہے دو جگہہ مین اور اگر پڑھی مصلیون نے نماز
جمعہ کی دو جگہہ مین اون لوگون کی نماز جمعہ جائز ہوگی جنھون نے پہلے پڑھی پھر اگر دونون
جگہہ کے مصلیون نے ایک وقت مین نماز پڑھی یا معلوم نہوا کہ کسنے پہلے پڑھی تو سب کا
جمعہ فاسد ہو جائیگا اور فتاوی قاضیخان مین مرقوم ہے کہ ابو حنیفہ رح اور ابی یوسف رح کی
ایک قول مین نماز جمعہ ایک شہر کے دو جگہون مین جائز ہے اور تین جگہون مین جائز
نہین ہے اور اسیطرح پر مروی ہے امام محمد رح سے اور واسطے اسکے جواز اور عدم جواز جمعہ کا
ایک شہر کی متعدد مساجد مین فتاوی عالمگیری مین اور قاضی خان اور عینی شرح ہدایہ اور
طحطاوی حاشیہ در مختار اور کبیری شرح منیۃ المصلی اور برہان شرح مواہب الرحمن اور فتح القدیر
اور فتاوی قنیہ ان سب کتابون کی باب الجمعہ مین تفصیل اور اجمال کے ساتھ مذکور ہے
جسکو ضرورت ہو خود دیکھ لے یا علماء وقت سے پوچھ لے پس عبارات کتب فقہ سے معلوم
ہوا کہ اس مسئلہ مین چارون مجتہدین مذہب اور علماء کا اختلاف ہے اور جواز تعدد جمعہ مین
شبہہ باقی ہے پس اگر ایک جگہہ جامع مسجد مین باتفاق تمام اہل اسلام شہر کی نماز جمعہ
پڑھی جاوے تو اوسمین بہت سی خوبیان اسلام کی ہین ایک تو شبہات سے بچے اور
اختلاف سے باہر آئینگا ثواب عظیم حاصل ہوگا اور دوسرے بڑی جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کا
کتنا بڑا ثواب حاصل ہوگا ظاہر ہو تیسرے ایک جگہہ نماز جمعہ ادا کرنے مین کسقدر اتفاق اور
اتحاد باہمی درمیان مین برادران دینی کے بڑھیگا اور رونق و شوکت اسلام کی روزانہ

ترقی پذیر ہوگی پس سب دیندار بھائیون کو چاہیے کہ شوکت دین مسلمانی اور رونق اسلام کی ترقی مین دل وجان سے سعی وکوشش فرماوین ثواب بیحساب پاوین اب کوئی شخص کہے

کہ فلان شخص جامع مسجد مین جاویگا تو مین بھی جاؤنگا یہ کہنا اوسکا بموجب آیہ کریمہ من عمل صالحا فلنفسہ کے ٹھیک نہین ہے بلکہ بعد ثابت ہونے فضیلت نماز جمعہ ایک جگہ پڑھنے کے پھر اپنے جانے کو دوسرے کے جانے پر موقوف رکھنا سراسر اپنے تئین اجر وثواب سے محروم رکھنا ہے اور رونق وشوکت اسلام مین قصور وکوتاہی کرنا ہے حق تعالی ہمکو اور جمیع مسلمانونکو راہ ہدایت پر لاوے اور توفیق عمل نیک عطا فرماوے آمین یا رب العالمین حررہ الفقیر الی الرحمۃ والغفران محمد نعمان عفی عنہ اللہ المنان حامدا ومصلیا حکم اس فتوی کا فقط اس شہر ڈھاکہ کے واسطے مخصوص نہین ہے بلکہ ہر شہر کے مسلمانون کو چاہیے کہ اس فتوی پر عمل کرین اور اپنے شہر کی بڑی مسجد مین جمع ہوکر نماز جمعہ ادا کرین تمقہ دین محمد عفی عنہ

فی الواقع اگرچہ بحسب اختیار اکثر متاخرین تعدد جمعہ جائز ہے مگر اولی یہی ہے کہ ایک مقام مین اجتماع اہل اسلام ہوکر جمعہ ہوا کرے اولا اسوجہ سے کہ تعدد جمعہ کے جواز وعدم جواز مین علما سے خلاف منقول ہے جیسا کہ عبارات سابقہ سے واضح ہے اور ایسے مواقع مین رعایت خلاف اور احتیاط مستحب ہے کتب فقہیہ مثل غنیہ شرح منیہ وغیرہ مین لستحب رعایۃ مواضع الخلاف مرقوم ہے ثانیا اسوجہ سے کہ عدم تعدد مین موافقت طریقۂ قرون ثلثہ کے ہوتی ہے کیونکہ قرون نمازون مین نوبت شیوع تعدد کی نہین آئی جیسا کہ رسالۂ تعدد الجمعہ مین حافظ ابن حجر عسقلانی تحریر کرتے ہین ذکر الاثرم عن احمد انہ قال لا اعلم بلدا من بلاد المسلمین اقیمت فیہ الجمعتان فی القرن واحد من القرن الثالث نظران خیر القرون لم یقع فی زمانہم التعدد انتہی پس جو شخص باعث رفع تعدد وتقریر توحد کا ہوگا وہ ثواب عظیم پاویگا اور جو شخص محض عنادا انکار کریگا وہ محروم رہیگا حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

ماہ شعبان سنہ ۱۲۹۰ ہجری

۱۸۱

استفتا چہ میفرمایند علمای دین درین باب کہ در حاشیۂ کتب فقہ (لا یرفع یدہ جہۃ العالی وہی المسجد علیہ) در باب صلوۃ قمر بخط مرقوم ست ومعنی رفع خلافت روداده است بعض میگویند کہ خم بودہ استادہ شود وبعض قائل اند کہ بلند نساختہ شود چیزے تشیق ول الاحتمال

ناشی میشود که مصلی هر بار برای سجده چیزی را قریب روی خود میاندازد یا از ابتدای مدت تا انتها
بدست خود برداشته دارد و درین هر دو صورت خلاف قاعدهٔ احناف عمل کثیر که مبطل نماز است
وار سال بدین لازم می آید صورت اصلی که مقصود فقها است چیست بینوا توجروا فقط
الجواب وهو الموفق للصواب مراد فقها این ست که نه برداشته شود بسوی روی
او چیزے که سجده کند برو خواه خود مصلی بردارد یا غیر او نه اینکه بلند نه ساخته شود که بظاهر محصلش
نیست مگر همین که چیزے مرتفع بر زمین نهاده شود و هر چند که این مراد نوعی ظاهر است که
احتیاج بیان ندارد و سوال از ان و وقوع خلاف دران از اهل علم و عقل مستبعد مینماید اما چون
خلاف رو نمود و سوال کرده شد از تحریر وجوه آن چاره نیست پس میگوئیم که این امر ثابت است
بچند وجوه اول آنکه سید احمد طحطاوی در حاشیهٔ در مختار می نویسد قوله لا یرفع الی وجهه شیئا
كعود و وسادة وفيه اشارة الى انه لو سجد على موضوع على الارض من غير رفع لا يكره كما في القهستاني
قوله الا ان يجد حجم قوة الارض الاولى حذف حجم كما حذفه في شرح الملتقى ثم ان هذا الاستثناء لم يصادف
محلا لانه اذا رفع اليه شيئ او رفع هو لا يتاتى ان يجد قوة الارض انتهى و سيد محمد امين در حاشیهٔ
در مختار می نگارد اقول هذا محمول على ما اذا كان يحمل الى وجهه شيئا يسجد عليه بخلاف ما اذا كان موضوعا
على الارض يدل عليه ما في الذخيرة حيث نقل عن الاصل الكراهة في الاول ثم قال فان كانت
الوسادة موضوعة على الارض وكان يسجد عليها جازت صلوته فقد صح ان ام سلمة كانت تسجد
على مرفقة موضوعة بين يديها لعلة كانت بها ولم يمنعها رسول الله صلى الله عليه وسلم من ذلك و
قوله الا ان يجد قوة الارض) هذا الاستثناء مبني على ان قوله ولا يرفع الخ شامل لما اذا كان موضوعا
على الارض وهو خلاف المتبادر بل المتبادر كون المرفوع محمولا بيده او يد غيره وعليه فالاستثناء
منقطع لاختصاص ذلك بالموضوع على الارض انتهى دوم آنکه اثر عبد الله بن مسعود و ابن عمر که
از ان برین مطلوب استدلال میکنند برهمین امر دال ست طحطاوی میگوید روى ان عبد الله
ابن مسعود رضي الله عنه ما دخل على اخيه يعوده فوجده يصلي ويرفع اليه عود يسجد عليه فنزع ذلك من يد
من كان في يده وقال هذا شيئ عرض لكم به الشيطان آدم يسجد لك وروى ان ابن عمر رضي الله عنهما
راى ذلك من مريض فقال اتتخذون مع الله آلهة بحر انتهى سوم آنکه بر تقدیر اراده معنی دوم فقط ذکر

سجدہ لغو میشود کما لا یخفی علی اللبیب چہارم آنکہ بر تقدیر ارادہ معنی دوم حق عبارت این بود لا یوضع
شیء مرتفع لیسجد علیہ کما ہو الظاہر پنجم آنکہ در بعض کتب فقہ این مسئلہ بدین عبارت مرقوم ست
ولا یرفع الی وجہہ شیئا یسجد علیہ ابنصب شیئا واستبعاد آن بر تقدیر ارادہ معنی دوم خود ظاہر است
ششم آنکہ سجدہ بر شیء مرتفع موضوع بر زمین بشروط معتبرہ فقہاء بلا کراہت جائز است
بر تقدیر ارادہ معنی دوم کراہت آن لازم می آید ہفتم آنکہ رفع شیء بسوی وجہ مسئلہ است
وسجدہ بر شیء مرتفع موضوع بر زمین مسئلہ دیگر قال الطحطاوی انما ہو استثناء من مسئلۃ اخری وہو
ما اذا سجد المریض علی شیء موضوع علی الارض صح علی انہ سجود ان وجد قوۃ الارض وکان ارتفاعہ
قدر من نصف ذراع والا فہو ایماء قالہ الحلبی انتہی و بر تقدیر ارادہ معنی دوم اتحاد مسئلتین متغایرتین
لازم می آید ہشتم آنکہ رفع بمعنی وضع شیء مرتفع دیدہ نشدہ من یجوزہ فعلیہ اثباتہ بما یثبت بہ امثال
ہذا الامر و آنچہ تشقیق در معنی اول کردہ شد پس میگویم کہ اگر رافع غیر مصلی ست پس اصلا این تشقیق را
مجال نیست و اگر رافع مصلی ست پس شق اول را اختیار کنم یعنی مصلی ہر بار برای سجدہ چیزی
بسوی وجہ خود ساند و عمل کثیر بودن آن غیر مسلم ست و من یدعی فعلیہ البیان بلکہ عمل کثیر بودن
آن بر طبق بعض اقوال بدیہی البطلان ست و بر طبق بعض مظنون البطلان کما لا یخفی علی من نظر
الی کتب الفقہ واللہ اعلم وعلمہ اتم کتبہ محمد بشیر عفی عنہ

محمد بشیر العمری

الصحیح والرای النجیح ویؤیدہ ما فی منیۃ المصلی و شرحہ غنیۃ المستملی لا یرفع الی وجہہ شیئا یسجد علیہ و لو کانت
وسادۃ علی الارض فسجد علیہا جازت لکن ان کان یجد قوۃ الارض یکون صلوۃ بالرکوع والسجود والا فبالایماء
واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی
مستفتا ما علما و مصلیا ما تو لکم رحمکم اللہ ممالکت نصاری میں اگر کسی جگہہ میں جہاں کی
بستی دو چند سہ چند ہوں باوجود عدم تعدد مساجد کے مسلمین متفق ہو کر ایک شخص کو
امام جمعہ مقرر کر کے نماز جمعہ ادا کرلیوین تو موافق مذہب حضرت امام اعظم رح کے صحیح ہوگا
یا نہیں اور در صورت صحت کے ظہر احتیاطی کا پڑھنا کیسا ہے دوسرے وہ لوگ بسبب
جمعہ پڑھنے کے مستحق ثواب ہیں یا مبتدع اور آثم ہیں مثل مرتکب زنا وغیرہ کبائر کے
اور اشعار ہجو کے جنمیں سب اور دشنام جمعہ کے اور جمعہ پڑھنے والوں کے حقمیں موجود ہوں

دفون کے ساتھ گانے والون پر کیا حکم ہے اور اوس مجلس مین بیٹھنے والے اور سننے والے کیسے ہین
بینوا ببیان کاف وشاف بالاسانید من المعتبرات المعتمدات البسط والتفصیل جزاکم اللہ خیرا
ہو المصوب ایسے مقام مین کہ جسکی ابنیہ بناسی زیادہ ہون اور وہان کی بڑی مسجد وہان کے
لوگون کو وسعت نکرتی ہو جمعہ کا ادا کرنا فرض ہے گو سلطان یا نائب سلطان نہو اور منع کرنیوالے
جمعہ کے ایسے مقام مین گنہگار ہین اور اشعار ہجو کا تالیف کرنا اور پڑھنا اور سننا حرام ہے
فتاوی عالمگیریہ مین ہے لو تعذر الاستیذان من الامام فاجتمع الناس علی رجل یصلی بہم الجمعۃ جاز
کذا فی التہذیب اور بھی اوسی مین ہے بلاد علیہا ولاۃ کفار یجوز للمسلمین اقامۃ الجمعۃ فیہ ویصیر القاضی
قاضیا بتراضی المسلمین کذا فی معراج الدرایۃ انتہی اور رد المحتار مین ہے لو مات الوالی اولم یحضر
لفتنۃ اولم یوجد احد ممن لہ حق التقدم فی اقامۃ الجمعۃ نصب العامۃ لہم خطیبا للضرورۃ مع انہ لا
امیر ولا قاضی انتہی اور مجمع الفتاوی مین ہے غلب علی المسلمین ولاۃ کفار یجوز للمسلمین اقامۃ الجمع
والاعیاد انتہی اور رسائل الارکان مین ہے لم احتج علی دلیل یفید اشتراط السلطان وما فی الہدایۃ
لانہا تقام بجمع عظیم فعسی ان تقع المنازعۃ فی التقدیم والتقدم الخ لا یثبت الاشتراط لاطلاق
نصوص وجوب الجمعۃ ثم ہذہ المنازعۃ تندفع باجماع المسلمین علی تقدیم واحد کما فی جماعۃ الصلوات
عسی ان تقع المنازعۃ فی تقدیم رجل لکن تندفع باجماع المسلمین فکذا فی الجمعۃ ثم الصحابۃ اقاموا
الجمعۃ فی زمان فتنۃ بلوۃ عثمان رضی اللہ عنہ وکان ہو اماما حقا محصورا ولم یعلم انہم طلبوا الاذن
فی اقامۃ الجمعۃ بل الظاہر عدم الاذن لان ہولاء الاشقیاء من اہل الشر لم یرخصوا فی ذلک فعلم ان
اقامۃ الجمعۃ غیر مشروطۃ عندہم بالاذن ولعل لہذہ الواقعۃ رجع الشیخ عن ہذا الشرط فیما تعذر وقال
جاز ان تعذر الاستیذان فاجتمع الناس علی رجل یصلی بہم الجمعۃ جاز انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی
عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

۱۹۱
استفتا السوال الاول عن ابی ہریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من ادرک
من الصبح قبل ان تطلع الشمس فقد ادرک الصبح ومن ادرک رکعۃ من العصر قبل ان تغرب الشمس فقد ادرک العصر
الامام مالک الا ان درک الذی یصلی الی الشمس فظاہر وانہ یلتقی بذلک لیس مرادا باجماع فحملہ الجمہور علی انہ ادرک الوقت فاذا
رکعۃ اخری فقد کملت الصلوۃ وللبیہقی من ادرک رکعۃ من الصبح قبل ان تطلع الشمس فلیصل الیہا اخری وفی

ان ہی تینون [illegible]

على الطحاوي حيث خص الادراك باحتلام الصبي وتطهير الحائض واسلام الكافر ونحو ذلك واراد
بذلك نصرة مذهبه ان من طلعت عليه الشمس وهو في صلوة الصبح بطلت لاحاديث النهي عن الصلوة
عند طلوع الشمس ودعوى انها ناسخة لهذا الحديث تحتاج الى دليل اذ لا يصار الى النسخ بالاحتمال
والجمع بين الحديثين ممكن بحمل احاديث النهي على النوافل ولا شك ان تخصيصه اولى من دعوى النسخ
قال ابن عبد البر وادعى نسخ حديث الباب لانه لم يثبت فيه تعارض بحيث لا يمكن الجمع والتقديم
حديث النهي عن الصلوة عند طلوع الشمس وعند غروبها عليه الاثر محمل على التطوع قال السيوطي
وجواب الشيخ اكمل الدين في شرح المشارق عن الحنفية بحمل الحديث على ان المراد فقد ادرك ثواب
كل الصلوة باعتبار نيته لا باعتبار عمله وان معنى قوله فليتم صلوته فليات بها على وجه التمام في وقت
آخر بعيد يرده بقية طرق الحديث ه زرقاني على موطا امام مالك ملخصا در اصول فقه مقرر است
كه چون تعارض كنند دو آيت رجوع بحديث كنند ونزد تعارض دو حديث رجوع بقياس نمايند
قياس ترجيح كرده حكم اين حديث را در نماز عصر واحاديث نهي را در نماز فجر زيرا كه وقت نماز فجر همه
كامل است ونقصاني درو نيست پس واجب ميگردد بصفت كمال و چون بطلوع آفتاب نقصان طاري شد
اداى كما وجب نشد و آخر وقت نماز عصر كه آفتاب زردي گيرد ناقص است پس وجوب آن
نيز بصفت نقصان باشد پس بطريان نقصان بسبب غروب فاسد نگردد و اداى كما وجب باشد
اشعة اللمعات شرح مشكوة ما قولكم دام فضلكم فيما قال الزرقاني في شرح الموطا فيما الطحاوي الجمع بين
الحديثين ممكن بحمل احاديث النهي على النوافل انتهى وفيما قال الشيخ عبد الحق في شرح المشكوة چون
تعارض كنند دو آيت رجوع بحديث كنند ونزد تعارض دو حديث رجوع بقياس نمايند الخ ما الفتوى

ولمن يعمل عليه بينوا توجروا اجركم الله اجرا عظيما فقط

هو المصوب المعتمد المرجح ما حرره الزرقاني والله اعلم حرره الراجي عفو ربه القوي

ابو الحسنات محمد عبد الحي تجاوز الله عن ذنبه الجلي والخفي

السوال الثاني حضرتنا ومولانا ادام الله تعالى فيوضكم علينا اهل يصلي آخر الظهر بعد صلوة

الجمعة في بلدة النصارى ام لا بينوا بيانا شافيا اجركم الله تعالى اجرا كافيا

هو المصوب نعم يصلي احتياطا لا وجوبا لكن لا الان في صحة الجمعة في هذه البلاد شكا بسبب

عقد شرط السلطان تدل عليه هذه العبارات قال في العالمگيرية نقلا عن التهذيب لو تعذر
الاستيذان من الامام فاجتمع الناس على رجل يصلي بهم الجمعة جاز انتهى وفيها ايضا نقلا عن معراج
الدراية بلاد عليها ولاة كفار يجوز للمسلمين اقامة الجمعة فيها انتهى وفي رد المحتار ولو مات الوالي
اولم يحضر لفتنة ولم يوجد احد ممن له حق اقامة الجمعة نصب العامة لهم خطيبا للضرورة كما سياتي
مع انه لا امير ولا قاضي ثمه انتهى وفي فتح المنان للشيخ الدهلوي قال في الهداية لا يجوز اقامتها الا
للسلطان او لمن امره لانها تقام بجمع عظيم وقد تقع المنازعة في التقدم والتقديم فلا بد منه تتميما
لامره وظاهره يفيد الاولوية والاحتياط عقلا لا الاشتراط عدم جواز الصلاة بدونه شرعا انتهى
مختصرا وفي رسائل الاركان ولم اطلع على دليل يفيد اشتراط اذن السلطان وما في الهداية لانها تقام
بجماعة فعسى ان تقع منازعة في التقدم والتقديم لان كل انسان يطلب لنفسه تتمة فلا بد
من امر السلطان ليندفع هذه المنازعة فهذا راى لا يثبت الاشتراط المبطل لاطلاق نصوص
وجوب الجمعة على من عدا المستثنين ثم هذه المنازعة تندفع باجماع المصلين على تقديم واحد
ثم الصحابة اقاموا الجمعة في زمان فتنة البلوى امير المؤمنين عثمان رضه وكان اماما حقا محصورا و
لم يعلم انهم طلبوا الاذن في اقامة الجمعة بل الظاهر عدم الاذن لان هؤلاء الاشقياء لم يرضوا
ذلك فعلم ان اقامة الجمعة غير مشروطة عندهم بالاذن ولعل لهذه الواقعة رجع المشائخ عن
هذا الشرط فيما اذا تعذر الاستيذان وافتوا بانه ان تعذر الاستيذان من الامام فاجتمع الناس
على رجل يصلي بهم الجمعة جاز انتهى ملخصا فهذه العبارات شاهدة بان اشتراط السلطان امر
استحساني ومع فقد السلطان تجوز اقامة الجمعة بل لو وقع الاختلاف في تعريف المصر
وتعدد الجمعة قال في المحيط كل موضع وقع الشك في كونه مصرا ينبغي لهم ان يصلوا بعد الجمعة
اربعا بنية الظهر احتياطا انتهى وقال في القنية لما ابتلي اهل مرو باقامة الجمعتين فيها مع اختلاف
العلماء في جوازها امر ائمتهم بالاربع احتياطا انتهى والله اعلم حرره الراجي عفو ربه القوي
ابو الحسنات محمد عبد الحي تجاوز الله عن ذنبه الجلي والخفي [محمد عبد الحي ابو الحسنات]

السوال الخامس اجابة الاذان القولية والفعلية كلاهما واجبتان او الاولى واجبة والاخرى مستحبة بينوا توجروا
هو المصوب اولاهما واجبة على الراي الاصح وان قال قوم باستحباب اجابة اللسان كما بسطته في السعاية

فی کشف ما فی شرح الوقایۃ قال فی غنیۃ المستملی شرح منیۃ المصلی اما الاجابۃ فظاہر الخلاصۃ وفتاوی قاضیخان والتحفۃ وجوبہا وقال الحلوانی الاجابۃ بالقدم فلو اجاب بلسانہ ولم یمش الی المسجد لا یکون مجیبا ولو کان فی المسجد لیس علیہ ان یجیب باللسان وحاصلہ نفی وجوب الاجابۃ باللسان وبہ صرح جماعۃ انہا مستحبۃ انتہی وفی رد المحتار ما قالہ الحلوانی مبنی علی ما کان فی زمان السلف من صلوۃ الجماعۃ مرۃ واحدۃ وعدم تکرارہا کما ہو فی زمن النبی صلی اللہ علیہ وسلم والخلفاء وقد علمت ان تکرارہا مکروہ فی ظاہر الروایۃ الا فی روایۃ عن الامام وروایۃ عن ابی یوسف وسیاتی ان الراجح عند اہل المذہب وجوب الجماعۃ وانہ یاثم بتفویتہا اتفاقا فح یجب السعی بالقدم لان حقہ الاداء فی اول الوقت فی المسجد بل لاقامۃ الجماعۃ والا لزم فوتہا او تکرارہا فی المسجد وکلاہما مکروہ فلذا قال بوجوب الاجابۃ بالقدم لا یقال یمکن ان یجمع اہلہ فی بیتہ وانا نقول مذہب الحلوانی مبنی علی انہ لا ینال بذلک ثواب الجماعۃ وانہ یکون بدعۃ او مکروہا نعم الصحیح انہ لا تکرہ تکرار الجماعۃ اذا لم تکن علی الہیئۃ الاولی والاصح انہ لو جمع باہلہ لا یکرہ وینال بذلک فضیلۃ الجماعۃ لکن جماعۃ المسجد افضل انتہی فظہر انہ لا وجہ لوجوب الاجابۃ بالقدم والمشی الی المسجد علی الرای الصحیح الا حیث یلزم تفویت الجماعۃ او تکرارہا واما الاجابۃ اللسانیۃ فحدیث اذا سمعتم النداء فقولوا مثل ما یقول المؤذن اخرجہ البخاری ومسلم واصحاب السنن ظاہر فی وجوبہا واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا کیا فرماتے ہیں علمای دین اور مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ اگر ایک حافظ کا دست راست کہنی کے پاس سے کٹا ہے تو اوسکے پیچھے نماز مکروہ ہوگی یا نہیں اگر وہ دیگر علم میں یعنی مسئلہ وغیرہ جاننے میں اُس سے کم یا زیادہ یا برابر ہو تو ان حالتوں میں کس حالت میں نماز مکروہ ہوگی اگر ایک شخص حافظ نہیں ہے مگر مسئلہ میں آگاہی رکھتا ہے بلکہ اوس حافظ کے برابر جانتا ہے تو ایسی حالت میں اگر وہ اوس حافظ کے پیچھے نماز پڑھے تو مکروہ ہوگی یا نہیں بینوا توجروا

ہو المصوب اوس حافظ کے پیچھے نماز مکروہ نہیں واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم سوال قال بعض الناس یجب للخطیب ان یترجم الخطبۃ العربیۃ ان کان المخاطبون اعاجم لا یفہمون العربیۃ کلہم او بعضہم اذ المقصود منہا التذکیر

او الابلاغ الا الاستماع فقط حتى لم يفهموا لم يتذكروا وكان رسول الله صلى الله عليه وسلم يذكر العرب
وهم يفهمون كلامه العربي فلم يحتاجوا الى الترجمة كما يحتاج الاعاجم اليها فاحداث الترجمة في الخطبة
چاہیے یا فارسی اردو وغیرہ مین تاکہ سامعین جو عربی زبان سے واقف نہین اوسکا مطلب
سمجھ لیوین اگر کچھ عربی اور کچھ غیر عربی یعنی پڑھے اوسکا ترجمہ فارسی یا اردو مین کرے تو درست ہی یا نہین
جواب مولوی صاحب خطبہ عربی مین پڑھنا سنت موکدہ ہے اوسکو غیر عربی مین پڑھنا
یا فارسی اردو وغیرہ اوسکے ساتھ خلط کرنا نظم ہو یا نثر مکروہ ہے اور عوام کی تفہیم کیواسطے
وعظ مقرر ہے خطبہ کو طریقہ ماثورہ سے بدلنے کی کوئی ضرورت نہین تفصیل اس مسئلہ کی بیچ
رسالہ آکام النفائس مین موجود ہے جسکو شوق ہو اوسکا مطالعہ کرے **اعتراض اول**
مولوی صاحب آپ فرماتے ہین کہ اردو خطبہ پڑھنا مکروہ ہے معلوم نہین کہ یہ کہان اور کس مقام
مین لکھا ہے شرح وقایہ عربی اور کنز فارسی مین تو صاف لکھا ہے کہ درست ہے کیونکہ اسمین
قرآن نہین لیکن علاوہ مفتی میان جان احمد صاحب اپنے فتوے مین فرماتے ہین کہ بیشک
اردو خطبہ پڑھنا درست ہے بالاتفاق جب اس صورت مین مولوی صاحب آپ فرمائیے کہ
کسکو تسلیم کیا جاوے کیونکہ ایک تو پڑھنے کا حکم دیتا ہے اور ایک نہ پڑھنے کا حکم دیتا ہے
ہم بیچارے کیا عمل ہو آپ ہی خیال فرمائیے بقول شخصے (ذری سلی انی لوہین بھی آتا کانی)
اعتراض دوم مولوی صاحب جب لوگ عربی زبان سے واقف نہون تو ہندی زبان بھی
[illegible] کیون درست نہین اگر خطبہ زبان اردو مین خواہ نظم یا نثر
[illegible] درست ہوتا تو اس آیت کا نزول کیون ہوتا وما ارسلنا من رسول
[illegible] اسکو کسی دلیل قوی اور حدیث معتبر یا لسان صحابہ سے ثابت فرمائیے
[illegible] مولوی صاحب خطبہ سے مقصود کیا ہے اور خطبہ کس واسطے مقرر کیا گیا ہے

اگر خطبہ پڑھنے سے یہ مقصد ہو کر اوس سے احکام دینی کا پہنچانا ہو تو بیشک اردو مین پڑھنا
درست ہے کیونکہ زبان عربی مین پڑھنے سے یہ مقصد حاصل نہین ہوتا

ہو المصوب (جواب اعتراض اول) تمام کتب فقہ مین خطبہ پڑھنا بزبان غیر عربی
فارسی ہو یا اردو جائز لکھا ہے بعضون نے اسکو متفق علیہ امام ابو حنیفہ اور صاحبین کا
لکھا ہے اور بعضون نے عاجز عن العربیۃ کے حق مین جواز اتفاقا اور قادر علی العربیۃ کے
حق مین جواز صرف امام اعظم کے نزدیک لکھا ہے لیکن اس حکم مین اور حکم کراہت مین کچھ
منافات نہین ہے صدہا جگہہ فقہاء یجوز و یصح لکھتے ہین اور غرض اونکی نفس اجزاء و کفایت
و جواز بالمعنی الاعم ہوتی ہے نہ اباحت مطلقہ خالیہ عن الکراہۃ چند عبارات بطور نمونہ
پیش کیے جاتے ہین کہ جنسے معلوم ہو جاویگا کہ فقہاء کا صرف کسی فعل کو درست یا صحیح لکھدینا
اوسکی کراہت کی نفی نہین کرتا ہے عبد النبی بن ملا عبد القدوس گنگوہی رسالہ رد صلوۃ
قوال مین بحث تکبیر بالفارسیۃ مین لکھتے ہین لم تثبت دلیل قاطع علی اشتراط العربیۃ فی
التکبیر اذ المقصود الاصلی من التکبیر ہو التعظیم و ہو یحصل بای لغۃ کان و مع ہذا ذکر السغناقی انہ
یجوز و یکرہ عند ابی حنیفۃ انتہی اور محمد امین شامی رد المحتار علی الدر المختار مین بحث دعاء بغیر
العربیۃ مین لکھتے ہین لا یبعد ان یکون الدعاء بالفارسیۃ مکروہا تحریما فی الصلوۃ و تنزیہا خارجہا
فلیتامل و لیراجع فان الظاہر ان الصحۃ عند الامام لا تنفی الکراہۃ عندہ انتہی اور در مختار مین
کتاب البیوع مین ہے و کرہ تحریما مع الصحۃ البیع عند الاذان الاول انتہی اور حموی حاشیہ
اشباہ و النظائر مین کتاب الشرکۃ مین تحت تفصیل شرکت مع الکفار کے لکھتے ہین قال فی
البدائع یکرہ للمسلم ان یشارک الذمی و لو شارکہ شرکۃ عنان جاز لما ہو کلہ انتہی و قولہ جاز ای
صح مع الکراہۃ انتہی اور رسالہ آداب المفتیین مین مرقوم ہے قد یذکر الجائز و یراد بہ جواز نفس
الفعل بصحۃ الفعل انتہی اور بھی اوسمین دوسرے مقام مین مرقوم ہے فی النہایۃ الکراہۃ تطلق
علی الجائز و غیرہ و فی النہایۃ فی کتاب الطلاق الاباحۃ و الجواز شیئان مختلفان الا تری ان ضد
الاباحۃ الکراہۃ و ضد الجواز الحرمۃ فیقتضی تغایر الاشیاء تغایر کل ضد منہما عن الآخر الا تری
ان البیع وقت النداء جائز و لیس بمباح و ذلک لان الاباحۃ انما کانت عبارۃ عن عدم الکراہۃ

احتمل ان یکون الشیء جائزا مع الکراہۃ التی ہی ضد الاباحۃ وہذا کثیر النظیر فان جمیع صلوۃ النہی من الافعال العزیمۃ کذلک کالصوم یوم النحر وغیرہ وفی خزانۃ المفتیین طرح اللقمۃ مباح ولکن یکرہ من طریق الادب انتہی اور بھی اوسمین دوسرے مقام مین مرقوم ہے قد اطلق الجائز علی النافذ لا ضد الحرمۃ انتہی ان عبارات سے اور ایسے ہی اور عبارات فقہیہ سے صاحب علم وسیع وفہم صحیح پر مخفی نرہیگا کہ کتب فقہ مین کسی فعل پر یجوز یا یصح موجود ہونے سے اوسکی کراہت تحریمیہ کی نفی نہین ثابت ہوتی ہے پس اس بیان سے خوب واضح ہوگیا کہ خطبہ غیر عربیہ کی کراہت کا حکم مخالف اقوال فقہاء کے کسی طرح سے نہین کیونکہ مراد اونکی حکم جواز وصحت سے اس بحث مین صرف اسیقدر ہے کہ خطبہ جو نماز جمعہ کے واسطے شرط ہے وہ زبان عربی کے ساتھ مقید نہین غیر عربی مین اگر پڑھیگا تو نفس ادای شرط کیواسطے کافی ہوجائیگا اور اس سے یہ ثابت نہین ہوتا ہے کہ غیر عربی مین پڑھنا بالکلیہ مباح ہے کراہت سے بالکلیہ منزہ ہے اور وجہ کراہت ظاہر ہے کہ مواظبت نبویہ وصحابہ کے خلاف ہے پس اوسکے خلاف سنت وبدعت ہونے مین کسکو شک ہے اور خلاف سنت موکدہ اور بدعت ضالہ کا مکروہ تحریمی ہونا اصول فقہ مین مقرر ہے اگر یہ شبہ ہو کہ زمانہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وصحابہ مین تبدیل خطبے کی ضرورت نہ تھی بوجہ اسکے کہ اہل اسلام عرب تھے تو اوسکا دفع یہ ہے کہ بلاد عجم زمانہ صحابہ مین فتح ہوئی یہانتک کہ شہر کابل حضرت عثمان رضہ کے عہد مین مفتوح ہوگیا تھا جیسا کہ سنن ابو داؤد وغیرہ مین روایت اوسکی موجود ہے اور ظاہر ہے کہ ان بلاد مین صدہا بلکہ ہزارہا عجم وہ تھے کہ زبان عربی نہین سمجھتے تھے پس باینہمہ صحابہ کا تبدیل زبان خطبے کا اہتمام نکرنا دلیل مستحکم اس امر پر ہے کہ خطبہ عربی مین پڑھنا سنت موکدہ ہے اور غیر عربی مین بدعت وخلاف سنت ہے

جواب اعتراض دوم اس آیت وما ارسلنا من رسول الا بلسان قومہ کو مانحن فیہ سے کچھ تعلق نہین ہے اسوجہ سے کہ اس آیت کا مفاد اسیقدر ہے کہ ہر رسول پر جو کتاب نازل ہوئی وہ اوسی کے قوم کی زبان مین نازل ہوئی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اگرچہ بعثت آپکی عام ہے اور تمام انس وجن آپکی امت ہیں مگر اول مین گروہ آپکی عرب ہے اسیوجہ سے کتاب آپ پر بزبان عربی نازل ہوئی تفسیر بیضاوی مین مرقوم ہے وما ارسلنا من رسول الا بلسان قومہ الا بلغۃ قومہ الذی ہو منہم وبعث فیہم لیبین لہم ما امروا بہ فیفہموہ عنہ بیسر

وسرعة فهم ينقلوه ويترجموه الى غيرهم فانهم اولى الناس اليه بان يدعوهم واحق بان ينذرهم ولذلك
امر النبي صلى الله عليه وسلم بانذار عشيرته اولا ولو نزل على من بعث الى امم مختلفة كتب على السنتهم استقل
ذلك بنوع من الاعجاز ولكن ادى ذلك الى اختلاف الكلمة واضاعة فضل الاجتهاد في تعلم الالفاظ
ومعانيها والعلوم المتشعبة منها انتهى اور تفسير ابن كثير مین مرقوم ہے فقد قيل في هذه الآية اشكال
لان النبي صلى الله عليه وسلم ارسل الى الناس جميعا بل الى الجن والانس ولغاتهم متباينة والسنتهم
مختلفة واجيب بانه وان كان مرسلا الى الثقلين لكن انما كان قومه العرب وكان اخص به
واقرب اليه كان ارساله بلسانهم اولى من ارساله بلسان غيرهم وهم يبينونه لمن كان على غير لسانهم
ونحوه انتهى اور اسیطرح اور تفاسیر معتبرہ مین موجود ہے اور اگر قوم سے اس آیت مین مطلق
امت مراد لیجاوے جیسا کہ بعض مفسرون کی رای ہے پس باوجود اسکے کہ وہ قول ضعیف ہے اگر
ثابت ہوگا اس سے تو اسیقدر ثابت ہوگا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ہر زبان پر قدرت تھی
اور ہر گروہ کو آپ اوسکی زبان مین سمجھا سکتے تھے اور اس سے یہ نہین ثابت ہوتا ہے کہ جو اذکار
وشعائر اسلام کے ہین مثل اوسکے خطبہ بھی ہے زبان عربی مین منقول ہوئی اوسکی تغییر اور لوگون کو
جائز ہو اور سنو اگر ایسی ہی تغییر کا جواز ہو تو پہلے قرآن کی تغییر لازم ہوگی اسوجہ سے کہ مقصود اوسکے انزال سے
ہدایت عامہ ہے پس لازم آتا ہے کہ اوسکا ترجمہ پڑھنا نماز مین درست ہوجاوے **جواب**
اعتراض سوم مقصود اصلی خطبہ جمعہ وغیرہ سے نفس ذکر الہی ہے نہ تعلیم احکام دینیہ اسوجہ سے
قرآن پاک مین ارشاد ہوا ہے اذا نودی للصلوة من یوم الجمعة فاسعوا الى ذكر الله اور ہدایہ
و در مختار بلکہ تمام کتب فقہ مین بحث خطبہ مین وکفت تحمیدة او تهلیلة او تسبیحة موجود ہے کہ جس سے
ثابت ہوتا ہے کہ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک اگر خطبہ صرف سبحان اللہ یا الحمد للہ یا لا الہ الا اللہ وغیرہ
کو ادا کریگا کافی ہوگا مگر کراہت لازم ہوگی اور صاحبین کے نزدیک لابد من ذکر طویل تفصیل اسکی
جسکو شوق ہو وہ در مختار و ہدایہ اور اوسکے حواشی مین مطالعہ کرے پس اگر مقصود اصلی خطبہ مین
تعلیم احکام دینیہ و تبیین احکام شرعیہ ہوتا تو صرف ادنی ذکر یا مجرد ذکر طویل سے کیونکر خطبہ ادا ہوجاتا
اور اللہ تعالی صرف الی ذکر اللہ کے لفظ پر کیون کفایت فرماتا پس ظاہر ہے کہ اگر کوئی واعظ و ناصح
بغرض وعظ و امر بالمعروف و نہی عن المنکر منبر پر چڑھے اور صرف ذکر کرکے اوتر آوے کوئی اوسکو

واعظ ذکر کیگا اور اسکے ذکر و فکر کو اگرچہ طویل ہو کوئی شخص حفظ نہ سمجھے گا اور اسیوجہ سے فقہا
خطبہ میں تعلیم احکام دینیہ کو مندوب لکھتے ہیں جیسے ذکر خلفاء راشدین و دعاء و منقبت صحابہ وغیرہم
بغیر خطبہ خلاصہ یہ ہے کہ مقصود اصلی جہاں تعلیم احکام ہو وہاں عالم کو زبان متعلمین میں تعلیم کرنا درست
ہوگا اور خطبہ کا اصل مقصود ذکر ہے اور وہ زمان آنحضرت و صحابہ و تابعین وغیرہم میں بزبان
عربی ثابت ہے اور باوجود ضرورت و احتیاج کے کسی سے اسکی تغییر منقول نہیں ہے پس خطبہ
پڑھنا غیر عربی میں بالضرورت بدعت و خلاف سنت موکدہ و مکروہ ہوگا اور جو شخص اسکے عدم
کراہت کا مدعی ہو اوسپر لازم ہے کہ کوئی دلیل معتد بہا اسکی بیان کرے اور استناد اوسکا فقہا کے
قول یجوز یا یصح وغیرہ سے محض لغو ہے واللہ اعلم وعلمہ احکم حررہ الراجی عفو ربہ القوی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتاء کتب ذلک سنہ ۱۳۰۳ھ فی لکھنؤ فی مجالس الابرار فی صفۃ صلوۃ العید اذا دخل
وقت الصلوۃ صلی الامام بالناس رکعتین بلا اذان و اقامۃ یکبر اولا للافتتاح ثم یضع یدیہ تحت
سرتہ ثم یثنی ثم یکبر ثلث تکبیرات یفصل بین کل تکبیرتین بقدر ثلث تسبیحات لانہا تقام بجمع عظیم
و بالموالات یشتبہ علی من کان بعیدا و یرفع یدیہ عند کل تکبیرۃ و یرسلہما فی اثنائہن ثم یضعہما تحت سرتہ
بعد الثالثۃ و یتعوذ و یسمی و یقرء الفاتحۃ و سورۃ ثم یکبر و یرکع فاذا قام الی الرکعۃ الثانیۃ یبدأ
بالقراءۃ ثم یکبر بعدہا ثلثا یفصل بینہن بقدر ما ذکرنا و یرفع یدیہ و یرسلہما عند کل تکبیرۃ لیس
ہہنا وضع ثم یکبر و یرکع انتہی فقط یقول عبیدہ العاصی بانواع المعاصی ابو الحسنات
اللکنوی محمد عبد الحی الانصاری الایوبی الحنفی احیی اللہ قلبہ بالعلم الخفی والجلی قد کنت
سئلت مرارا فی حکم وضع الید بعد التکبیرۃ الثالثۃ من التکبیرات الزوائد فی الرکعۃ الثانیۃ من صلوۃ
العیدین ان ہل ہناک وضع ام ارسال و قد شاع الخلاف عند علماء زماننا فلم یات احد منہم بما یشفی
العلیل و یروی الغلیل الی ان اطلعت علی ہذہ العبارۃ فی مجالس الابرار فحمدت اللہ علی ذلک
لوجود التصریح فیہا ان لا وضع ہناک و قد کان ہذا عندی بدلیل قوی و ہو ان القیام الذی
بعد التکبیر الثالث فی الرکعۃ الثانیۃ قیام لیس فیہ ذکر مسنون و کل قیام لیس فیہ ذکر مسنون ففیہ
الارسال فہذا القیام ایضا فیہ الارسال لا القصری فلما ذکروہ انہ لم ینقل عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وعلى آله وسلم وعن اصحابه ذلك قال العلامة الهمام ابن الهمام في فتح القدير ليس بين تكبيرات
العيدين ذكر مسنون عندنا لانه لم ينقل انتهى وقال العلامة بدر الدين العيني في النهاية شرح الهداية
يرسل بين تكبيرات العيدين والمراد بها التكبيرات الزوائد التي لا ذكر فيما بينها ولا قراءة فيخلي يديه
عنها باتفاق علمائنا الثلاثة ولا ذكر بين التكبيرات ذكر مسنون ولا مستحب لانه لم ينقل وبه قال محمد وقال
الكرخي التسبيح اولى ذكره في القنية وقال الشافعي يحمد ويهلل بين تكبيرتين انتهى اقول عدم سنية ذكر فيما
بينهما لا ريب فيه واما عدم استحبابه كما ذكره العيني فلا يكاد يصح وعدم النقل لا يدل على الاستحباب
بل على عدم السنية فقط والله اعلم واما الكبرى فقد صرحوا بها في مواضع وفرعوا عليها تفريعات شتى
واستثنوا منها القومة فانه مع كون الذكر فيها مسنونا صرحوا بارسال اليد فيها قال في جامع المضمرات
المصلي اذا احرم الصلوة ورفع يديه لا يرسلهما بل يضع لان هذا قيام ليس فيه ذكر مسنون وكذا في القنوت
وصلوة الجنازة يضع اليمنى على اليسرى وكذا كل قيام فيه ذكر مسنون فالمختار فيه الوضع وما بين الركوع
والسجود مختار فيه الارسال انتهى وفي النقاية وشرحها جامع الرموز ويرسل عند التحميد خلافا فالاصح
المصلي في قومة الركوع وتكبيرات العيدين وفيه دلالة على ان ليس فيهما ذكر مسنون انتهى وقال البرجندي
في شرحها ويرسل في قومة الركوع كانه استثناء مما تقدم فان فيها ذكرا مسنونا ومع ذلك سن
فيها الارسال وقيل ان الذكر الذي فيها سنة الانتقال لا سنة القومة وبين تكبيرات العيدين اي فيما بينهما
انما ذكرها في حيز الاستثناء مع انه ليس فيها ذكر مسنون على ما هو المختار اشارة الى ما ذكره صاحب المنية
عن بعض الائمة انه قال التسبيح بين تكبيرات العيدين اولى انتهى واذ قد ثبتت الصغرى والكبرى بتصريحهم
لا مرية في صدق النتيجة بالشكل الاول الذي هو بين الاشكال فلو قلنا بسنية الوضع بينهما كان خرقا للكلية
الكلية المصرح في كلامهم فليعول على الارسال والتوكل على العزيز المتعال هذا ما خطر بالبال والله اعلم بحقيقة الحال

استفتا چه میفرمایند علمای دین و مفتیان شرع متین اندرین مسئله که رفع یدین در دعا
بعد ادای نماز کرده می شود چنانکه معمول ائمه دیارهست از احادیث قولیه یا فعلیه ثابت هست
یا نه هر چند که فقها این را مستحسن می نویسند و احادیث در مطلق رفع یدین در دعا نیز وارد اند
لیکن درین خصوص هم حدیثی وارد است یا نه بینوا توجروا
هو المصوب درین خصوص نیز حدیثی وارد است چنانچه حافظ ابو بکر احمد بن محمد

ابن اسحاق بن السنی در کتاب عمل الیوم واللیلۃ می نویسد حدثنی احمد بن الحسن حدثنا ابو ہمام
یعقوب بن خالد بن یزید البالسی حدثنا عبد العزیز بن عبد الرحمن القرشی عن خصیف عن انس
عن النبی صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم انہ قال ما من عبد یبسط کفیہ فی دبر کل صلوۃ ثم یقول اللہم
الٰہی واٰلہ ابراہیم واسحق ویعقوب واٰلہ جبرئیل ومیکائیل واسرافیل اسئلک ان تستجیب
دعوتی فانی مضطر وتعصمنی فی دینی فانی مبتلی وتنالنی برحمتک فانی مذنب وتنفی عن الفقر
فانی متمسکن الا کان حقا علی اللہ عزوجل ان لا یرد یدیہ خائبتین اگر گفتہ شود کہ در سند
این روایت عبد العزیز بن عبد الرحمن ست وآن متکلم فیہ ست چنانچہ در میزان الاعتدال
وغیرہ مصرح است گفتہ خواہد شد کہ حدیث ضعیف برای اثبات استحباب کافی ست چنانچہ
ابن ہمام در فتح القدیر در کتاب الجنائز می نویسد والاستحباب یثبت بالضعیف غیر الموضوع انتہی واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

مسئلہ

استفتا بعونہ تعالی کیا ارشاد فرماتے ہیں محققین علمای شریعت محمدیہ اس صورت میں
کہ ایک شخص کو ایام سرما میں بوقت صبح کے آب سرد سے غسل کرنا ضرر کرتا ہے اور پانی گرم کرنا
فوت کرتا ہے وقت نماز کو اس وجہ سے کہ وہ شخص اتنی رات سے نہیں بیدار ہوتا ہے کہ پانی
گرم کرے اور غسل کرے اور پھر وقت نماز کا باقی رہے یا اس وجہ سے کہ اوس وقت لکڑیاں بوجہ
بند ہونے دوکان کے نہیں ملسکتیں یا قیمت اوسکے پاس نہیں ہے کہ لکڑیاں خرید کرے
پس ان وجوہات سے اگر اس وقت تیمم غسل کا کرے اور وضو کرکے نماز صبح ادا کرے اور دن چڑھے
خوب نہیں غسل کرے تو نماز صبح ادا ہو جاویگی یا نہ اور بعد غسل کرنے کے اعادہ کرے یا نہیں
اور اوس وقت غسل کے عوض تیمم کرکے نماز صبح ادا کرنا بہتر ہوگا یا قضا کرنا بہتر ہوگا کہ دن چڑھے
جب غسل کرے جبھی پڑھے بحوالہ کتاب تحریر فرمائیے بینوا توجروا

ہو المصوب ایسی صورت میں تیمم کرکے نماز پڑھ لے اور پھر اعادہ ضرور نہیں دن چڑھے
غسل کرنا ضرور ہوگا واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی
تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

مسئلہ ۲۱۵

استفتا کیا ارشاد ہے علمای دین کا اس مسئلہ میں کہ ایک مسجد ہے جسکا صحن ہاتھ

طول مین اور عرض بھی اسیقدر ہے اوسمین نماز ہوتی ہے اور دو خواہ تین قبرین درمیان مسجد میں
یعنی چار یا پانچ صف کے بعد اوسکے صحن مین ہین تو جسکے روبرو وہ قبرین پڑینگی اوس صف کی
نماز درست ہوگی یا نہین یا اوسمین مقابل امام کا لیا جاویگا مقتدی کے آگے ہو یا نہو یعنی جب
امام کے آگے قبرین پڑینگی تب نماز مکروہ ہوگی اور مقتدی کے آگے قبرین ہون تو کچھ نقصان
نہین بینوا بسند الکتاب توجروا من اللہ الوہاب

ہو المصوب جس مقتدی کے آگے وہ قبرین پڑینگی یا اوسکے داہنے بائین اوسکی نماز مکروہ ہوگی واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی | محمد عبد الحی ابو الحسنات

الجواب صحیح کتبہ المسکین محمد ادریس عفا اللہ عنہ | محمد ادریس

۲۱۶

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین و مفتیان شرع متین اس مقدمہ مین کہ مسمی
ایک شخص حافظ قرآن مجید ہے لیکن ہاتھ پیر سے بحدے معذور ہے کہ بول و براز بیٹھکر نہین کر سکتا
ناچار بول کھڑے ہو کر کرتا ہے اور براز کی حالت مین سرین کو کھڈی پر رکھکر اور پیرونکو پھیلا کر
بیٹھتا ہے اور ڈھیلہ صرف براز مین لیسکتا ہے اور استنجا ڈھیلہ کا لو خ سے نہین ہو سکتا ہے اور آبدست
فقط ایک اونگلی کے گوشے سے کرسکتا ہے اور وضو و تیمم خود نہین کرسکتا ہے بلکہ مسح سر کو اسطے
ہاتھ سر تک نہین اوٹھا سکتا اور دونون پیر اوتر کی جانب کشادہ کرکے بیٹھے ہوئے نماز پڑھتا ہے
اور اگر کوئی وضو کرا دے تو بغیر مسح ہو سکتا ہے اگر وہ شخص نماز تراویح مین قرآن سنانے کیواسطے
اور فریضہ پنجگانہ و عیدین و جمعہ کو امامت کرے تو عند الشرع درست ہے یا نہین بینوا توجروا

ہو **الموفق** ایسے شخص کی امامت مکروہ ہے جیسا کہ رد المحتار معروف بہ فتاوی شامی مین
مرقوم ہے وکذا اعرج یقوم ببعض قدمہ فالاقتداء بغیرہ اولی تاتارخانیہ وکذا اجذم برجندی
ومجبوب وحاقن ومن لہ ید واحدۃ فتاوی الصوفیہ عن التحفۃ والظاہر ان العلۃ النفرۃ ولذا قید
الابرص بالشیوع لیکون ظاہرا ولعدم امکان اکمال الطہارۃ ایضا فی المفلوج والاقطع والمجبوب
ولکراہۃ صلوۃ الحاقن ای بجل ونحوہ انتہی واللہ اعلم حررہ محمد حنیف عبد الباسط انصاری غفر لہ اللہ الباری

محمد حنیف عبد الباسط انصاری | الجواب صحیح نمقہ محمد ادریس عفی عنہ | الجواب صحیح حسبنا اللہ...

عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی | محمد عبد الحی ابو الحسنات

الجواب صحیح نمقه خادم اولیاء الله الکریم محمد ابراهیم غفر له الله الرحیم ابن مولانا علی محمد مرحوم [محمد ابراهیم]

استفتا چه میفرمایند علمای دین و مفتیان شرع متین که اگر حافظی بختین رمضان مبارک بمسجدی در سنت تراویح ختم قرآن مجید کرده در مسجد دیگر که هنوز مصلیان آنجا ختم نشنیده اند ختم دیگر آغاز نمود درین صورت امام احراز فضیلت میکند و سنت موکده ختم از ذمهٔ او ساقط شده در بر گردن این مقتدیان باقی ست کما فی العالمگیریه السنة فی التراویح انما هو الختم مرة والختم مرتین پس بجهت اقتدای اعلی بادنی بقیاس عدم جواز اقتدای متفرض به متنفل سنت موکده این مقتدیان ادا نمی شود یا بوجه آنکه در متنفل و متفرض تباین ذواتی ست و در صورت مسئله متحد ذات و تخالف صفات است لهذا بران قیاس کردن قیاس مع الفارق می باشد چه تراویح در همه لیالی رمضان خود سنت موکده است چنانکه در فتاوی عالمگیری تصریح بآن واقع شد لو حصل الختم اللیلة التاسع عشر او الحادی عشر من لا تترک التراویح فی بقیة الشهر لانها سنة موکدة کما فی الجوهرة النیرة درین حالت امام و مقتدی هر دو نماز سنت میخوانند چرا که ختم امام فضیلت است و بر مقتدی سنت پس بقیاس جواز اقتدای قائم بقاعد با وصف اولیت قیام بر قعود کما فی فتاوی قاضیخان قال البعض یصح اقتداء القائم بالقاعد فی التراویح عند الکل وهو الصحیح سنت موکده ختم این مقتدیان

ادا خواهد شد یا نه بینوا توجروا

۱۲۶۸ه

هو الموفق ختم این مقتدیان ادا خواهد شد والله اعلم بالصواب وعنده ام الکتاب کتبه ابو الاحیاء محمد نعیم عفی عنه

هو المصوب فقها اختلاف دارند درینکه بعد یک ختم آیا سنیت تراویح باقی می ماند یا نه بعد ختم ماسوای سنیت باقی نماند چه مشروعیت تراویح نیست مگر برای ختم پس هرگاه یک ختم تمام شد سنیت تراویح باقی نماند لیکن مفتی به و مختار محققین این است که تراویح سنت ست علیحده خود و ختم علیحده [illegible] از یکدیگر [illegible] پس بعد ختم سنیت تراویح باقی خواهد ماند چنانکه بر قول اول [illegible] سوال [illegible] از ذمهٔ مقتدیان ساقط خواهد شد بلکه ایشان اگر در عشرهٔ اول تراویح ختم کرده [illegible] تراویح [illegible] سنت باقی مانده اقتدای شان بچنین امام [illegible] فراغت [illegible] خواهد شد [illegible] جواز اقتداء المعتوی بالضعیف و [illegible]

ختما [illegible] التراویح [illegible] السنة فی التراویح مرة والختم ثانیا بخیرها القوم الذی لا یحتولون

لا یخرج ہذا القول الثانی عن السنیۃ لان الامام خرج من السنیۃ فصار لہ نفلا فیدرک ثواب
صلوٰۃ النفل ولا یدرک ثواب صلوٰۃ التراویح وفی رسالۃ مولانا حسام الدین الیمانی فی مسائل
التراویح فان قلت ما القول فی امام ختم فی التراویح مرۃ ثم شرع فی الختم ثانیا ہل یجوز الاقتداء
لمن لم یسمع الختم ولو اقتدی بہ ہل یکون ہذا الختم محسوبا قلت کانت ہذہ المسألۃ دائرۃ فی مجلس
اساتذۃ الرملی زمانا طویلا فقال بعضہم لا یجوز لانہ بناء القوی علی الضعیف اذ ختم التراویح
للمقتدی سنۃ موکدۃ ولم یبق فی حق الامام سنۃ موکدۃ بل صار فی حقہ تطوعا والسنۃ
اقوی حالا من التطوع وقاسوہ علی اقتداء المفترض بالمتنفل وقال بعضہم یجوز وقد روی
بعض اہل العلم من کبر الفتاوی رجل ام قوما فی التراویح وختم فیہا ثم ام قوما آخرین لہ ثواب الفضیلۃ
ولہم ثواب الختم وہذا الکتاب غیر مشہور بین العلماء فلا وثوق بہ مع انہ لا یفہم منہ سقوط سنۃ الختم عن الثانی
کلامہ و بر قول ثانی اگرچہ تراویح از ذمہ مقتدیان ساقط خواہد شد چہ در سنیت تراویح امام و مقتدی
ہر دو برابر اند لیکن در سقوط ختم اشکالی ست چہ فقہا در باب اقتداء ضعف نماز امام را اگرچہ بدو یک گونہ امر
باشد مانع اقتدا می نویسند چنانچہ در درمختار وغیرہ مذکور ست اما اقتداء المسافر بالمقیم فیصح فی
الوقت ویتم لا بعدہ فیما یتغیر لانہ اقتداء المفترض بالمتنفل فی حق القعدۃ لو اقتدی فی الاولیین
او القراءۃ لو فی الاخریین انتہی درین صورت با وجودیکہ امام و مقتدی ہر دو تحریمہ فرض بستہ
بسبب ضعف یک جزء از اجزاء نماز امام حکم بفساد اقتداء دادہ شد پس بناء علیہ در صورت سوال
ہم حکم بعدم سقوط ختم از مقتدیان دادہ خواہد شد و ہمین امر از عبارت سغناقی کہ از خزانۃ النقل نقل شد
مفہوم است ہرگاہ در باب سقوط ختم وعدم آن اختلافی واقع شد پس امام را لازم ست کہ ختم
ثانی را مع تراویح بر خود نذر کردہ گیرد و گوید للہ علی ان اختم القرآن فی صلوٰۃ التراویح تا ختم او
واجب شود و اقتدای مقتدیان درست شود چنانچہ در خزانۃ الروایۃ تصریح آن مذکور است

واللہ اعلم علمہ اتم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

مستفتا چہ میفرمایند علمای دین درین مسئلہ کہ بعد ادای [illegible]
الدعوات الماثورۃ [illegible] اقتدا این مستحب است یا بدعت یا گناہ صغیرہ یا کبیرہ یا مکروہ تحریمی یا تنزیہی
[illegible] قرات دعا بعد خطبہ جمعہ [illegible] واللہ اعلم حررہ الراجی

عفور ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی [محمد عبد الحی ابو الحسنات]

۲۱۹ استفتا کیا فتوی ہے علمای دین کا اس مسئلہ مین کہ کسی قصبہ کی ایک مسجد مین ایک حافظ قوم عصار نماز جمعہ یا نماز پنجگانہ مین امامت کرتا ہے اور اوس قصبہ مین سوای حافظ مذکور کے کوئی اور حافظ شریف القوم نہین ہے مگر بعض شرفا غیر حافظ ایسے ہین کہ امامت کر سکتے ہین اور اس حافظ عصار کی امامت سے اکثر مقتدی متنفر ہین اس صورت مین حافظ عصار کو امام بنانا چاہیے یا کسی شریف غیر حافظ قابل امامت کو۔

ہو المصوب جو انمین مسائل شرعیہ متعلقہ نماز وغیرہ زیادہ جانتا ہو اوسکی امامت اولی ہے گو حافظ قرآن نہو واللہ اعلم حررہ الراجی عفور ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی [محمد عبد الحی ابو الحسنات]

۲۲۰ استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ اگر کسی شخص کو بعذر نماز مین کھانسی آوے تو وہ شخص کھانسے یا نہین اور کھانسنا اوسکا شرعا جائز ہے یا مفسد نماز ہے اور امامت نماز مین بدون عمامہ ٹوپی سے درست ہے یا نہین بینوا توجروا

ہو المصوب کھانسنا نماز مین بعذر جائز ہے اور بغیر عذر کے مفسد ہے جیسا کہ کتب فقہ مین مفسدات صلوۃ مین والتنحنح بلا عذر مرقوم ہے اور مستحب نماز مین یہ ہے کہ عمامہ کے ساتھ ہو اور بغیر عمامہ کے بھی امامت درست ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفور ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی . [محمد عبد الحی ابو الحسنات]

۲۲۱ استفتا چہ میفرمایند علمای دین اندرین مسئلہ کہ زید بنابر خواندن نماز مغرب یا عشا امام گردید و عمرو و خالد وغیرہ مقتدی شدند پس زید نیت نماز بست و مقتدیان ہم نیت کردند زید چون آغاز نماز کرد اولا الحمد للہ خواند و ارأیت الذی خواند و باز در رکعت دویمی الحمد للہ والم ترکیف خواند یا مثلا در اول الحمد للہ و قل ہو اللہ خواند و در ثانی الحمد للہ و انا اعطینا خواند پس این آیتہا کہ از سلسلہ نخوانده شد ند آیا بحجت نماز شد یا بنطور خواندن در نماز جائز ہست یا نہ

ہو المصوب در صورت اول اگر عمدا کردہ است نماز مکروہ خواہد شد و در صورت ثانی کراہتی نیست در خلاصہ می آرد والجمع بین سورتین بینہما سورۃ واحدۃ فی رکعتین یکرہ وان کانت السورۃ طویلۃ لایکرہ کما اذا کانت بینہما سورتان قصیرتان وان قرء فی رکعۃ واحدۃ سورۃ وفی اخری سورۃ

بعد قرأت فاتحہ سہوا

اخری فوق تلک السورة فهو مکروه الا اذا وقع ذلک من غیر قصد

عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی و الخفی واللہ اعلم حررہ الراجی

۲۲۲ ۹۲ استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ مسجد مین جماعت ثانیہ مین اقامت دوبارہ کہنا چاہیے

ہو المصوب کہنا چاہیے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات

محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی و الخفی [محمد عبد الحی ابو الحسنات]

۲۲۳ ۹۳ استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ اگر کوئی شخص کسی روز بوجہ کسی عذر لائقہ یا غیر لائقہ کے یا سہوا نماز فجر وغیرہ نہ پڑھے اور نماز عشا و تراویح وغیرہ پڑھے تو نماز عشا اور تراویح اوسکی درست ہوتی ہے یا نہین عوام کہتے ہین نہین ہوتی ہے پس از روی شرع کیا حکم ہے

ہو المصوب اگر وہ شخص صاحب ترتیب ہے یعنی اوسکی پانچ نمازین کبھی قضا نہین ہوئین اور اگر ہوئین تو وہ اونکو قبل وقتیہ کے ادا کر رہا ایسے شخص کے ذمہ پر جب تک قضا ایک نماز کی باقی رہے کہ عمدا اوسکو چھوڑ دیا ہے ادا اوسکی نہ درست ہوگی جبتک کہ اوس قضا کو نہ پڑھ لے اور اگر وہ شخص صاحب ترتیب نہین ہے تو اوسکی نماز ادا باوجود باقی رہنے قضا کے درست ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات

محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی و الخفی [محمد عبد الحی ابو الحسنات]

۲۲۴ ۹۴ استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ اگر کوئی امام جمعہ مین پہلا خطبہ موافق شرع کے تمام کر کے دوسرا خطبہ شروع کرے اور بعد ختم نام صحابہ کرام کے زینہ اول پر امام اوتر آوے اور کچھ کلمات خطبہ داہنی جانب منھ پھیر کے اور کچھ بائین جانب منھ پھیر کے پڑھے پھر زینہ دوم پر کھڑا ہو کر جہان خطبہ اول پڑھا تھا خطبہ تمام کرے تو یہ امر اہل سنت کے نزدیک کیسا ہے

ہو المصوب یہ امر بدعت ہے اور اسکا چھوڑنا ضروری ہے تصریح اسکی رد المحتار حاشیہ در مختار وغیرہ مین موجود ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی و الخفی [محمد عبد الحی ابو الحسنات]

۲۲۵ ۹۵ استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ جو امام عیدگاہ مین نماز پڑھانے جاوے اور بعد ختم نماز کے جب امام خطبہ شروع کرے تب لوگ ایک ایک دو دو ہو کر جاوین اور کوئی امام صاحب کو روپیہ دے اور کوئی امام صاحب کے کاندھے پر دوپٹہ ڈالے

جو سر پر پگڑی لپیٹے درمیان خطبہ کے یہ امور درست ہین یا نہین

اور کوئی عبا پہنا ہوے یا وہین کی خطبہ کے ان امور سے اجتناب ضروری ہے واللہ اعلم حررہ الراجی

| محمد عبد الحی ابو الحسنات |

هو المصوب الی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

٢٢٦ استفتا کیا فرماتے ہین علماے دین اس مسئلہ مین کہ زمانۂ قدیم سے بلاد ہندوستان

مین حرف ض بہ دال پڑھا جاتا ہے اور زمانۂ حال مین اکثر لوگ حرف ض کو مشابہ ظ کے

پڑھتے ہین اور کہتے ہین کہ جو کوئی ہماری طرح نہین پڑھتا وہ خطا پر ہے اب دریافت طلب

یہ امر ہے کہ حق اور صحیح نزدیک فقہ اور قراء قدیم اور دستور اہل عرب کا کیا ہے اور آپ صاحب کسطرح پڑھتے ہین

هو المصوب حرف ض مناسب اور مشابہ ہے ساتھ ظ کے اور دال سے بہت بعید ہے

اور مخرج ضاد کا مغایر ہے مخرج ظ و ز و ذ کے حتی الوسع چاہیے کہ اصلی مخرج سے نکالا جاوے

اور اگر دشوار ہو تو قریب ظا یا ز کے پڑھنا بہتر ہے نہ قریب دال کے ہکذا فی کتب الفقہ واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

| محمد عبد الحی ابو الحسنات |

٢٢٧ استفتا کیا فرماتے ہین علماے دین اس مسئلہ مین کہ زید دوسری رکعت مین سہواً

التحیات پڑھکر درود شریف پڑھنے لگا تھوڑا سا پڑھا تھا کہ اوسکو یاد آگیا اور کھڑا ہو گیا ایسی حالت مین

سجدہ سہو کا زید پر واجب ہوا یا نہین اگر ہوا اور زید ناواقف ہے اوسنے سجدہ نہین کیا تو اوسکی

نماز ہوئی یا نہین بینوا بالکتاب توجروا یوم الحساب

هو المصوب حنفیہ کے نزدیک دوسری رکعت کے قعدہ مین درود پڑھنے سے کہ

موجب تاخیر قیام ہوتا ہے سجدہ سہو واجب ہوتا ہے جب بقدر اللہم صل علی محمد کے پڑھے

اور بعضون کے نزدیک جب اللہم صل علی محمد و علی آل محمد پڑھے زیلعی نے اولی کو

ترجیح دی ہے حیث قال الاصح وجوبہ باللہم صل علی محمد اور رملی نے ثانی کو ترجیح دی ہے

حیث قال ینبغی ترجیح ما قالہ القاضی الامام انہ لا یجب الا بقولہ و علی آل محمد کذا فی الدر المختار ورد المحتار

اور جس شخص نے سجدہ سہو ترک کر دیا اوسپر اعادہ اوس نماز کا واجب ہے واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

| محمد عبد الحی ابو الحسنات |

٢٢٨ استفتا ایک شخص کبھی نماز نہین پڑھتا ... سے نماز نہین پڑھتا ہے

اور ایک شخص مقیم ہمیشہ نماز پڑھتا ہے اور مسئلہ دانی اور قراءت اور عمر میں برابر ہیں تو ان میں
کس کی امامت جائز ہے اور کون کس کے پیچھے نماز پڑھ سکتا ہے

هو المصوب جو شخص ہمیشہ نماز پڑھتا ہے وہی قابل امامت ہے تنویر الابصار اور درمختار میں ہے الاحق بالامامة الاعلم باحکام الصلوة ثم الاحسن تلاوة وتجویدا للقراءة ثم الاورع ای الاکثر اتقاء للشبہات والتقوی اتقاء المحرمات انتہی ملخصا واللہ اعلم حررہ الراجی

عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی [محمد عبد الحی ابو الحسنات]

٢٩ ٩٩ استفتا کیا فرماتے ہیں علمای دین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص بارہا اپنے لڑکے کو نماز کے لیے تاکید کرتا ہے لیکن وہ نہیں سنتا ہے پس ایسے لڑکے کو حسب شرع دور کرنا چاہیے یا بسبب محبت کے رکھنا چاہیے اور بسبب پیار کے رکھے بھی تو وہ شخص اپنے لڑکے
بے نمازی کے لیے ماخوذ ہوگا یا نہیں

هو المصوب اگر ایسے لڑکے کو باقتضای محبت پدری رکھیگا تو بعد اسکے کہ وہ بقدر طاقت خود نصیحت کرتا جاتا ہے ماخوذ نہوگا واللہ اعلم حررہ محمد عبد الحی

عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی [محمد عبد الحی ابو الحسنات]

٢٧ ١٠٠ استفتا سوال جو شخص حدیث شریف صحیح مسلم کی روایتیں یعنی جو حدیث صحیح مسلم میں مروی ہے یہ شبہہ کرے کہ یہ راوی مسلم عاقل تھے یا نہیں حالانکہ علمای دین پر یہ امر ظاہر کہ وہ نہیں سے اصحاب قرون ثلاثہ واکابر ائمہ ہدی ہیں محدثین سے اکثر کے اوصاف بالخصوص یا بالعموم احادیث سے ثابت ہیں اور اوس شخص کو انکی بزرگی کتب رجال وغیرہ سے
دکھائی بھی گئی پس بسبب اس شبہہ کے اوسپر کیا حکم ہوگا

هو المصوب ایسا شخص جو رواة صحیح مسلم میں شبہہ کرے کہ وہ عاقل تھے یا نہیں وہ شخص یا تو محض جاہل ہے فنون حدیث واسماء رجال سے مطلقا واقفیت نہیں رکھتا ہے یا معاند اور گمراہ ہے ائمہ حدیث نے اس امر پر اتفاق کیا ہے کہ اصح الکتب بعد کتاب اللہ صحیح بخاری پھر صحیح مسلم ہے اور اس امر پر کہ رواة صحیحین سب کے سب قابل قبول اور جامع شرائط قبول ہیں بجز چند رواة بخاری ومسلم کے کہ اونپر دارقطنی وغیرہ نے جرح کی ہے لیکن اکثر ان جرحوں کا دفع

شراح حدیث نے خصوصا حافظ ابن حجر عسقلانی نے مقدمہ فتح الباری میں کردیا ہے
ملا علی قاری شرح شرح نخبۃ الفکر میں لکھتے ہیں وانهما قد حصل الاتفاق على القول بکونهم عدولا
وضابطا وغیرهما من اوصاف الصحة فالبطريق اللزوم فهم اى البخارى ومسلم وصاحب شرطهما
او حالهما مقدمون على غيرهم فى رواياتهم انتهى اور ایسا ہی شرح الفیۃ الحدیث للعراقی وللسخاوی
وللانصاری میں اور مقدمہ ابن الصلاح میں اور خلاصہ طیبی اور مختصر ابن جماعۃ میں
الى غير ذلك من كتب الاصول مذکور ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی | محمد عبد الحی ابو الحسنات

[۱۱] **استفتا** زید کہتا ہے کہ تشہد میں رفع سبابہ جو حدیث شریف میں آیا ہے
میں جب کرونگا کہ یہ معلوم ہو جائے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر کیا تھا فرض یا سنت
یا مستحب یا مباح پس یہ کہنا اوسکا درست ہے یا مبنی بر جہالت وگمراہی ہے **سوال**
زید کہتا ہے کہ حدیث جبکہ متواتر یا مشہور ہو تو اوسپر عمل کرونگا اور اگر خبر واحد ہے تو اوسپر
عمل کرنا واجب نہیں ہے حالانکہ اصول حنفیہ میں مرقوم ہے خبر واحد کی نسبت وانہ یوجب العمل
دون العلم والیقین پس موافق اصول حنفیہ کے یہ کہنا اوسکا صحیح اور حدیث کو بوجہ خبر واحد
ہونے کے غیر معمول ٹھہرانا جائز ہے یا نہیں اور اگر نہیں ہے تو زید پر بوجہ اس قول
وعقیدہ کے کیا حکم دیا جاویگا

ہو المصوب یہ دونوں قول زید کے مخالف اصول حنفیہ کے ہیں تمام کتب
اصول از مختصرات تا مطولات اس امر کی تحقیق سے مالامال ہیں بلکہ خلاف ائمہ ثلاثہ ابو حنیفہ
ومحمد وابو یوسف کے بھی ہے کیونکہ امام ابو یوسف نے امالی میں سنت اشارہ کی تصریح
کی ہے اور امام محمد نے موطا میں بھی اسکو ذکر کیا ہے اور امام ابو حنیفہ کیطرف منسوب کیا ہے
واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی | محمد عبد الحی ابو الحسنات

[۱۲] **استفتا** رفع سبابہ کی حدیث جو باسانید متعددہ صحیح مسلم میں مروی ہے
اوسکے مسبحہ کی تقریب میں مذکور ہیں یا نہیں

ہو المصوب رفع سبابہ کی جو احادیث صحیح مسلم میں ہیں اونکے سب رواۃ کا حال

تقریب میں مذکور ہے جیسا ناظر تقریب وغیرہ پر ظاہر ہے اور احادیث رفع سبابہ کے
سوای صحیح مسلم کے اور کتب حدیث میں بھی بطرق متعددہ مروی ہیں مثل سنن ابوداؤد
وسنن نسائی وسنن دارمی وجامع ترمذی وسنن بیہقی ومسند احمد وموطا مالک وموطا محمد
ومصنف عبدالرزاق ومسند ابویعلی ومصنف ابن ابی شیبہ ومعجم طبرانی وسنن سعید بن منصور
وغیرہ چنانچہ ملا علی قاری حنفی نے اپنے رسالہ تزیین العبارۃ لتحسین الاشارۃ میں بعد ذکر
ان سب روایات کے تحریر کیا ہے وبالجملۃ فہو مذکور فی الصحاح الست وغیرہا فکاد
ان یکون متواترا بل یصح ان یقال بانہ متواتر معنی فکیف یجوز لمؤمن باللہ ورسولہ ان یعدل عن
العمل بہ بناء علی التعلیل فی معرض النص الجلیل مع ان ذلک مدخول مدرس من العلیل انتہی اور
بعد اسکے بتفصیل تمام سنیت اشارت کو ثابت کیا ہے اور قول عدم رفع کو مردود کر دیا ہے
واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی — محمد عبدالحی ابوالحسنات

کتاب الجنائز

۲۴۳
استفتا چہ میفرمایند علمای دین درباب علم برای میت آیا سنت است یا مکروہ است بینوا توجروا
ہو المصوب صحیح این است کہ مکروہ است چنانچہ زاہدی در شرح قدوری تصریح کردہ است کذا فی الدر المختار وغیرہ
واللہ اعلم کتبہ عبدہ الراجی رحمۃ ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبدالحی اللکنوی الانصاری تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۲۴۴
استفتا ما قولکم رحمکم اللہ کہ در زمان آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم صحابہ
وتابعین داشتن میت در قبر بر پہلوی راست مروج ومعروف بودہ یا بر پشت و فقط
تحویل گردن بسوی قبلہ بودہ واجماع فقہا بر شق اول است یا ثانی بینوا توجروا
ہو المصوب باتفاق حنفیہ وشافعیہ مسنون ہمین است کہ میت بر پہلوی راست
خوابانیدہ شود ورخ وسینہ او بسوی قبلہ کردہ شود وہمین امر متوارث است از زمان برکت نشان
حضرت صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم تا این زمان | در بحر الرائق آوردہ اذا احتضر الرجل وجہ الی القبلۃ
علی شقہ الایمن وہذا ہو السنۃ اعتبارا بحال الوضع فی القبر | ودر نہایہ ذیل قولہ الاختیار ما علی سنۃ
التوارث فی حالۃ المرض یعنی ان یستقبل القبلۃ وہو علی شقہ الایمن عرضا للقبر | وفی حالۃ الصلوۃ وجہ الاستقبال وفی حالۃ النزع

در ماہ رمضان ۱۲۸۵ ہجری
در ربیع الاول [illegible]

فانہ یوضع کما یوضع فی حالۃ المرض وفی حالۃ الغسل بعد ما مضی بجنبہ فما روایۃ فیہ عن اصحابنا کیف
یوضع علی التخت الا ان العرف فیہ انہ یوضع مستلقیا علی قفاہ طولا نحو القبلۃ وفی حالۃ الصلوۃ علیہ
معترضا علی قفاہ وفی حالۃ اللحد فانہ یوضع علی شقہ الایمن انتہی وہمین طور صاحب محیط آوردہ
وبلفظ ہکذا توارثت السنۃ موکد ساختہ وشیخ الاسلام بدر الدین عینی در منحۃ السلوک شرح
تحفۃ الملوک تحریر میسازد ویضجع علی شقہ الایمن موجہا الیہا ہکذا اجرت السنۃ الیہا انتہی وعلامہ
حلبی در غنیۃ المستملی شرح منیۃ المصلی می آرد یوجہ المیت الی القبلۃ فی القبر علی جنبہ الایمن ولا یلقی
علی ظہرہ وقال السروجی فی شرح الہدایۃ وذکر فی کتب اصحاب الشافعی واحمد یوضع تحت راسہ لبنۃ
ولم اقف علیہ من اصحابنا انتہی وابن ماجہ از سعید بن المسیب روایت میکند قال اخذ رسول
صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم من قبل القبلۃ ولم یستقبل استقبالا وعلامہ ہان الدین طرابلسی در برہان
شرح مواہب الرحمن می نویسد یوجہ الی القبلۃ علی جنبہ الایمن لما روی ابو داؤد ان رجلا قال یا رسول اللہ
ما الکبائر قال تسع فذکر منہا استحلال البیت الحرام قبلتکم احیاء وامواتا ورواہ الحاکم فی المستدرک
ایضا انتہی وبزار در مسند خود از معاذ بن جبل از آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم در قصۂ تشفیع
قرآن در قبر روایت میکند ثم تضجعہ الملائکۃ فی القبر علی شقہ الایمن مستقبل القبلۃ باقی ماند کلام درین
کہ توجیہ وجہ ومیت اضجاع علی الشق الایمن آیا ہر دو واجب اند یا مسنون صاحب تحفہ توجیہ را سنت
نوشتہ وظاہر عبارت غنیۃ دلالت بر وجوب میکند وصاحب در مختار تصریح آن ہم کردہ وصحیح سنیت
اضجاع است چنانکہ لفظ حدیث قبلتکم احیاء وامواتا ہم دال برین است واما اضجاع علی الشق الایمن پس
علمای شافعیہ تصریح بسنیت آن کردہ اند واز علمای حنفیہ صاحب در مختار وصاحب نہر الفائق
وصاحب بحر الرائق ہم لفظ ینبغی آوردہ اند واز محیط ونہایہ ہم ہمین مضمون مستفاد میشود بلکہ
استنباط آن از عبارت ہدایہ نیز ممکن است فلیعول علیہ وتحقیق این بحث کما ینبغی در رسالۃ الافصاح
عن کیفیۃ ادخال المیت وتوجیہہ الی القبلۃ فی القبر کردہ ام واللہ اعلم بالصواب وعندہ حسن الثواب

حررہ محمد عبد الحی عفا اللہ عنہ　الجواب صحیح　محمد عبد الحق　الجواب صحیح　محمد نور الحسن　الجواب صحیح　محمد شمس الدین خان

استفتا ۲۵ چہ میفرمایند علمای دین اندرین صورت کہ شخصی از اہل اسلام مثلا در فرنگ با آتش سوختند کہ
استیاصال جسم آن مردہ باقی نماند ودفن ہم بطور شرعی متحقق نشدہ حکم جاری خواہد شد یا نہ توجروا

ازقنیہ قولہ ازین بیان معلوم شد کہ صاحب در مختار [illegible]

ہو المصوب درین صورت ہر دو غسل دادہ شوند مثل غسل ہائی اموات و در باب دفن و نماز جنازہ اختلاف است در غنیہ شرح منیہ می آرد اذا اختلط موتی المسلمین و موتی الکفار فان وجدت علامۃ عمل بہا وان لم توجد علامۃ و کان المسلمون اکثر غسل الکل و صلی علیہم و ینوی المسلمین وان کان الکفار اکثر غسلوا و لم یصل علیہم وان کانوا سواء و قیل یصلی علیہم و قیل لا واما الدفن فقیل یدفنون فی مقابر المسلمین و قیل فی مقابر المشرکین و قیل تتخذ لہم مقابر علیحدۃ و تسوی قبورہم ولا تسنم انتہی و در حلیہ شرح منیہ می نویسد ینبغی الصلوۃ علیہم فی الاحوال الثلثۃ و بہ قالت الائمۃ الثلثۃ و ہو اوجہ نظرا الی
عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی و الخفی

۱۲۶ استفتا کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص ایک پرانا مکان خرید کے عرصہ دس گیارہ برس سے اوسمیں بود و باش رکھتا تھا مکان مذکور چونکہ نہایت کہنہ اور بوسیدہ ہو گیا تھا لہذا اوسکو منہدم کر کے از سر نو اوسکی تعمیر کرنا چاہا چنانچہ اوسکی نیو کھودوائی اور اکثر جانب سے مکان قریب تیاری کے بھی ہو گیا اب ایک جانب کی جدید نیو میں جو مکان قدیم کے صحن میں پڑی ہے کمین پر مردوں کی کچھ ہڈی اور کہین پر کھوپڑی برآمد ہوئی اور پہلے سے وہاں پر کسی طرح سے قبر کے ہونیکا وہم و گمان نہ تھا کیونکہ نہ خود وہاں پر قبرستان ہے اور نہ اوسکے قرب و جوار میں اور نہ موجودین میں سے کوئی بتاتا ہے کہ اسجگہ کوئی مردہ کبھی دفن ہوا ہے اب غرض یہ ہے کہ جانب مذکور میں مکان بود و باش بنوانا اور اوسمیں بود و باش رکھنا جائز ہی یا نہیں اور بہ تمسک حدیث جابر رض کے حیث قال دفن مع ابی رجل فلم تطب نفسی حتی اخرجتہ فجعلتہ فی قبر علیحدۃ رواہ البخاری و النسائی اس صورت ضرورت میں اون ہڈیوں کو وہاں سے اوٹھا کر دوسری جگہ دفن کر دینا اور وہاں پر مکان تعمیر کرنا جائز ہی یا نہیں اور جو فتاوی عالمگیری وغیرہ میں مرقوم ہے لو بلی المیت و صار ترابا یجوز دفن غیرہ فی قبرہ و زرعہ و البناء و علیہ اسکی اصل شرعی کیا ہے اور اس صورت میں حدیث ابو ہریرہ رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لان یجلس احدکم علی جمرۃ فتحرق ثیابہ فتخلص الی جلدہ خیر لہ من ان یجلس علی قبر رواہ الجماعۃ الا البخاری و الترمذی اور حدیث عمرو بن حزم رض قال رآنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم متکئا علی قبر فقال لا تؤذ صاحب ہذا القبر او لا تؤذہ رواہ احمد اور حدیث بشیر بن الخصاصیۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ

مرسلہ مولوی عبد الاحد صاحب مدرس مدرسہ ... فاروقی ... بتاریخ ... رجب سنہ ۱۳۰۲ ہجری

واله وسلم رأى رجلا يمشي في نعلين بين القبور فقال يا صاحب السبتيتين القهما رواه الخمسة
الا الترمذي اور حديث جابر رض قال نهى النبي صلى الله عليه واله وسلم ان يجصص القبر وان
يقعد عليه وان يبنى عليه رواه احمد ومسلم والنسائي وابوداؤد والترمذي وصححه ولفظه نهى ان
يجصص القبور وان يكتب عليها وان يبنى عليها وان توطأ وفي لفظ النسائي نهى ان يبنى على القبر او يزاد
عليه او يجصص او يكتب عليه کا کیا جواب ہے بینوا توجروا

ہوالمصوب ایسی صورت مین اون ہڈیون کو دوسری جگہہ دفن کردینا اور وہان
مکان کی تعمیر کرلینا جائز ہے اسوجہ سے کہ نقل میت و اجزاء میت بوجہ حقوق انسانیہ کے
بالاتفاق درست ہے درمختار مین ہے ولا يخرج منه بعد اهالة التراب الا لحق آدمي كان تكون
الارض مغصوبة او اخذت بشفعة بحرالرائق مين اخراجه ومساواته بالارض كما جاز زرعه والبناء
عليه اذا بلي وصار ترابا انتهى اور ایسے ہی بحرالرائق و خزانۃ الروایات و تبیین الحقائق وغیرہ مین ہے
اور حکم جواز تعمیر و زراعت وغیرہ کا مقام قبر پر درصورتیکہ اجزاء مردہ منقلب بخاک ہوجاوین
جو کتب فقہ مین مرقوم ہے اصل وہ کلی ضوابط انقلاب ماہیت ہین کیونکہ بوجہ انقلاب ماہیت کے
احکام شرعا مبدل ہوجاتے ہین پس درصورتیکہ اجزاء انسانیہ باقی نرہے بلکہ مبدل بخاک
ہوگئے بالضرور احکام مبدل ہوجاوینگے اور وہ احادیث جنسے ممانعت قبر پر بیٹھنے اور
تکیہ لگانے وغیرہ کے ثابت ہے وہ اوس حالت پر محمول ہین کہ اجزاء انسانیہ موجود ہون
پس جب وہ انقلاب ہوجاوے اور بالضرورت نقل کردیجاوین تو وہ مقام مثل اور
مقامات کے خالی قبر سے ہوجاویگا اور اوسپر تصرفات درست ہوجاوینگے واللہ اعلم

محمد عبدالحی ابوالحسنات

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۲۴۷

استفتا مرد کو تین کفن ازار و لفافہ و پیراہن اور عورت کو سوائے تین کفن کے
دو زائد اوڑھنی و سینہ بند جملہ پانچ کفن معتبر کتابون سے ثابت ہے پس علاوہ اسکے جو
فی زماننا تہبند وغیرہ و پاکیٹے ہین کیسا ہے اور خنثی کو مرد کا کفن دیا جاویگا یا عورت کا

ہوالمصوب خنثی کو عورت کا کفن دیا جاویگا اور عورتون کے واسطے جو پانچ کپڑے
مسنون ہین اور مرد کے واسطے تین کپڑے سے اوپر زیادتی نہین درست ہے واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی و الخفی | محمد عبد الحی ابو الحسنات

۲۴۸ استفتا کیا ارشاد ہے علمای اہل سنت کا اس مقدمہ مین کہ اس ملک کا یہ رواج ہے کہ اہل سنت و گروہ روافض مین معمول ہے کہ وقت غمی و خوشی کے ہر طرح کی شرکت امور دنیاوی مین رہتی ہے اور غمی مین یہ ہوتا ہے کہ سنی لوگ روافض کے یہان جاکر کلمات تسکین وقت ماتم پرسی کے کہتے ہین اور ہمراہ ہو کر قبرستان تک جاتے ہین اور صرف مٹی دینے مین شرکت رہتی ہے اور نماز و غسل و تکفین وغیرہ سے کچھ واسطہ نہین علی ہذا القیاس روافض کا بھی یہی قاعدہ ہے بس یہ طریقہ جائز ہے یا نہین

ہو المصوب جو روافض غیر مرتدین و کافرین ہین اونکے لیے جائز ہے ورنہ نہین

حق جل شانہ قرآن پاک مین ارشاد فرماتا ہے ولا تصل علی احد منہم مات ابدا ولا تقم علی قبرہ انہم کفروا باللہ و رسولہ وماتوا وہم فاسقون قاضی بیضاوی انوار التنزیل فی اسرار التاویل مین لکھتے ہین ولا تقم علی قبرہ ولا تقف عند قبرہ للدفن او الزیارۃ انتہی واللہ اعلم کتبہ العبد الضعیف محمد المدعو بادریس النگرامی عفا اللہ عنہ ۹ غرہ محرم ۱۳۰۵ھ | محمد ادریس | صح الجواب واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی و الخفی | محمد عبد الحی ابو الحسنات | الجواب صحیح نمقہ محمد امان الحق عفی عنہم

۲۴۹ استفتا محرم اگر حالت احرام مین مرجاوے تو تکفین اوسکی مثل عامہ اموات کے چاہیے یا بطور خاص اگر مثل عامۂ اموات کے چاہیے تو اس حدیث کا کیا جواب ہے کہ ایک شخص حالت احرام مین اونٹ سے گرا اور گردن ٹوٹکر مرگیا اوسپر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اغسلوہ بماء و سدر و کفنوہ فی ثوبہ ولا تخمروا رأسہ فانہ یبعث یوم القیمۃ مہلل انتہی بینوا توجروا

ہو المصوب ظاہر اس حدیث کا اس امر پر دال ہے کہ محرم کی تکفین مثل عامہ اموات کے نہین ہے اور حنفیہ اسکو خصوصیت پر محمول کرتے ہین اور بحدیث اذا مات ابن آدم انقطع عملہ الا من ثلاث وغیرہ استدلال کرتے ہین واللہ اعلم بالصواب

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی و الخفی | محمد عبد الحی ابو الحسنات

باب التجہیز والتکفین

استفتا ایک شخص کی دو بیٹیان تھین اور وہ شخص قضا کر گیا اور لون لڑکیون کی والدہ نے پہلے قضا کی لیکن جائداد مکانات وغیرہ جو کہ اوس شخص کی تھی اوسپر وہ دونون بیٹیان قابض رہین چنانچہ اب بڑی بیٹی مر گئی اور چھوٹی بہن نے اوسکا گور و کفن اپنی جائداد سے کیا اب وہ بڑی بہن کے خاوند سے روپیہ گور و کفن کا طلب کرتی ہے آیا وہ روپیہ بموجب شرع کے پانا چاہیے یا نہین

ہو المصوب اگر بڑی بہن کے خاوند نے چھوٹی بہن سے گور و کفن کا حکم نہین کیا بلکہ چھوٹی بہن نے خود خرچ کیا دعوی اوسکا باطل ہے رد المحتار مین ہے لو کفنہ الحاضر من مالہ رجع علی الغائب منہم بحصتہ فلو انہ رجوع لہ ان انفق بلا اذن القاضی حاوی الزاہدی و استنبط منہ الخیر الرملی علی انہ لو کفن الزوجۃ غیر زوجہا بلا اذنہ ولا اذن القاضی فہو متبرع انتہی واللہ اعلم حررہ محمد عبد الحی عفا اللہ عنہ

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ مرد مسلم اور کافرہ سے یا برعکس اسکے بوجہ زنا فرزند یا دختر پیدا ہو کر قبل بلوغ یا بعد بلوغ کے مر جائے تو اوسکی تجہیز و تکفین کا کیا حکم ہے بینوا توجروا

ہو المصوب بعد بلوغ کے اگر وہ اسلام لایا تو تجہیز اوسکی مثل مسلمین کے ہوگی اور اگر کفر کو اختیار کیا تو مثل کفار کے اوسکی تدفین ہوگی اور قبل بلوغ کے وہ اپنی مان کے تابع ہے کیونکہ ولد الزنا کا نسب مان سے ثابت ہے نہ زانی سے اور بحر وغیرہ مین ہے ہو تابع لاحد ابویہ الی البلوغ مالم یحدث اسلاما وہو ممیز انتہی پس جبتک کہ وہ ایام تمیز مین اسلام نہ لاویگا اپنی مان کے حکم اسلام و کفر مین تابع ہوگا واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

کتاب الصوم

استفتا چہ میفرمایند علمای دین اندرین مسئلہ کہ کسے کہ قضای رمضان المبارک ادا نکند تا آنکہ رمضان دیگر داخل گردد درین صورت قضا و کفارہ ہر دو لازم خواہد آمد یا فقط قضا بینوا توجروا

ہو المصوب فقط قضا واجب ست در ہدایہ می آرد ان اخرہ حتی دخل رمضان آخر صام الثانی لانہ فی وقتہ وقضی الاول بعدہ ولا فدیۃ علیہ لان وجوب القضاء علی التراخی حتی کان لہ ان یتطوع انتہی واللہ اعلم حررہ محمد عبد الحی عفا اللہ عنہ

در ذیقعدہ سنہ ۱۲۸۰ ہجری

در رمضان سنہ ۱۲۸۰ ہجری

۱۵۳ استفتا در حالت روزہ اگر کسی نے اپنی زوجہ سے مساس کیا اور اوسکو انزال ہوا تو روزہ رہا یا گیا یا مکروہ ہوا بینوا توجروا

ہوالمصوب اس صورت مین روزہ جاتا رہا فقط قضا واجب ہوگی خزانۃ المفتیین مین ہے اذا قبل امرأۃ بشہوۃ او مس بشہوۃ فامنی علیہ القضاء دون الکفارۃ انتہی واللہ اعلم حررہ محمد عبد الحی عفا عنہ

۱۵۴ استفتا اگر حالت روزہ مین کسی نے جلق کیا تو روزہ جاتا رہا یا مکروہ ہوا کفارہ دینا چاہیے یا فقط قضا بینوا توجروا

ہوالمصوب روزہ جاتا رہا فقط قضا واجب ہوگی فتح القدیر مین ہے عامۃ المشایخ علی ان الاستمناء مفطر وقال فی التجنیس ہو المختار انتہی واللہ اعلم حررہ محمد عبد الحی عفا عنہ

۱۵۵ استفتا ما قولکم ایہا العلماء الکرام رحمکم اللہ تعالی فی ہذا السوال کہ قرار داد رویت ہلال رمضان المبارک کہ بست ونہم شعبان ہمچنین رویت ہلال شوال المکرم بست ونہم رمضان صرف بر تحریر مسلمانان خواہ بر استخبار تار برقی جائز است یا نہ قرار داد رویت ہلال شہور دیگر ہم برین منوال چہ حکم دارد ودر صورت حکم جواز رویت شہرین یا دیگر شہور بر تحریر امصار ودیار بعید بعد مسافت ہم مشروط است یا نہ بینوا توجروا

ہوالموفق در رویت ہلال تحریر بدون شہود عند القاضی معتبر نخواہد شد ہان اگر تحریرات متواترہ ومتکاثرہ واخبارات بہر جہتیکہ باشد در شہرے شہرت یافتہ باشد کہ در فلان شہر رویت ہلال گردیدہ این اشتہار را فقہا معتبر دارند وفتوی میدہند کما فی الدر المختار نعم لو استفاض الخبر فی البلدۃ الاخری لزمہم علی الصحیح من المذہب انتہی وفی الطحطاوی قولہ نعم لو استفاض ای الخبر واشتہر ولم یعلم لہ عدد او الظاہر انہ لیعتبر فیہ تحدث غالب اہل البلدۃ او بعضہا انتہی ودر جامع الرموز آوردہ الصحیح من مذہب اصحابنا رحمہ انہ یلزمہم اذا استفاض الخبر فی البلدۃ الاخری انتہی ودر خبر تار برقی معتبر نیست زیراکہ از کفار است ویکی از شرائط شہادۃ اسلام است وآن یافتہ نمی شود ودر جامع الرموز است ولی انہ یشترط الاسلام والعقل والبلوغ انتہی ودر رویت ہلال تعدد او بعد امصار اعتبار ندارد اگر اہل مغرب دیدہ بر اہل مشرق بطریق موجبہ ثابت گردیدہ ہمانرا لازم آید کما فی الدر المختار فیلزم اہل المشرق برؤیۃ اہل المغرب اذا ثبت عندہم رؤیۃ اولئک

قولہ لو استفاض الخبر معنی الاستفاضۃ ان تاتی من تلک البلدۃ جماعات متعددون کل منہم یخبر عن اہل تلک البلدۃ انہم صاموا عن رؤیۃ لا مجرد الشیوع

غفر اللہ الاحد علی محمد الصمد خادم اولیاء اللہ

بطریق موجب انتہی واللہ اعلم حررہ خادم اولیاء اللہ الصمد علی محمد غفر لہ اللہ الاحد

ہو المصوب۔ واضح باد در باب رویت ہلال شہرت اخبار معتبر نیست اگر از شہری خبری رسید
از شہری که شبیه در اخبار رویت ہلال شده یا بوساطت تار برقی دریافت این امر شده تا وقتیکه شہرت
آن نشود و از تحریرات کثیره و اخبار عدیده معلوم نشود اعتبار آن نباید ساخت و در صورت ثبوت
ہلال برویت بلده دیگر باخبار متکاثره اختلاف دارند فقہا درین که آیا این رویت در بلاد دیگر
ہم معتبر خواہد شد یا نه بعضے بر آن اند که معتبر نخواہد شد و اعتبار رویت فقط به بلده رویت
خواہد بود و اکثر فقہا فتوی بر عدم اختلاف مطالع و اعتبار رویت یک بلده بجمله بلاد میدہند و نزد
محققین این است که بلاد و دیگر اختلاف مطالع بحسب قواعد مقرره علم ہیأت دارند و در آنہا اختلاف
مطالع معتبر خواہد شد و رویت یک بلده به بلده دیگر معتبر نخواہد شد و بلادیکه اختلاف مطالع ندارند
در آنہا حکم رویت داده خواہد شد در فتاوی تاتارخانیه می آرد الخبر اذا استفاض وتحقق فی ما بین
اہل البلدة الاخری یلزمہم حکم اہل ہذه البلدة انتہی و در نہر الفائق می آرد و یلزم اہل المشرق برؤیة اہل المغرب
فی ظاہر المذہب وعلیه الفتوی کذا فی الخلاصة وقیل یعتبر فلا یلزمہم قال الشارح وہو الاشبه لکن
قال فی التصحیح الاخذ بظاہر الروایة احوط وعلی الاول فانما یلزمہم اذا ثبت عندہم رؤیة اولئک بطریق
موجب انتہی و در مراقی الفلاح می نویسد اذا ثبت الہلال فی بلدة لزم سائر الناس فی ظاہر الروایة
وعلیه الفتوی وہو قول اکثر المشائخ فیلزم قضاء یوم علی اہل بلدة صاموا تسعة وعشرین یوما لعموم
الخطاب صوموا لرؤیته وقیل یختلف باختلاف المطالع واختاره صاحب التجرید کما اذا زالت
الشمس عند قوم وغربت عند غیرہم فالظہر علی الاولین لا المغرب لعدم انعقاد السبب فی حقہم انتہی
ملخصا و مفتی ابوالسعود در شرح مراقی الفلاح می آرد قوله کما ذہب الیه صاحب التجرید وہو الاشبه
لان انفصال الہلال من شعاع الشمس یختلف باختلاف الاقطار کما فی دخول الوقت وخروجه وہذا
ثبت فی علم الافلاک والہیأة عینی وقل ما تختلف به المطالع مسیرة شہر کما فی الجواہر انتہی ملخصا
و در تاتارخانیه می آرد اہل بلدة اذا راوا الہلال ہل یلزم فی حق کل بلدة اختلف المشائخ فیه فبعضہم
قالوا لا یلزمه فانما المعتبر فی حق اہل بلدة رؤیتہم وفی الخانیة لا عبرة باختلاف المطالع فی ظاہر الروایة
وفی الظہیریة عن ابن عباس رضی اللہ عنه انه کان یعتبر فی حق کل بلدة رؤیة اہلہا وفی القدوری

ان کان بین البلدتین تفاوت لا تختلف بالمطالع یلزمہ وذکر الشیخ شمس الائمۃ الحلوانی انہ الصحیح من
مذہب اصحابنا انتہی ودر زیلعی شرح کنز است اکثر المشائخ علی انہ لا یعتبر اختلاف المطالع والاشبہ
ان یعتبر لان کل قوم مخاطبون بما عندہم وانفصال الہلال عن شعاع الشمس یختلف باختلاف الاقطار
والدلیل علی اعتبارہ ما روی عن کریب ان ام الفضل بعثتہ الی معاویۃ رضی اللہ تعالی عنہ قال
فقدمت الشام وقضیت حاجتہا واستہل شہر رمضان وانا بالشام فرأیت الہلال لیلۃ الجمعۃ
ثم قدمت المدینۃ فی آخر الشہر الی ابن عباس رضی اللہ عنہ وذکر الہلال فقال متی رأیتم الہلال
فقلت رأیناہ لیلۃ الجمعۃ فقال انت رأیتہ فقلت نعم ورآہ الناس وصاموا وصام معاویۃ
فقال لکنا رأیناہ فی لیلۃ السبت فلا نزال نصوم حتی نکمل ثلثین یوما او نراہ فقلت او لا تکتفی برؤیۃ
معاویۃ رض وصیامہ فقال لا ہکذا امرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم قال فی المنتقی رواہ
الجماعۃ الا البخاری وابن ماجہ انتہی ملخصا ودر جواہر نفیسہ شرح در منیفہ می آرد لا عبرۃ باختلاف
المطالع وعلیہ کثیر من المتون المعتبرۃ کصاحب الکنز قال الزیلعی والاشبہ ان یعتبر لان کل قوم
مخاطبون بما عندہم انتہی ودر مختارات النوازل می آرد اہل بلدۃ صاموا تسعۃ وعشرین یوما بالرؤیۃ
واہل بلدۃ اخری صاموا ثلثین یوما بالرؤیۃ فعلی الاولین قضاء یوم اذا لم تختلف المطالع بینہما
واما اذا اختلفت لا یجب القضاء انتہی واللہ اعلم بالصواب وعندہ ام الکتاب حررہ الراجی
عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی وحفظ عن موجبات الخزی

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ رویت ہلال ایک ملک کی
دوسرے ملک مین معتبر ہے یا نہین اور اگر معتبر ہے تو وہ دونون ملک کتنے بُعد پر واقع ہون
اور اختلاف مطالع کا کتنی مسافت مین معتبر ہے کتب معتبرہ و حدیث صحیحہ سے
مع عبارت و نام کتاب تحریر فرمائیے بینوا توجروا

ہو المصوب حنفیہ کا اس باب مین اختلاف ہے بعض کی رائے یہ ہے کہ اختلاف مطالع
مطلقا اعتبار نہین ہے حتی کہ اہل مشرق پر رویت ہلال مغرب جب خبر وہان کی بطور شرعی پہونچے
روزہ واجب ہے اور بعض کی یہ رائے ہے کہ جسقدر مسافت مین بموجب قواعد مہندسہ علم ہیئت
اختلاف مطالع ہوتا ہے اور ایک شہر مین رویت ہو سکتی ہے دوسرے مین نہین اسقدر رویت

اختلاف مطالع معتبر ہے اور اس سے کم مین نہین اور ادنی مسافت اختلاف مطالع کا
بمقدار ایک مہینہ کی راہ ہے پس جب ایک شہر مین مثلاً لکھنؤ یا اوسکے اطراف مین چاند رمضان کا
دیکھا گیا پس جو شہر اوس سے ایک مہینہ کی یا زائد اس سے مسافت رکھتا ہے وہان کے لوگون پر
یہ حکم لازم نہوگا اور جو شہر اس سے کم مسافت رکھتا ہے وہان کے لوگون پر یہ حکم لازم ہوگا اور
یہی مذہب محدثین حنفیہ کا ہے اور موافق حدیث ابن عباس کے جو صحیح مسلم اور جامع ترمذی
استفتا ایک شخص نے ایک آدمی سے کہا کہ تم اپنی لڑکی کے ساتھ ہمارا نکاح کردو چنانچہ لڑکی کے باپ نے کہا کہ تمھاری زوجہ منکوحہ موجود ہے ہم اپنی لڑکی کے ساتھ تمھارا نکاح نہیں کرینگے تب اوس مرد نے جواب دیا کہ میری زوجہ منکوحہ قریب المرگ ہے یقین ہے کہ امروز فردا میں گذر جائے بعد اوسکے لڑکی کے باپ نے کہا کہ ہم اقرار کرتے ہین کہ جب زوجہ منکوحہ تمھاری مرجاویگی تب اپنی لڑکی کے ساتھ تمھارا نکاح کردیوینگے چنانچہ بعد اس بات کے اوس مرد کے باپ نے جو طلبگار نکاح کا تھا کہا کہ ہم اپنے بیٹے سے چار آدمی کے سامنے اوسکی زوجہ منکوحہ کو طلاق دلوادینگے چنانچہ مرد طلبگار نکاح نے بموجب استرضا اپنے باپ کے اپنی زوجہ منکوحہ کو طلاق دیا مگر اس لفظ کے ساتھ میں طلاق دیتا ہوں وزیر کی بیٹی کو جو میری

زوجہ منکوحہ ہی پس مرد طالق نے اشارہ اپنی زوجہ منکوحہ کا اور نام زوجہ کے باپ کا تو صحیح وقت طلاق کے بیان کیا مگر نام اصلی اپنی زوجہ کا وقت طلاق کے نہین لیا بلکہ وقت طلاق کے نام دوسری عورت کا لیا یعنی مرد طالق کی زوجہ منکوحہ کا نام مسماۃ راجی ہی پس بروقت طلاق کے یہ نام نہین لیا مسماۃ پوٹنی کے نام سے طلاق دیا حالانکہ یہ مسماۃ پوٹنی رشتہ مین اوسکی سالی ہوتی ہی اور وقت طلاق کے چار آدمی گواہ موجود تھے چنانچہ یہ تینون گواہان بیان کرتے ہین کہ مرد طالق نے وقت دینے طلاق کے کہا ہے کہ مین طلاق دیتا ہون اپنی زوجہ منکوحہ کو کہ جو بیٹی وزیر کی میرے نکاح مین ہے مگر نام مین صرف فرق کر دیا یعنی اوسکے منکوحہ کا نام مسماۃ راجی تھا اور مرد طالق نے وقت دینے طلاق کے مسماۃ پوٹنی کے نام سے طلاق دیا پس یہ طلاق نزد علماء شرع شریف صحیح ہوا یا نہین فقط

ہو المصوب اگر مجلس طلاق مین زوجہ مسماۃ راجی موجود تھی اور طالق نے اوسکی طرف اشارہ کرکے کہا کہ یہ زوجہ میری طالق ہے تو اس صورت مین طلاق پڑ جاویگا گو اوسنے نام کے لینے مین غلطی کیا اور اگر زوجہ راجی اوس مجلس مین نہ تھی اور نہ اوسکی طرف اشارہ کیا فقط یہی کہا کہ مین طلاق دیتا ہون وزیر کی بیٹی کو جو میری زوجہ ہے مسماۃ پوٹنی تو اس صورت مین نہ وقوع طلاق نہ پڑیگا ردالمحتار حاشیۂ درمختار مین ہے قالوا لا تعتبر الصفۃ والتسمیۃ مع الاشارۃ کما لو کان له امرأۃ بصیرۃ فقال امرأتہ ہذہ العمیاء طالق واشار الی البصیرۃ تطلق انتہی اور بھی اوسمین ہے لو حلف ان خرج من المصر فامرأتہ عائشۃ کذا واسمہا فاطمۃ لا تطلق اذا خرج انتہی اور درمختار مین ہی فی النہر قال فلانۃ طالق واسمہا کذلک وقال عنیت غیرہا دین ولو غیرہ صدق قضاء وعلی ہذا لو حلف لا ثنیۃ بطلاق امرأتہ فلانۃ واسمہا غیرہ لا تطلق انتہی حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا چہ میفرمایند علمای دین و مفتیان شرع متین اندرین مسئلہ اول یہ کہ جس صورت [illegible] سے زیادہ تک نا معلوم وبے نشان ہے تو اس صورت مین [illegible] شوہر کے لوٹنے یا نہین اور امام مالک و شافعی رحمہا اللہ [illegible] ایسا قول ہے کہ [illegible] جب گذر جاوین چار برس تو تفریق کرا دیوے درمیان اون دونون کے

قاضی بعد اوسکے نکاح کرے زوج ثانی سے اور غرض مستفسر کی یہ ہے کہ بر تقدیر جائز ہونے اس مسئلہ کے فسخ نکاح کی کیونکر قاضی سے کرا دیجاوے کیونکہ اس زمانہ پر آشوب مین بباعث حکام غیر مذہب کے احکام قاضی کے بالکل مسدود ہو گئے ہین پس ایسے وقت مین طریقہ اوسکے فسخ کرنے نکاح کے کیونکر عمل مین لائے جاوینگے دوسرا یہ کہ بعد فسخ کرا دینے نکاح قاضی کے آیا اوسکے لیے کوئی عدت طلاق یا وفات کی کرنا چاہیے یا بدون عدت کے نکاح زوج ثانی کے ساتھ کر لیوے تیسرے یہ کہ اگر کوئی شخص ضرورت کے وقت بعض مسئلون مین امام شافعی و مالک کے قول پر عمل کرے تو اس صورت مین اوس شخص کو ہمیشہ کے لیے کل مسئلون مین اوس امام کی تقلید کرنا لازم ہوتی ہے یا نہین جو کچھ ان مسئلون مین حق ہو اوسکو ادلہ قویہ کے ساتھ معتبر کتابون سے مفصلاً

بیان فرمایئے روز جزا مین اجر اسکا ملیگا۔

ہو المصوب عند الضرورت بعض مسئلون مین امام شافعی و مالک وغیرہ کے قول پر عمل کرنا درست ہے مگر بشرط اسکے کہ اوس مسئلہ مین جملہ شروط و احکام اوس امام پر عمل کرے درمختار مین کتاب الصلوۃ مین بحث جمع بین الصلوتین مین ہے ولا باس بالتقلید عند الضرورۃ لکن بشرط ان یلتزم جمیع ما یوجبہ ذلک الامام لما قدمنا ان الحکم الملفق باطل بالاجماع انتہی اور جبتے تقلید کسی امام کی ایک مسئلہ خاص مین کی اوسپر یہ لازم نہین کہ ہمیشہ کل مسئلون مین اوس امام کی تقلید کرے حسن شرنبلالی رسالہ العقد الفرید لبیان الراجح من جواز التقلید مین لکھتے ہین واعلم ایضا انہ یجوز العمل بجملۃ مسائل کل منہا علی مذہب مستقل لما علمتہ و بقول المحقق ابن الہمام وہل یقلد غیرہ ای غیر من قلدہ اولا فی شئی فی غیرہ ای غیر ذلک الشئی کان یعمل اولا فی مسئلۃ بقول ابی حنیفۃ و ثانیا فی اخری بقول مجتہد آخر المختار بکما ذکرہ الآمدی و ابن الحاجب انتہی اور مسئلہ مفقود مین حنفیہ کے نزدیک عند الضرورت بتقلید مالکیہ و شافعیہ بعد چار برس کے نکاح ثانی کر دینا درست ہے جامع الرموز مین ہے قال مالک والاوزاعی الی اربع سنین فینکح عرسہ بعدہا کما فی النظم فلو افتی بہ فی موضع الضرورۃ ینبغی ان لا باس بہ علی ما ظن انتہی اور رد المحتار مین ہے ذکر ابن وہبان فی منظومتہ انہ لو افتی بقول مالک فی موضع الضرورۃ یجوز انتہی اور امام مالک کے نزدیک بعد گذرنے چار برس کے عدت وفات لازم ہے اوسکے بعد نکاح جائز ہے بعد اوسکے اگر زوج اول آوے اوسکو کچھ حق نہوگا اگر ثانی نے صحبت کی ہو

موطا مالک و شرح زرقانی مین ہے مالک عن یحیی بن سعید عن سعید بن المسیب ان عمر بن الخطاب قال ایما امراۃ فقدت زوجها فلم تدر این ہو فانها تنتظر اربع سنین ثم تعتد اربعۃ اشهر وعشرا ثم تحل للازواج وروی نحوہ عن علی وعثمان قال مالک وان تزوجت بعد انقضاء عدتها فدخل بها زوجها او لم یدخل بها فلا سبیل لزوجها الاول الیها اذا جاء او ثبت انہ حی لان الحاکم اباح للمراۃ الزوج مع امکان حیاتہ قال مالک وذلک الامر عندنا فالعقد بمجردہ یفیتها ثم رجع مالک من ہذا قبل موتہ بعام وقال لا یفیتها علی الاول الا دخول بالثانی غیر عالم بحیاتہ واخذ بہ ابن القاسم واشهب قال فی الکافی ہو الاصح من طریق الاثر لانها مسئلۃ قلدنا فیها عمر رض انتهی پس حنفیہ بھی اسکے موافق فتوی دیسکتے ہین کوئی ضرورت تفریق قاضی وحاکم کی نہین اور ایک روایت حضرت عمر رض سے عبد الرزاق وبیہقی وغیرہ نے یہ بھی کی ہے کہ اونھون نے بعد آنے زوج اول کے اوسکو اختیار دیا درمیان اسکے کہ اپنی زوجہ لیوے یا مہر واپس کرالے اور اوسکو نہ لیوے واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

نقل ۲۶ **استفتا** زیدنے واسطے رخصت کرانے اپنی زوجہ ہندہ کے عدالت مین نالش کی ہندہ جو بالغہ عاقلہ ہے وہ دو عذر پیش کرتی ہے اول یہ کہ زید نا قابل مقاربت یعنی عنین ہو ثانیا یہ کہ دین مہر معجل تھا ابھی تک وہ ادا نہین ہوا ان وجوہ سے وہ اپنے شوہر کے گھر جانے سے انکار کرتی ہے پس آیا وہ عورت شرعاً مجبور کیجا سکتی ہے یا نہین بینوا توجروا

ہو المصوب اس صورت مین عذر دوم کا اعتبار کیا جائیگا اور عورت تا ادائے مہر معجل اپنے گھر سے جانے پر مجبور نہ کیجائیگی درمختار مین ہے ولها منعہ من الوطی ودواعیہ والسفر بها ولو بعد وطی وخلوۃ رضیتها لاخذ ما بین تعجیلہ من المهر کلہ او بعضہ او اخذ قدر ما یعجل لمثلها عرفا بہ یفتی لان المعروف کالمشروط انتهی ملخصا اور طحطاوی حاشیۂ درمختار مین ہے قولہ والسفر الاولی التعبیر بالاخراج کما عبر بہ فی الکنز لیعم الاخراج من بیتها کما قالہ شارحہ انتهی اور بحر رائق مین ہے اطلق المصنف الاخراج فیشمل الاخراج من بیتها ومن بلدها فلیس لہ ذلک انتهی اور عذر اول مانع رخصت ہونیکا نہین ہے بلکہ مسئلہ نکاح عنین کا حکم دیا جاویگا

واللہ اعلم حررہ ابو الحسنات محمد عبد الحی عفا عنہ

از موضع رای بریلی محکمۂ منصفی مولوی مہدی حسن صاحب منصف بماہ شعبان ۱۲۹۶ ہجری در مقدمہ رنجیت ولد موتی ساکن موضع رام باڑی مدعی و سدارو و بنی بخش ولد سدھاری مدعا علیہم

استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم سوال کیا فرماتے ہین علمای دین اور مفتیان
شرع متین اس مسئلہ مین کہ کلو و عویدار نکاح اپنے کا مسماۃ منتا سے بوکالت محمد بخش ہوا اور
منتا نے وکالت محمد بخش اور نکاح سے ساتھ کلو کے انکار کیا کلو نے محمد بخش وکیل نکاح اور ملا ابراہیم
نکاح خوان اور امیر اللہ گواہ وکالت و ننھے و محمد سعید خان و محمد نبی خان گواہان جلسہ عقد
مفروضی اپنے کو پیش حاکم فوجداری کیا کہ یہ میرے گواہ ہین حاکم موصوف نے اظہارات جملہ
اشخاص مذکورین قلمبند فرمائے محمد بخش وکیل نکاح نے بیان کیا کہ کلو کا نکاح منتا سے بوکالت
میرے ہوا ہے منتا نے مجھے ننھے اور امیر اللہ کے سامنے اپنا وکیل نکاح کیا تھا اور کہا تھا کہ تم
میرا نکاح کلو سے کردو اور مجھسے اور ان لوگون سے مسماۃ کا پردہ نہین ہے اور ملا ابراہیم نے
میری اجازت سے نکاح پڑھا اور پانسو روپیہ اور پانچ اشرفی کا مہر مقرر ہوا بعد ازین الٰہی بخش
قلعی گر نے کہا کہ تمنے بغیر دریافت ہمارے کیسے نکاح کردیا ہم اور طرف ثانی یعنی الٰہی بخش وغیرہ
مین گفتگو سخت ہوئی ہم جوڑا پھیر لائے حاکم نے سوال کیا ایجاب و قبول طرفین سے ہوگیا تھا
اور تین مرتبہ ایجاب ہوا تھا کلو نے کہا تھا کہ منتا دختر غوث محمد کو بعوض پانسو روپیہ اور پانچ
اشرفی کے قبول کیا اور عورت باپ کے گھر عورات مین تھی اور نکاح منعقد ہوا تھا امیر اللہ شاہد
وکالت نے بیان کیا کہ مسماۃ منتا نے وکیل نکاح خدا بخش کو کیا تھا اور اوسنے مسماۃ کا نکاح بوکالت
اپنی کلو سے کردیا اور مسمیان ننھے و محمد سعید خان و محمد نبی خان اور ملا ابراہیم نے عقد مسماۃ
مذکورہ کا بوکالت محمد بخش کے بیان کیا اور امیر اللہ نے پہلے تو خدا بخش کو وکیل بیان کیا پھر
بروقت تصدیق اظہار کے وکیل نے تغلیباً سوال کیا کہ بجای خدا بخش کے محمد بخش بیان کیا اور
ان جملہ اشخاص نے فقط قبول منجانب کلو بیان کیا اور ایجاب من جانب وکیل بیان نکیا اور
تعریف مسماۃ کی ایسی نہ کی کہ جس سے رفع جہالت ہوتا اور ننھے نے جسکو محمد بخش وکیل نے شاہد
اپنی وکالت کا بیان کیا ہے نہ اوسنے نہ اور کسی شاہدان جلسہ نے سوای امیر اللہ کے اثبات
وکالت کیا اور مسماۃ مذکورہ کا ان تینون آدمیون سے پردہ ہے کوئی رشتہ قریبہ یا بعیدہ وجہ
بیحجابی کی ہو نہین سکتی اور جمال خان رسالدار وغیرہ تیرہ آدمیون ثقہ اہل محلہ نے اقرار کلو
و محمد بخش و بر عدم وقوع نکاح بعد تاریخ ارجاع دعوی کلو اور محمد بخش وغیرہ کی بیان کیا

اور اٹھائیس آدمیون ثقہ اہل محلہ نے بحلف متفق اللفظ بیان کیا کہ کلو کا نکاح ساتھ منتا کے نہین
ہوا ہے حاکم مرافعہ نے حکم حاکم فوجداری کا کہ مدار اوسکا اون چھ آدمیون کی شہادت پر تھا کہ دو
انمین سے یعنی محمد بخش وکیل نکاح اور ملا ابراہیم نکاح خوان کہ مباشر فعل ہین اور ایجاب منجانب وکیل
بیان نہین کرتے اور تعریف مسماۃ کی نہین کرتے اور باقی چار بھی ایجاب منجانب وکیل بیان
نہین کرتے اور وکالت محمد بخش کی کہ موقوف علیہ نکاح ہی بجز امیر اللہ ایک گواہ کے ثابت نہین
ہوتی کہ بحق کلو ہوا تھا بعد تحقیق موقع کے تیرہ آدمیون ثقہ اہل محلہ مذکورین سے اوپر احبشمرا کلو
و محمد بخش کے اوپر نہونے نکاح اور اٹھائیس آدمیون مذکورین سے اوپر نہونے نکاح کلو کی ساتھ
منتا کے کہ مجموعہ کل آدمیون کا اکتالیس کو پہونچتا ہی مسترد فرمایا اب بعض اصحاب نے بعض روایات
ضعیفہ کہ مانحن فیہ سے کچھ تعلق نہین رکھتے ہین کسواسطے کہ مدار دعوی وکالت محمد بخش ہے اور ان
روایات سے ثبوت وکالت محمد بخش بشہادت یک کس مسمی امیر اللہ ثابت نہین ہوتا خلاف
فیصلہ حاکم مرافعہ کی تحریر کیے ہین صورت مسئول عنہا مین حکم حاکم مرافعہ صحیح ہی یا حاکم فوجداری کا
الجواب بعون الموفق للصدق والصواب والیہ المرجع والمآب نکاح کلو کا ساتھ منتا کے ثابت
نہین ہی چرا کہ موقوف علیہ نکاح منتا سے وکالت محمد بخش ہی اور منتا کو وکالت اور نکاح ہر دو سی
انکار محض ہے سوای ایک کس امیر اللہ کے کوئی وکیل کرنا منتا کا محمد بخش کو واسطے نکاح کے ساتھ
کلو کے بیان نہین کرتا ایک گواہ کہ انصاب شہادت نہین ہے کیسی مثبت وکالت کہ مدار نکاح صورت
مسئول عنہا مین ہی ہوسکتا ہے پس اس صورت مین موافقت دعوی کلو کے ساتھ شہادت
باقی گواہون کی نہوئی پس اس صورت مین روایت مدخلہ مجیب اول بحوالہ درمختار اوپر اثبات
دعوی کلو کے مثبت عدم اثبات کی ہوئی اور عالمگیری مین ہی الشہادۃ ان وافقت الدعوی قبلت
والا فلا اور دوسری جگہ عالمگیری مین ہے وان تکون موافقۃ للدعوی اور درمختار مین ہی وموافقۃ
الشہادۃ الدعوی اور اگر بفرض محال شہادت بقدر نصاب فرض کیجاوے تاہم خلاف متواتر
اور مشہور کے کہ اکتالیس آدمیون ثقہ اہل محلہ نے اوپر نہونے نکاح کلو کے ساتھ منتا کی گواہی دی
مقبول عند القاضی نہین ہے بحکم اس روایت کے البینۃ اذا قامت علی خلاف المشہور المتواتر
لا تقبل وہو ان یشتہر ویسمع من قوم کثیر لا یتصور اجتماعہم علی الکذب تنقیح الحامدیہ اور جو کہ صحت

شہادت وکیل نکاح و نکاح خوان کی مجیب اول نے لکھی ہے سراسر خلاف قواعد کلیہ اور جزئیہ

شرع شریف ہی کسواسطے کہ یہ شہادت علی نفسہ ہے اور وہ مقبول نہیں بموجب ان روایات معتبرہ کی انما القبل

شهادة المامور اذا لم يذكر انه عقده لئلا يشهد على فعل نفسه درمختار وكذا الدلال والوكيل لو باثبات

النكاح اما لو شهدا انها امرأته تقبل والحيلة انه يشهد بالنكاح ولا يذكر الوكالة ردمحتار نقلا عن البزازية

والتسهيل الوكيلان بالبيع والدلالان اذا شهدا وقالا نحن بعنا هذا الشيء من فلان لا تقبل شهادتهما كذا

في الذخيرة عالمگيري شهدا ان فلانا امرهما بتزويج فلانة منه او بخلعها او اشترا له عبدا ففعلتا فان كان

ينكر الموكل الامر والعقد او يقر بالامر لا العقد او يقر بهما وكل على وجهين اما ان يدعي الخصم العقد مع الوكيل

او ينكر فان كان الموكل ينكر لا يقبل في الفصول كلها وان كان الامر يقر بهما والخصم يقر بالعقد قضى بالاقرار

لا بالشهادة بهما الخلع والنكاح والبيع فيهما سواء عالمگیری اور جو مجیب نے ترجیح ساتھ نفاذ حکم قاضی اول کے

اوس روایت ثبت صحت شہادت مباشر فعل کی بیان کی وہی ثبت عدم نفاذ حکم قاضی اول کی

ہی چراکہ حکم قاضی اول کا خلاف کتاب اللہ تعالی جل شانہ وعم نوالہ کے ہی فرمایا ہے واستشهدوا

شهيدين من رجالكم اور محمد بخش کی وکالت کا فقط ایک ہی گواہ ہے [illegible] نے ستر

فرمایا اور حکم قاضی اول کا جس وقت خلاف شرع ہو تو قاضی ثانی جاری نکرے بموجب اس روایت

درمختار کے الا عن دلیل مجمع او خالف کتابا او سنة مشهورة او اجماعا [illegible] تائید عدم صحت شہادت

مباشر فعل کی قرآن شریف سے بھی نکلی ہے اللہ تعالی نے فرمایا ہے واشهدوا اذا تبايعتم

اور رستا ہے کہ تو جب تم سودا کرو یعنی اپنے معاملات پر گواہ کر لیا کرو نہ یہ کہ خود اپنے قول وفعل پر

ہو جایا کرو پس اس سے معلوم ہوا کہ اصل شہادت گواہی دینا ہے اوپر قول اور فعل دوسرے کے اور [illegible]

اوپر محمد بخش کے ساتھ مدعی کے بمقابلہ مدعا علیہم کے [illegible] گفتگو کرتا ہے چنانچہ [illegible] اپنے [illegible]

لکھوایا ہے کہ اگر تم رخصت نکرو گے تو ہم نالش کرینگے اور ہم ہیں اور حرف ثانی ہیں خوب [illegible]

ہوا شہادت ایسے شاہد کی ہرگز مقبول نہیں چنانچہ درمختار کے ہے الا اذا [illegible]

[illegible] اور مجیب فرماتے ہیں اجازت دینا محمد بخش کا بھی ایجاب [illegible]

[illegible] لفظ اجازت الفاظ نکاح سے نہیں ہے بلکہ الفاظ نکاح [illegible]

[illegible] الفاظ تزویج و نکاح اور [illegible] بیان [illegible]

بلکہ بلفظ اجازت بھول کرکے تو ہرگز نکاح منعقد نہیں ہوتا چنانچہ درمختار میں مرقوم ہے ولا یصح

بلفظ اجازۃ واعارۃ ووصیۃ وبالالفاظ المصحفۃ کتجوزت اور اگر بالفرض محال تسلیم بھی کیا جاوے تاہم نکاح کہ موقوف علیہ اوسکا وکالت محمد بخش ہی بنا برنہ ثابت ہونے وکالت کے پایۂ ثبوت کو نہیں پہونچتا اور وہ جو مجیب نے قلمی کیا ہے کہ یہ کہنا کہ ملا ابراہیم نے نکاح باندھا دلالت کرتا ہے اوپر ایجاب وقبول کے معلوم ہوا اس طرز مجیب سے کہ عاقد کلو اور محمد بخش وکیل نہیں ہیں بلکہ کار ایجاب وقبول ملا ابراہیم نے کیا حالانکہ اظہارات جملہ گواہان پیش کردہ کلو اور نیز اظہار کلو سے معلوم ہوتا ہے کہ قبول فقط کلو نے کیا اور وہ جو مجیب لکھتے ہیں کہ یہ کیسی وکالت ہے کہ پانچ آدمیوں سے ثابت نہیں ہوئی اگر محمد بخش مدعی وکالت لاکھ گواہ پیش کرے اوپر اثبات وکالت اور دو اوسمیں سے یہ نہ بیان کریں کہ ہمارے سامنے منتا نے محمد بخش کو وکیل اپنے نکاح کا کیا جب بھی وکالت ثابت ہوگی نہ کہ پانچ گواہ ایسے اور وکالت ان الفاظ سے منعقد ہوتی ہے

وکیل کیا میں نے تجکو اس بیع میں یا اس مقدمہ میں چنانچہ عالمگیری کے ہے واما رکنہا فالالفاظ

التی تثبت بہا الوکالۃ مثل قولہ وکلتک ببیع ہذا العبد او شرائہ کذا فی السراج الوہاج یہ جو مجیب لکھتے ہیں کہ بیان کرنا حد تک کچھ ضرور نہیں بلکہ تعریف ہونا چاہیے لاریب ایسا ہی ہے مگر گواہان نے ایسی صفت یا صنعت منتا کی بیان نہ کی جس سے رفع جہالت ہوتا اور مجیب نے جو یہ بیان کیا کہ اول تو تین آدمیوں نے تعریف مشہود علیہ یعنی کلو کی نہیں کی ثانیاً یہ کہ غایت ان گواہونکی یہ تھی کہ اقرار مدعی کی نسبت عدم وقوع نکاح ثابت ہوگا اور جب گواہوں سے نکاح ثابت ہو گیا تو فرع اس قول کی تکذیب ہوگی اور یہ قول ممتنع قرار پاویگا اور اقرار بالمحال باطل ہے فقط یہ کہنا کہ جب گواہوں سے ثابت ہو گیا اب عدم اثبات نکاح اقرار عدم نکاح سے کہ اقرار بالمحال ہے باطل ہے [illegible] اثبات نکاح کلو کا بوکالت محمد بخش غیر متحققہ ہے بیان فقط قبول کلو از ابتدا تا انتہا ثابت نہیں ہوا اثبات نکاح کو مفروض کرکے اقرار عدم نکاح کو اقرار بالمحال کہکر باطل کہنا باطل ہے یا اقرار عدم نکاح [illegible] وکیل مدعی بعد تاریخ دعوی نکاح کے اور زیادہ معین اور موید عدم

[illegible] نکاح کا ہے [illegible] اور دعوی اقرار نکاح رفع کے مقبول ہے واما دعوی الاقرار فی الدفع فتسمع

عند العامۃ [illegible] اور [illegible] لینا کلو کا معاف قرینہ قاطع اوپر نہونے نکاح بر حسب رواج

بلد کے اور برہان ساطع ہی اور وہ جو مجیب قلمی فرماتے ہین کہ تعریف مشہود علیہ یعنی کلو کی نسبت کی یہ فقط ادعا ہی سب گواہون متواتر نے تعریف مشہود علیہ کی کی ہی حاصل الجواب وکالت محمد بخش گواہو سے ثابت نہین علاوہ برین مشہود علیہ یعنی بنتا کی تعریف نہ کی ایجاب کسی نے منجانب وکیل بیان نکیا اس صورت مین نکاح کلو کا ساتھ بنتا کے کسی صورت مین ثابت نہین ہوتا ہے واللہ اعلم بما کان حررہ العبد الضعیف الراجی الی رحمۃ اللہ القوی المنان محمد تفضل حسین خان عفا اللہ عن سیاٰتہ وادخلہ فی یوم البعث والنشور فی الجنان

محمد تفضل حسین خان

ان ہذا الجواب قرین بالحق والصواب وخلافہ باطل صریح واللہ اعلم محمد لبشارت اللہ ولد مفتی محمد سعد اللہ ہذا الجواب صحیح محمد عبد اللہ - محمد عبد الغنی - مدرس مدرسۂ اول رامپور - الجواب صحیح محمد اکبر علی خان

ہو المصوب اس صورت مین شہادت ملا ابراہیم نکاح خوان کی معتبر نہین اس وجہ سے کہ وہ مباشر فعل ہی اور مباشر فعل کی شہادت جب وہ عین شہادت مین مباشرت فعل کا ذکر کرے غیر معتبر ہی باقتضای عبارت فتاوی قاضیخان کے رجل تولی تزویج امرأۃ من رجل ثم مات الزوج فانکرت ورثتہ نکاحہا یجوز للذی تولی العقد ان یشہد بالنکاح یشہد ان فلانا تزوج فلانۃ بمہر کذا ولا یذکر انہ باشر العقد اور شہادت محمد بخش وکیل کی بھی غیر معتبر ہی باقتضای اس عبارت فتاوی عالمگیریہ کے شہدا ان فلانا امرہما بتزویج فلانۃ او بخلعہا او ان اشتریا لہ عبدا ففعلنا فاما ان ینکر الموکل الامر والعقد او یقر بالامر والعقد او یقر بہما وکل علی وجہین اما ان یدعی الخصم العقد مع الوکیل او ینکر فان کان الموکل ینکر لا یقبل فی الفصول کلہا انتہی اور بقیہ گواہون نے جنھون نے تعریف مسماۃ کی ایسی نہ کی کہ جس سے رفع جہالت ہو اونکی گواہی بھی مثبت نہو گی اشباہ مین ہی المشہود علیہ لبنی ان کان حاضرا کفت الاشارۃ الیہ وان کان غائبا فلا بد من تعریفہ باسمہ واسم ابیہ وجدہ ولا یکفی الاقتصار علی اسمہ الا ان یکون مشہورا وتکفی النسبۃ الی الزوج لان المقصود الاعلام انتہی اور فصول عمادیہ مین ہی الحاصل ان المعتبر انما ہو حصول المعرفۃ وارتفاع الاشتراک انتہی اور جہان کہ مسماۃ وکالت وعقد دونون سے منکر ہی اثبات وکالت کے واسطے دو گواہ ضرور ہین بحر الرائق مین ہی ولغیرہا رجلان او رجل وامرأتان اطلقہ فشمل المالی وغیرہ کالنکاح والطلاق والوکالۃ والوصیۃ والعتاق والنسب انتہی اور اس صورت مین سوای امر اللہ کے کسی نے اثبات

توکالت نہین کیا صرف عقد کا ہونا بوکالت محمد بخش بیان کیا اسقدر بیان سے وکالت ثابت نہین ہوگی جبتک یہ بیان نکرین کہ ہمارے سامنے مسماۃ نے محمد بخش کو وکیل نکاح کیا تھا بناءً علی ہذہ الوجوہ صورت مذکورہ مین نکاح ثابت نہین ہوتا ہے اور ایک جم غفیر کی شہادت عدم نکاح کی اور اقرار مدعی و وکیل کا نکاح نہونے پر مرجح عدم ثبوت نکاح ہے اور بعد معائنہ تحریرات بعض علما جنھون نے حاکم فوجداری کے حکم کی تائید کی ہو اور اعذار حاکم مرافعہ کے یہ امر محقق ہوتا ہے کہ اس صورت مین حکم حاکم مرافعہ کا درست ہے اور حکم حاکم فوجداری کا بسبب اوسکے کہ خلاف شرع واقع ہوا ہے قابل امضا نہین ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم ما قولھم رحمہم اللہ اندرین مسئلہ کہ ایک شخص چاہتا ہے کہ مین اپنا نکاح اپنی سالی کی پوتی یعنی جورو کی بھائی کی پوتی سے کرون اور یہ بات کہ جمع سے پائی جاتی ہے کہ بحالت زندگی پھوپھی کے اوسکی بھتیجی کو نکاح مین رکھنا نچاہیے پس اگر اوسکی سالی کی بہن زندہ نکاح مین موجود ہے تو وہ نکاح اپنا سالی کی پوتی سے کر سکتے ہین یا نہین بینوا توجروا بحوالۃ الکتاب

ہو المصوب نہین درست ہے تنویر الابصار مین ہے وحرم الجمع نکاحا وعدۃ ووطیا بملک بین امرأتین ایّہما فرضت ذکرا لم تحل للاخری انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

استفتا نحمدہ اللہ وحدہ والصلوۃ علی من لا نبی بعدہ بخدمت علمای دین و مفتیان شرع متین التماس اینکہ در عقد نکاح از مدت رسمی ست کہ بعد انصرام عقد مناکحت خرمہا بر حضار مجلس عقد ایثار و تقسیم میکنند و ہمانوقت قبل نکاح یا بعد لباس مشروع حسب حیثیت از جانب زوج بر زوجہ می پوشانند و نیز ہمونوقت بعد نکاح طعام شیرین بحاضران مجلس میخورانند درین باب از شرع شریف چہ حکم ست آیا در زمان رسول مقبول علیہ الصلوۃ والسلام و یا در عہد خلافت خلفاء راشدین رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین اینچنین امر واقع آمدہ است یا نہ بینوا از دلائل منقول معتبر از جواب این ہر سہ امر ممنون و مشکور فرمایند رحمکم اللہ و اجرکم اللہ و اگر کسی میداند کہ این ہر سہ امر مشروع نیست لیکن بطور تحفہ و ہدیہ بنظر اتحاد و شادمانی جاری میدارد پس آنکس آثم و گنہگار خواہد شد و مرتکب

بدعات یا اجرے خواہد یافت بینوا توجروا

ہو المصوب پوشانیدن لباس حسب مقدرت از جانب زوجہ بزوج و از جانب زوج بزوجہ نہ شرعا ممنوع ست و نہ در بدعات سیئہ داخل ست و ہمچنین خورانیدن طعام در مجلس نکاح بعد نکاح و تقسیم خرما وغیرہ از بدعات سیئہ نیست کہ بارتکاب آنہا گناہ لازم شود بلکہ ازین قبیل مباحات ست و آنچہ در باب اکل و شرب و لباس مباح ست در ارتکاب آن بنظر اتحاد و وداد و حسن اخلاق ہیچ مضائقہ نیست البتہ اگر آنرا سنت فہمد و غیر مسنون را مسنون گمان سازد گناہ لازم خواہد شد این بر تقدیریست کہ ثبوت این امور بوجہ من الوجوہ از زمانہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم و صحابہ نشود پس بہمین تقدیر صرف نبودن این امور کہ از قسم عبادات نیستند در ان زمن باعث ابتداع نخواہد شد و از بعض روایات ثبوت خورانیدن طعام بمجلس نکاح از طرف اولیاء عروس و تقسیم خرما در عہد نبوی ثابت ست جلال الدین سیوطی در رسالۂ خود بجہ ازہار العروش باخبار الخدوش در قصہ نکاح ام حبیبہ رض بنت ابی سفیان با آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کہ بولایت نجاشی بادشاہ حبشہ در حبشہ شدہ بود گفتہ ناقلا من طبقات ابن سعد ثم بعد الفراغ من النکاح ارادوا ان یقوموا فقال النجاشی اجلسوا فان سنۃ الانبیاء اذا تزوجوا ان یوکل طعام علی التزویج فدعی بالطعام فاکلوا ثم تفرقوا انتہی و در بیہقی و معجم اوسط طبرانی وغیرہ مرویست ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم حضر فی املاک ای عقد نکاح فاتی باطباق علیہا جوز و لوز و تمر فنثرت فقبضنا ایدینا فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما لکم لا تاخذون فقال لانک نہیت عن النہبی فقال انما نہیتک عن نہبی العساکر خذوا علی اسم اللہ انتہی لیکن سند این روایات ضعیفست و بسند صحیح معتبر خالی از خدشات کدامی روایت درین باب وارد نشدہ است الحاصل بر تقدیر ثبوت ہمچو امور در عہد نبوی کلامی نخواہد ماند و بر تقدیر عدم ثبوت ہم ارتکاب این امور از بدعات سیئہ نخواہد شد بلکہ از امور مستحدثہ مباحہ واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی و الخفی

استفتا چہ میفرمایند علمای دین اندرین مسئلہ کہ مدعی سہ وجوہ اثبات دعوی خود یعنی شہود جلسۂ نکاح دوم شہود رضای زوجہ بعد نکاح بر عقد نکاح با مدعی سوم شہود وقوع خلوت صحیحہ با مدعی در عدالت پیش کردہ و شہود جلسۂ نکاح بر انعقاد نکاح ادای شہادت کردند

از انیس ... مرسلہ مولوی لطف اللہ صاحب ... صفر ۱۲۹۹ھ

لیکن بسبب عدم ثبوت توکیل وکیل از شہود نکاح بثبوت نہ پیوست آیا درین حالت قاضی را شہود رضای زوجہ وخلوت صحیحہ سماعت نمودن میرسد یانہ ودر صورت ثبوت رضاے زوجہ ویا خلوت صحیحہ تکمیل صحت نکاح خواہد گردید یانہ بینوا توجروا

ہوالمصوب در صورت ثبوت رضای زوجہ بعد رسیدن خبر نکاح باو وثبوت خلوت صحیحہ تکمیل نکاح می شود در فتاوی عالمگیریہ می آرد ولو اقام الزوج البینة انہا اجازت العقد حین اخبرت واقامت البینة انہا ردت حین اخبرت کانت البینة بینة الزوج کذا فی السراج الوہاج انتہی وہمدران ست کما یتحقق رضاہا بالقول کقولہا رضیت وقبلت واحسنت واصبت وبارک اللہ لک ولنا ونحو یتحقق بالدلالة کطلب مہرہا ونفقتہا وتمکینہا من الوطی کذا فی التبیین انتہی وہمدران است لو خلا بہا برضاہا لا روایة لہذہ المسئلة قال وعندی ان ہذا اجازة کذا فی الظہیریة انتہی وہمچنین است در بزازیہ وجامع الفصولین وغیرہ بناء علیہ ہرگاہ شہود جلسۂ نکاح ادای شہادت وقوع نکاح کردند قاضی را سماعت نمودن شہود رضای زوجہ وخلوت صحیحہ میرسد واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتاء چہ فتوی میدہند علمای دین اندرین صورت کہ زنے نابالغہ را ولی غیر جاب بر نکاح دادہ بود ند بعد بلوغ باشرائط شرعی نکاح خود فسخ کردہ بلا تفرقہ قاضی بامردے دیگر نکاح کردہ است اکنون این نکاح آن صحیح گردد یانہ اگر صحیح نگردد حکم انفساخ نکاح آن باطل شود یا باقی ماند وقضای قاضی در ملک بنگالہ کہ زیر حکم سلطان بیدین است در ینجا عدالت قاضی ہم میسر نمیشود در صورت تفرقہ قاضی حاصل گردد یانہ بینوا توجروا

ہوالمصوب در فسخ نکاح بخیار بلوغ قضاء قاضی شرط است چنانکہ در رد المحتار می آرد حاصلہ انہ اذا کان المزوج للصغیر والصغیرة غیر الاب والجد فلہما الخیار بالبلوغ او العلم بہ فان اختار الفسخ لا یثبت الفسخ الا بشرط القضاء انتہے بناءً علیہ در صورت سوال نکاح دوم صحیح نخواہد شد ودر جامع الفصولین می نویسد لو اختار احدہما الفرقة ورد النکاح بخیار البلوغ لم یکن ردا ولا یبطل العقد ما لم یحکم بہ القاضی فیتوارثان قبل الحکم انتہی ودر بلاد یکہ زیر حکومت کفار اند وقضاء قاضی در آنجا

[illegible] ۱۵ شعبان سنہ ۱۲۹۹ ہجری

مفقود ست اگر ہمچو واقعہ افتد ضرورست کہ صاحب معاملہ بہ بلاد اسلام کہ دران قضاۃ قاضی
موجودست مثلا بلاد حجاز و بلاد روم وغیرہ و از بلاد ہند رامپور و بھوپال وغیرہ رفتہ انفصال
سازد یا بذریعۂ تحریر از قضاۃ بلاد اسلام حکم فسخ طلب سازد واللہ اعلم حررہ الراجی
عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم ما قولکم ایہا العلماء الفضلاء فی الدراہم والدنانیر وغیرہما
التی یاخذہا الزوج من اہل المرأۃ قبل النکاح حین الخطبۃ کما ہو معتاد فی اکثر بلادنا
ایجوز ہذا ام لا بینوا توجروا

جواب اما الدراہم والدنانیر وغیرہما التی یاخذہا الزوج من اہل المرأۃ قبل النکاح فقال
فی الدر المختار اخذ اہل المرأۃ شیئا عند التسلیم فللزوج ان یستردہ لانہ رشوۃ انتہی قولہ عند التسلیم
ای بان ابی ان یسلمہا اخوہا او نحوہ حتی یاخذ شیئا وکذا لو ابی ان یزوجہا فللزوج الاسترداد قائما
او ہالکا لانہ رشوۃ رد المحتار وقال فی خطرہ ومن السحت ما یاخذہ الصہر من الختن بطیب نفسہ
انتہی فعلم من ہذا ان ما یاخذہ الزوج من اہل المرأۃ قبل التزوج فلہم ان یستردوہ بالاولی لانہا
رشوۃ کما فی ہبۃ رد المحتار حبطت المال علی نفسہا عوضا عن النکاح وفی النکاح العوض لا یکون
علی المرأۃ انتہی ولان اہل دیارنا سموہ فی لسانہم گنکور ومعناہ فی لغۃ العرب رشوۃ فیکون صریحا
فی الرشوۃ فیرجع بہا قائما وہالکا لان الرشوۃ لا تملک بالقبض کما فی الدر المختار انتہی فالرشوۃ
یحرم اعطاؤہا واخذہا فقط واللہ اعلم کتبہ افقر العباد الی اللہ شیخ یوسف بن قادر احمد عفی عنہ
صح الجواب واللہ اعلم بالصواب حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا کیا فرماتے ہین علماے دین اسمین کہ شخص ہندی فاروقی صدیقی کا یا ہندوستانی
سید کا یا ہندی شیخ کا یا ہندی شیخ ہندوستانی پٹھان کا کفو ہی یا نہین اور اسیطرح پٹھان کا
نکاح اوس عورت ہندی کے ساتھ جو قوم سید سے ہو درست ہے یا نہین

ہو المصوب عرب مین کفاءت بحسب نسب کے معتبر ہے اور عجم مین باعتبار حریت
اور اسلام اور دیانت اور حرفہ کے اور عجم سے مراد وہ شخص ہے جسکو انتساب کسی قبیلہ عرب سے
نہو اور جسکا نسب قبیلۂ عرب سے متصل ہو وہ حکم عرب مین ہے درمختار مین ہے تعتبر الکفاءۃ

مرسلہ مولوی مجید الدین احمد فلسفی ساکن آگرہ محلہ دھنکوٹ مکان نمبر ۳۴ بماہ رجب ۱۳۰۹ ہجری

از مدراس تنیال پیٹ کوچہ پیران علی مکان نمبر ۳ مرسلہ

نسبًا فقریش بعضهم اکفاء لبعض و بقیة العرب بعضهم اکفاء لبعض هذا فی العرب اما فی العجم فیعتبر حریة
واسلامه و دیانة و حرفة انتهی اور رد المحتار میں ہے المراد بالعجم من لم ینتسب الی احدی قبائل
العرب و یسمون الموالی والعتقاء و عامة اهل القری والامصار فی زماننا منهم سواء تکلموا بالعربیة
او غیرها الا من کان له نسب معروف کالمنتسبین الی احد الخلفاء الاربعة او الی الانصار و نحوهم انتهی
اور بھی در مختار میں ہے العجمی لا یکون کفوا للعربیة انتهی اور فتح القدیر اور بزازیہ وغیرہ میں ہے
العالم العجمی یکون کفوا للعربی الجاهل والعلویة لان شرف العلم فوق شرف النسب انتهی ان عبارات سے
یہ امر ثابت ہوا کہ اہل ہند جنکا نسب کسی قبیلہ عرب سے ملتحق ہے جیسے صدیقی فاروقی شیخ انصاری
سید وغیرہ اون سب میں آپسمیں کفاءت ثابت ہوا اور جو قوم کہ اوسکا نسب کسی قبیلہ عرب سے
نہ ملتا ہو وہ کفو اون لوگون کا نہیں ہے مگر یہ کہ عالم ہو واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

استفتاء اعلان نکاح کے واسطے طبل کا بجانا مباح ہے یا نہیں

هو المصوب اعلان نکاح کیواسطے دف کا بجانا مباح ہے حدیث میں وارد ہے اعلنوا
النکاح ولو بالدف اخرجه الترمذی وغیرہ بالفاظ متقاربة اور سوای اوسکے اور مزامیر طبل
یا طنبور یا سوای آن بہ نصوص صریحہ صحیحہ ممنوع ہیں اسیواسطے حنفیہ بھی نکاح میں صرف
دف کی اجازت دیتے ہیں اور اوسکو بھی مشروط اس امر کے ساتھ کرتے ہیں کہ بے جھانجھ کے ہو
خزانة الروایات میں ہے فی الغیاثیة ضرب الدف فی النکاح اعلانا و تشهیرا سنة و فی الخلاصة
لا باس بالدف لیلة العرس انتهی اور بحر میں ہے ینبغی ان یکون بلا جلاجل انتهی
خلاصہ یہ ہے کہ سوای دف کے اور کسی باجے کے بجانے کی اعلان نکاح کیواسطے اجازت
نہ تو احادیث سے ثابت ہے نہ کسی حنفی معتبر نے اسکی تصریح کی ہے واللہ اعلم حررہ الراجی
عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتاء کیا فرماتے ہیں علمای دین و مفتیان شرع متین اس امر میں کہ بجانا دف کا
واسطے اعلان نکاح کے مباح ہے یا مستحب دف بوقت نکاح یا بعد نکاح بجانا مستحب ہی یا سنت
اور مزامیر و ملاهی مثل نقارہ یا ہندوستانی باجا انگریزی نوبت مع زیر و بم و شہنائی وغیرہ جائز بہ نسبت

شادی مین بجانا جائز ہی یا نہین اور امام شافعی رح کے یہان نوبت وشہنائی بجای دف کے
جائز ہی یا حرام بجای دف کے باجا نوبت وشہنائی وغیرہ پر قیاس کرنا درست ہے یا نہین
کتب فقہ وتفسیر وحدیث سے تحریر فرماوین بینوا التوجروا

الجواب ہو الملہم للصواب احادیث صحیحہ سے حرمت جملہ مزامیر کی ثابت ہی اور دف کی حلت
بوقت نکاح وغیرہ مجالس سرور مین بھی ثابت ہی اور یہی مختار محققین حنفیہ وشافعیہ کا ہی کہ مجالس
نکاح مین بغرض اعلان دف بجانا درست ہے نہ اور کوئی باجا انگریزی ہو یا ہندوستانی جامع ترمذی
وغیرہ مین مروی ہی قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تکون فی امتی خسف ومسخ اذا ظہرت القینات
والمعازف اور مسند احمد مین مروی ہے ان اللہ حرم الخمر والمیسر والکوبۃ اور بھی اوسی مین مروی ہی
ان اللہ امرنی ان امحق المزامیر اور سنن ابو داؤد وغیرہ مین مروی ہے عن نافع قال سمع ابن عمر
مزمارا فوضع اصبعیہ فی اذنیہ ونأی عن الطریق وقال یا نافع ہل تسمع شیئا فقلت لا فرفع اصبعیہ
وقال کنت مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فسمع مثل ہذا فصنع مثل ہذا اور جامع ترمذی وغیرہ مین مروی ہی
اعلنوا النکاح واضربوا علیہ بالغربال اور ابن حجر مکی شافعی کتاب الزواجر عن اقتراف الکبائر مین
لکھتے ہین یحرم ضرب واستماع کل مطرب کطنبور وعود ورباب وجنک وکمنجہ ووتر وسنطیر ودف ومزمار
عراقی ویراع وہو الشبابۃ وکوبۃ وغیر ذلک من الاوتار والمعازف وصح من طرق فقد علقہ البخاری ووصلہ
الاسماعیلی واحمد وابن ماجۃ وابو نعیم وابو داؤد باسانید صحیحۃ لا مطعن فیہا انہ صلی اللہ علیہ وسلم قال
لیکونن فی امتی قوم یستحلون الحر وہو الفرج والحریر والخمر والمعازف وہذا صریح ظاہر فی تحریم جمیع
آلات اللہو المطربۃ انتہی ملخصا وفتاوی خلاصہ مین ہے لا باس بالدف لیلۃ العرس انتہی اور فتاوی
غیاثیہ مین ہی یجب ان یکون بلا جلاجل انتہی الحاصل مجالس نکاح وغیرہ مین کسی باجہ کا بجانا جائز
نہین ہے سوائے دف کے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

سوال استفتا علمای دین ومفتیان شرع متین سے التماس ہے کہ اس عبارت کتاب کے
معنی بلفظہ تحریر فرماوین اور نیز یہ ارشاد فرماوین کہ اس عبارت سے طبل ودف کی اباحت
اعلان نکاح مین ثابت ہوتی ہی یا نہین یہ ملاہی ومزامیر وطنبور ونقارہ ودف وغیرہ بالاتفاق حرام ہی
مگر طبل غازی یعنی نقارہ ہنگام جنگ یا واسطے اعلان نکاح بینوا توجروا

الجواب واضح ہو کہ مالا بد منہ کی عبارت کی تشریح یہ ہے کہ اسمین اولا ملاہی ومزامیر وطنبور
ودہل ونقارہ ودف پر حکم حرمت کا ثابت کیا پھر چونکہ یہ امور علی الاطلاق حرام نہین تھے بلکہ
بعضی صورت مین جائز بھی تھے اسلیے حرف مگر لا کر اوس سے دو چیز کو استثنا کیا ہو یعنی
ایک طبل یعنی نقارہ اور دوسرا دف اور ان دونوں چیزون پر علی الاطلاق اباحت کا حکم نہین
کیا ہے بلکہ جنگ و اعلان نکاح سے مقید کیا اس سے ثابت ہوا کہ طبل اور دف اگر بقصد لہو کے
ہو تو حرام ہے اور بقصد جنگ و اعلان نکاح کے جائز ہے اور طبل کو جنگ سے کچھ خصوصیت
نہین اور ایسا ہی دف کو اعلان نکاح سے کچھ خصوصیت نہین بلکہ جنگ مین طبل اور
دف ہر دو جائز ہین اور اعلان نکاح مین طبل اور دف ہر دو جائز ہین لیکن مالا بد کی کتاب
مختصر ہے اوسمین پوری تفصیل نہین ہے اسلیے اوسمین دھوکا ہوتا ہے دوسری بڑی
کتابون مین جیسے طحطاوی وشامی وغیرہ مین اوسکی تفصیل موجود ہے واللہ اعلم بالصواب

الجواب الثانی مخفی مباد بر اہل سواد و مواد مالا بد منہ کی عبارت فارسی کچھ ایسی دقیق نہین جسمین
اسقدر خلاف واقع ہو اسکے معنی صاف ظاہر ہین یعنی عبارت مذکور ملاہی ومزامیر وطنبور ودہل ونقارہ

ودف وغیرہ بالاتفاق حرام ست مگر طبل غازی یعنی نقارہ ہنگام جنگ یا دف برای اعلان نکاح
انتہی اسکے معنی یہی ہین کہ اشیاء لہو ولعب مزامیر اور طنبورہ اور نقارہ اور دف بالاتفاق حرام ہین اور
طبل غازی یعنی نقارہ جنگ کیوقت حلال ہے اور دف اعلان نکاح کے واسطے حلال ہے اسیطرح
کتاب حمادیہ ہدایہ اور فتاوی کبری وغیرہ کتب حنفیہ مین بالتصریح موجود ہے واللہ اعلم بالصواب
پس جوابین مرقومۃ الصدر مین اختلاف پیدا ہوا ہے جو بات کہ صحیح ہے اوسکو بدلائل کتب معتبرہ
تحریر فرما کے فیض بخشای عام و خاص ہو وین

ہو المصوب فتاوی و شروح معتبرہ حنفیہ مین مصرح ہی کہ سوای دف کے جملہ مزامیر
حرام ہین البتہ بعضے حنفیہ نے نقارہ جنگ کے اباحت کی تصریح کی ہے اور دف بغرض
اعلان نکاح کو مباح لکھتے ہین مالا بد منہ کی عبارت کا صحیح مطلب یہی ہی کہ سب چیزین حرام ہین
صرف دف بغرض اعلان نکاح اور نقارہ جنگ کیوقت حلال ہی نہ یہ کہ نکاح کے وقت نقارہ
بھی حلال ہے اور اگر بالفرض مالا بد کی عبارت اسپر دال بھی ہو تو یہ کلام بمخالفت اور حنفیہ کے

کلام کے مقبول نہوگا کتب معتبرہ مین کہین نقارہ کی بوقت نکاح اجازت نہین ہی بلکہ ممانعت صرح ہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۳۱۷ استفتا مولانا صاحب مفسر احادیث وفقہ مولوی محمد عبد الحی صاحب دام برکاتہ ہدیہ سلام کے بعد مدعا یہ ہے کہ منجانب فریقین مندرجہ عنوان کے دو قطعہ عرضی آپکے پیش ہوے جسمین مطابق سوالات کے جوابات حسب مرضی ہر فریق صادر ہوے ہین اور یہ متباین بوجہ اسکے ہی کہ جیسا سوال ویسا جواب لہذا سوال مجوزہ عدالت مندرجہ ذیل ابلاغ خدمت والا درجت ہی اور مستدعی جواب ہون امید ہی کہ مہر و دستخط سے مزین فرما کے قبل تاریخ ۱۹ مئی ۱۸۸۸ء کے واپس فرما کے ممنون فرماوین **سوال** فرض کیا جاوے کہ زید پسر نابالغ کا نکاح بولایت پدر بہمراہ ایک دختر ہندہ نابالغہ کے بلا اطلاع و مرضی پدر ہندہ کے مادر ہندہ نے کر دیا ہے بعد چند ماہ کے پدر ہندہ آوے اور اس نکاح سے مطلع ہوا اور ساکت رہے اور پدر ہندہ و ہندہ خود بعد بلوغ کے اپنے پندرہ خواہ سولہ سال کے سن تک کوئی دعوی انفساخ ایسے نکاح کا نکرے تو یہ نکاح کیا تسلیم کر لیا جاویگا اور کیا نکاح جائز سمجھا جاویگا فقط المرقوم ۲۲ اپریل ۱۸۸۸ء الراقم پنڈت کشن نرائن منصف اترولہ ضلع گونڈہ

ہو المصوب اس صورت مین یہ نکاح جائز سمجھا جاویگا اگرچہ درصورت نکاح کر دینے مادر صغیرہ کے اس صغیرہ کو بعد بلوغ کے اختیار فسخ کا ہوتا ہے مگر وہ اختیار فوری ہی جیسا کہ اس عبارت رد المحتار حاشیہ در مختار سے واضح ہی اذا بلغت وہی عالمۃ بالنکاح او علمت بہ بعد بلوغہا فلا بد من الفسخ فی حال البلوغ او العلم فلو سکتت ولو قلیلا بطل خیارہا ولو قبل تبدیل المجلس انتہی پس ہرگاہ بعد بلوغ کے ہندہ نے کچھ تعرض نہین کیا اوسکو خیار فسخ باقی نرہا اور اگرچہ درباب نکاح لڑکون کے ولایت اولا عصبات کو حاصل ہی جیسے باپ دادا چچا وغیرہ اور نکاح کر دینا مادر کا درصورت موجود ہونے ان اولیاء کے بدون رضا انکے نافذ نہین ہوتا ہے مگر ہرگاہ ولی اقرب باپ وغیرہ رضا اپنی ظاہر کرے اور بعد حاضر ہونے اور مطلع ہونے کے کچھ تعرض نکرے تو وہ نکاح نافذ سمجھا جاویگا در مختار مین ہے ولا یبطل تزویجہ السابق ای تزویج الولی الابعد حال غیبۃ الاقرب بعود الاقرب انتہی پس ہرگاہ اس صورت مین باپ نے بعد آنیکے

تراضی ظاہر کی اور کچھ اعتراض نہین کیا وہ نکاح جائز رہا واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی تحریر بتاریخ غرہ رجب روز سہ شنبہ سنہ ۱۳۰۱ ہجری

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ زن مفقود حنفیہ کے نزدیک امام مالک کے مذہب پر کہ بعد چار سال کے زمانہ فقدان سے نکاح ثانی جائز رکھتے ہین اوس صورت مین کہ جوان ہو اور بیانان او سکے نفقہ کا ہو عمل کر سکتی ہی یا نہین اور بعد نکاح ثانی کے اگر شوہر اول آجاوے تو کیا حکم دیا جاویگا بینوا توجروا

ہو المصوب عند الضرورۃ حنفیہ کے نزدیک تقلید مذہب غیر کی درست ہے اور اس مسئلہ مین بھی حنفیہ تصریح کرتے ہین جیسا کہ جامع الرموز مین ہے وقال مالک الی اربع سنین ولو افتی بہ فی موضع الضرورۃ لاباس بہ علی ما اظن انتہی اور ایسے ہی ردالمحتار وغیرہ مین ہے اور بر تقدیری کہ زن مفقود بعد چار سال کے نکاح کرلے اور پھر شوہر اول آجاوے تو مالکیہ کے اسمین دو قول ہین ایک یہ کہ وہ شوہر اول کے پاس چلی جاوے اور نکاح دوم فسخ سمجھا جاوے اور دوسرا یہ کہ نکاح دوم موجب فسخ نکاح اول ہے پس وہ ثانی کے پاس رہیگی اور اول کو کچھ حق باقی نرہیگا اور جمہور مالکیہ کے نزدیک یہی قول معتبر ومفتی بہ ہے پس حنفی بھی عند الضرورۃ جب مالکیہ کے قول پر عمل کریگا اسی قول کا اوسکے حق مین اعتبار ہوگا واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا چہ میفرمایند علمای دین اندرین مسئلہ کہ نکاح ساتھ دختر ہمشیرزادی کے درست ہے یا نہین بینوا توجروا

ہو المصوب نہین درست ہے عالمگیریہ مین ہے وکذا بنات الاخ والاخت وان سفلن ہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ ایک شخص پنجگانہ نماز نہین پڑھتا اور نہ رمضان کے روزے رکھتا ہے شاید تمام سال مین ایک روزہ اور دس پانچ مرتبہ نماز کا اتفاق ہوجاتا ہی اور یہ ترک صوم وصلوۃ بلا اخفا اور بلاکسی سبب اور عذر شرعی کے محض بے پروائی اور بیباکی کی وجہ سے ہو مسائل شرع اور امور دین کے ساتھ استخفاف اور استہزا

کرتا ہو جھوٹ اور فریب اور غیبت اور سب وشتم مسلمانان اور فحش کلام اور مسخراپن سے
ہرگز اجتناب نہ کرتا ہو بلکہ اکثر اوقات انہین مبتلا رہتا ہو جمعہ وجماعات بلا عذر ترک کرتا ہو
اپنی رنڈی بازی اور بدکاری اور ارتکاب دیگر کبائر کو قصۃً خواہ اپنے جلسونین فخریہ بیان کرتا ہو
مسلمانون کا مال مار لیتا ہو جھوٹی قسم کھانے مین ذرا تامل نکرتا ہو نقض عہد اور خلاف وعدہ کرتا ہو
بدخلقی اور ارتکاب امور خلاف مروت وتہذیب کی وجہ سے عموماً شہر والے اوس سے ناراض
ہون اور برا سمجھتے ہون اور انھین بداعمالیون کی وجہ سے اوس کے خاندان والون نے اپنے یہان
اوسکا نکاح کرنا گوارا نکیا ہو ایسا شخص دیانۃً کسی عورت صالحہ بنت صالح یا فاسقہ بنت صالح کا
جسکے باپ دادے تقوی اور صلاح اور مروت وتہذیب وغیرہ صفات حمیدہ مین مشہور ہون
اور اوسکا ولی اس مرد کے ساتھ نکاح کرنے مین سخت عار سمجھتا ہو شرعاً کفو ہو سکتا ہی یا نہین
اور اگر کفو نہین ہی تو وہ عورت کبیرہ ثیبہ مطلقہ ثلاث بعد انقضای عدت اگر بلا اجازت اور
سراسر بلا رضامندی اپنے ولی کے بعد علم اس بات کے کہ ولی اس فعل سے سخت ناراض ہی
خود نکاح کرلے اور ننگ وعار اپنے اور اپنے تمام خاندان کی رسوائی پر لحاظ نکرے اور ولی کی
ممانعت کو نہ مانے تو یہ نکاح شرعاً درست ہے اور قابل اعتبار ہے یا نہین اور نکاح اگر تحلیل
زوج اول کیواسطے کیا ہو تو اس نکاح سے بعد وطی وہ عورت پہلے شوہر کیواسطے نکاح ثانی کے
ذریعہ سے حلال ہو سکتی ہے یا نہین اور شرعاً یہ نکاح فاسد ہے بعد اعتراض ولی حکم حاکم وقت
تفریق ہونی چاہیے یا نکاح باطل ہے ابتداءً اس نکاح کا انعقاد ہی نہین ہوا اور بغیر تفریق قاضی
بوجہ عدم انعقاد نکاح کے عورت خود اوس مرد سے جدا ہو سکتی ہی بینوا توجروا۔

جواب مطلق فسق کے ثابت ہونیسے مرد کے کفاءت عورت بنت صالح کے ساتھ شرعاً
باطل ہو جاتی ہے خواہ عورت صالحہ ہو یا فاسقہ چہ جائیکہ فسق بالاعلان اوس سے بطریق اولی
باطل ہو جائیگی اور ایک امر جس سے مطلق فسق ثابت ہو سقوط کفاءت کیواسطے کافی ہے سوال مین
بہت سے امور ذکر ہین جنسے شرعاً فسق بالاعلان ثابت ہوتا ہے اسوجہ سے کہ مطلق فسق کی تعریف
فتاوی شامی کتاب الشہادۃ مین یہ لکھی ہے والفاسق من فعل کبیرۃ او اصر علی صغیرۃ اور فتاوی
قاضیخان مین لکھا ہے وتکلموا فی الفسق الذی یمنع الشہادۃ اتفقوا علی الاعلان بکبیرۃ یمنع الشہادۃ وفی

الصغائر ان کان معلنا نوع فسق مستشنع یسمیه الناس بذلک فاسقا مطلقا لاتقبل شہادته ہدایہ مین لکھا ہے لاتقبل شہادة من یاتی بابا من الکبائر التی تعلق بہا الحد للفسق اس عبارت ہدایہ سے معلوم ہوا کہ صرف ایک گناہِ کبیرہ کے ارتکاب سے فسق ثابت ہو جاتا ہے اور یہان تو بعض امور مثل استخفاف واستہزا بمسائل شرع حد کفر تک پونہچاتے ہین پس لامحالہ یہان کفاءت دیانتہ باطل ہو گئی چنانچہ درمختار مین باب الکفاءت مین لکھا ہے ودیانة ای تقوی فلیس فاسق کفوا لصالحة او فاسقة بنت صالح معلنا کان اولا علی الظاہر نہر اور شامی نے لفظ (معلنا کان اولا) کے نیچے لکھا ہے اما اذا کان معلنا فظاہر واما غیر المعلن فہو بان یشہد علیه بانه فعل کذا من الفسقات وہو لایکره به فیظہر بینہما بطلب الاولیاء اور فتاوی عالمگیری باب الکفاءت مین لکھا ہے ومنہا الدیانة تعتبر الکفاءة فی الدیانة وہذا قول ابی حنیفة وابی یوسف رحمہما اللہ وہو الصحیح کذا فی الہدایة فلایکون الفاسق کفوا لصالحة او فاسقة بنت صالح کذا فی المجمع سواء کان معلن الفسق اولم یکن کذا فی المحیط اور ہدایہ مین لکھا ہے اسی مقام پر (ودیانة ای عندہما وہو الصحیح) ان روایتون سے جب کفاءت باطل ہو گئی تو غیر کفو ہونا اوس مرد کا ثابت ہوا اور غیر کفو مین کبیرہ ثیبہ کا نکاح بغیر اذن ولی کے جائز نہین ہوتا اور کفاءت شرع مین دفع عار کیواسطے معتبر ہوتی ہے اور وہ حق اولیاء کا ہے پس عورت اگر فاسقہ ہو اور اسوجہ سے کفاءت کی پروا نکرے تو حق اولیا کا جو ثابت ہے ساقط نہین ہوتا اسوجہ سے کہ درمختار مین لکھا ہے کفاءت کی طرف ضمیر پھیر کر (وہی حق الولی لاحقہا) پس اگر بغیر اذن صریحی ولی کے عورت نے نکاح کیا ہے تو وہ نکاح فاسد نہین ہے بلکہ باطل ہے اور تفریق قاضی کی ضرورت نہوگی بلکہ ابتداءً وہ نکاح کالعدم اور غیر منعقد سمجھا جاویگا چنانچہ درمختار مین کبیرہ ثیبہ کے حق مین بعد بیان حکم صغیرہ کے لکھا ہے ویفتی فی غیر الکفوء بعدم جوازہ اصلا وہو المختار للفتوی لفساد الزمان فتاوی شامی باب الولی مین اس قول کی شرح مین لکھا ہے قولہ بعدم جوازہ اصلا ہذہ روایة الحسن عن ابی حنیفة وہذا اذا کان لہا ولی ولم یرض به قبل العقد فلایفید الرضی بعدہ ۱۲ البحر آگے اسکے شامی نے لکھا ہے وقول البحر لم یرض به یشمل ما اذا لم یعلم اصلا فلایلزم التصریح بعدم الرضی بل السکوت منه لایکون رضی کما ذکرنا فلابد حینئذ لصحة العقد من رضاه صریحا وعلیه فلو سکت قبله ثم رضی بعدہ لایفید درمختار کے قول (وہو المختار للفتوی) کے نیچے شامی نے لکھا ہے وقال شمس الائمة

ہو الرحیم کیا فرماتے ہین علمای شریعت محمدیہ اس مسئلہ مین کہ اگر زید کسی بالغہ سے اس طرح پر عقد کرے کہ بزبان غیر معلوم عورت کے کہے کہ مین نے نکاح اپنا بعوض اسقدر مہر کے تیرے ساتھ کیا اور اوسی زبان مین عورت سے ایسا لفظ کہلاوے کہ معنی قبول کردم کے رکھتا ہو اور ایسے دو شخصون کو گواہ عقد کرے کہ وہ بھی اوس زبان سے واقفیت نہ رکھتے ہون یا رکھتے ہون پس دونون صورتون مین سے کسی صورت مین نکاح زید کا اوس عورت سے صحیح ہوگا یا نہ اور حکم بحوالہ اسم کتاب تحریر فرمائیے اللہ تعالی سو دارین مین اجر پائیے

ہو المصوب ایسی صورت مین اختلاف فقہا کا ہے خلاصۃ الفتاوی مین ہے لقنت المرأۃ زوجت نفسی بالعربیۃ وہی لا تعرف شیئا من ہذا وقبل فلان وذلک بمحضر من الشہود والشہود یعلمون او لا یعلمون صح النکاح کالطلاق وقیل لا یصح کالبیع انتہی پس ایسی صورت سے کہ جسمین بہ رائے یکجماعت فقہا کے ارتکاب حرام ہوتا ہے احتراز واجب ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ ایک شخص نے اپنی منکوحہ کے ساتھ اغلام کیا پس ایسی صورت مین نکاح رہا یا نہین اور سزا دارا ازروی شرع کے ہو سکتا ہے یا نہین

ہو المصوب نکاح رہا لیکن سخت گناہ ہوا وہ شخص مستحق تعزیر ہے اوسپر توبہ واجب ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ مسماۃ ہندہ کے حمل حرام کا کسی شخص نامعلوم سے تھا بدون وضع حمل کے اوسکی نانی نے حمل کو اخفا کیا اور مسمی زید کہ نابالغ تھا بولایت اوسکی والدہ کی فریبا حالت حمل مین نکاح پڑھوا دیا اور بعد ہوجانے نکاح کے نوبت خلوت صحیحہ کی نہین پہونچی تھی کہ نانی مسماۃ ہندہ کو باہر بہکا لیگئی اور باہر مسماۃ ہندہ کے لڑکی پیدا ہوئی اب کئی سال کے بعد مسماۃ ہندہ مذکورہ کو اوسکی نانی لے آئی اور چاہتی ہے کہ زوج زوجہ دونون ملجاوین اور زید کہ اب بالغ ہوا ہے اوسکو انکار ہے کہ یہ عورت خراب ہے اور حالت نابالغی مین بھی میرا نکاح بحالت موجودگی حمل کے ہوا تھا پس وہ نکاح جائز نہین ہوا نہ ابتک خلوت صحیحہ ہوئی ہے تو اس صورت مین کس طرح عملون اور نہ

مستوجب ادای مہر کا ہو سکتا ہون بلکہ مستوجب دلا پانے اوس خرچہ کا ہون جو باعث فریب
میری شادی مین صرف ہوا ہے پس بوجوہ مذکورہ زانیہ کا نکاح حالت حمل مین بحالت نابالغی
زید کے درست ہوا یا نہین اور وہ اس صورت مین مستحق ادای مہر ہندہ و دلا پانے خرچ
شادی کا بھی ہو سکتا ہے یا نہین بینوا توجروا

ہو المصوب وہ نکاح درست ہوا اور نصف مہر زید پر واجب الادا ہوا اور اب
زید کو اختیار ہے خواہ وہ نکاح باقی رکھے یا فسخ کر دے واللہ اعلم حررہ الراجی
عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی [محمد عبد الحی ابو الحسنات] ۳۰۲

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین اس صورت مین کہ مسمی زید کو ساتھ مسماۃ
ہندہ بالغہ ناکتخدا کے موافقت تھی لہذا ہندہ حسب ایمای زید اپنے گھر سے بخوشی اپنے آکر
زید کے گھر مین رہی پس زید نے باسترضای ہندہ مکان سے باہر جا کر چار آدمیون سے
بیان کیا کہ مین اپنی طرف سے اصالتا اور ہندہ کی طرف سے وکالتا بیان کرتا ہون کہ مین نے
اوسکے ساتھ بعوض مہر دہ دینار کے نکاح کیا اور اوسنے مجھسے نکاح کر لیا اور راضی ہے
تم اوسکے گواہ رہنا اور ہندہ نے بجماعت زنان علانیہ بیان کیا کہ میرا نکاح زید کے ساتھ ہو گیا
اور وہ ہر چہار گواہان مذکورہ بالا زید اور ہندہ دونون کے شناسا ہین اور بخوبی واقف ہین
اس صورت مین نکاح درست ہوا یا نہین اور بعد تھوڑے دنون کے مسماۃ ہندہ مذکورہ کے
بطن سے مسمی بکر طفل تولد ہوا پس وہ طفل حرامی ہے یا حلالی اور بعد زید کے پسر مذکور اوسکا
مسمی بکر ریاست و دیگر اموال منقولہ و غیر منقولہ زید مسطور از روے حکم شرع محمدی کے
پا سکتا ہے یا نہین بینوا توجروا

ہو المصوب اس صورت مین نکاح نہین ہوا اور بکر وارث زید کا نہین ہو سکتا ہے
ہان اگر ایک ہی مجلس مین گواہون نے دونون کا اقرار سنا ہو تو البتہ نکاح ہو گا واللہ اعلم
[محمد عبد الحی ابو الحسنات] حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۱۱

استفتا سوال ایک عورت نے زید کو اپنے نکاح پڑھانے کے لیے وکیل مطلق کیا
اور عمرو اور بکر گواہ وکالت زید کے ہین اور زید نے بکر سے کہ جو ایک گواہ وکالت کا تھا

بدون اطلاع واجازت عورت خواہ ولی ہو سکے کے باجازت خود نکاح پڑھوایا تو یہ نکاح درست ہی نہیں ہو المصوب اگر بوقت نکاح پڑھانے بکر کے وکیل یعنی زید بھی موجود تھا تو نکاح درست ہوا واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

باب المهر

استفتا ۱ چہ میفرمایند علمای دین اندرین باب کہ مسماۃ ہندہ زوجہ بکر برای آبکشی در چاہی آمد بقضای الہی پایش لغزیدہ درچاہ رفت و بمرد اکنون شوہرش از بار گران دین مہر سبکدوشی میخواہد صورتش چیست

ہو الموفق صورتش این ست کہ سہام شرعیہ ورثۂ ہندہ از مہرش بایشان اداسازد یا استعفای حقوق شرعیہ از ایشان بردازد واللہ علیم حررہ ابو الاحیای محمد نعیم عفی عنہ

الجواب صحیح واللہ اعلم حررہ محمد عبد الحی عفا اللہ عنہ

استفتا ۲ زید نے وفات پائی اپنی زوجہ اور لڑکیون کو وارث چھوڑا اور کل متروکہ زید بعد وفات زوج کے بقبضہ زوجہ زید کے ہے لڑکیان زید کی چاہتی ہین اپنا اپنا حصہ شرعی پانا زوجہ زید ظاہر کرتی ہے کہ مین بعوض دین مہر کے قابض ہون لڑکیان مجیب ہین کہ زوجہ باظہار دعوی دین مہر کے مالک و متصرف متروکۂ شوہر کی نہین ہو سکتی اگر زوجہ کو دعوی دین مہر ہے تو عدالت مین رجوع کرے کے واجب الادا ثابت کرلے دین مہر بھی مثل دیگر دیون کے ہوتا ہے زوجہ کو قبضہ متروکۂ زید کا اختیار نہین ہے متروکۂ زید بقبضہ وارثان زید کے رہنا چاہیئے البتہ متروکۂ زید ذمہ دار ادای کل دیون کا ہے اور یہ منصب وارثان زید کو ہے کہ متروکۂ زید سے بقدر اپنے اپنے حصہ کے دین ادا کرین فما حکم ایہا الحنفیہ

ہو المصوب زوجہ کو بقدر اپنے دین مہر کے متروکۂ شوہری پر قبض کرنا پہونچتا ہے

خزانۃ الروایۃ مین ہے فی الخلاصۃ من کتاب الوصایا المرأۃ یأخذ مہرہا من الترکۃ من غیر رضاء الورثۃ ان کانت الترکۃ دراہم او دنانیر وان کانت شیئا مما یحتاج الی البیع تبیعہا کان صلح وتستوفی فی صداقہا سواء کانت وصیۃ من جہۃ زوجہا او لم تکن وتأخذ من غیر رضاء الورثۃ

انتہی واللہ اعلم حررہ محمد عبدالحی عفا عنہ

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین و مفتیان شرع متین ان مسائل مین کہ حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے تلقین واسطے کم مہر کے کی ہے یا واسطے زیادہ کے اور تعریف کم مہر والی عورتون کی کی ہے یا زیادہ والیکی ؀ اور اب مسلمانون کو بھی اپنی لڑکیون کا مہر کم مقرر کرنا چاہیے یا زیادہ فضیلت کسمین زیادہ ہے ؀ اور جو شخص کم مہر کو سنت جانتا ہے لیکن بخوف جھوٹے رسوم آبائی کے عمل نہین کرتا بلکہ بعض ایسے ہین کہ اگر اونسے واسطے کم مہر کے تکرار کیجاوے اور کہا جاوے کہ سنت ہے تو کہتے ہین کچھ ہو ہم کم نہین کرینگے ہمارے باپ دادے سے زیادہ ہی چلا آتا ہے اور بعض لوگ ایسے ہین کہ یہ سب نہین کہتے بلکہ صرف اتنا ہی کہتے ہین کہ کچھ ہو کم مہر نہین ہوگا تو ایسے دونون شخصون پر از روی شرع شریف کے کیا حکم کیا جاویگا ان سب مسائل کا جواب مع دلیل کے صحیح حدیث مرفوع سے فرمایا جاوے کہ رفع اشتباہ و تحقیق امر حق حاصل ہو بینوا توجروا

ہو المصوب اگرچہ مہر کی جانب زیادت کی کوئی حد شرعا نہین ہے کہ اوس سے زائد نہووے مگر زیادہ مہر باندھنا ایسا کہ قدرت شوہر سے اوسکا ادا کرنا باہر ہے جیسا کہ اکثر بلاد مین اس زمانے مین دستور ہے منجر اس امر کیطرف ہوتا ہے کہ ادا کرنیکی نیت نہین ہوتی ہے اور حدیث مین وارد ہے کہ جو شخص نیت نہ ادا کرنے کی رکھیگا وہ حکم زانی کا رکھتا ہے ابن حجر مکی زواجر عن اقتراف الکبائر مین لکھتے ہین السابعۃ والستون بعد المأتین ان یتزوج امرأۃ وفی عزمہ ان لا یوفیہا صداقہا لو طلبتہ اخرج الطبرانی بسند رجالہ ثقات انہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ایما رجل تزوج امرأۃ علی ما قل من المہر او کثر ولیس فی نفسہ ان یؤدی الیہا حقہا خانہا فمات ولم یؤد الیہا حقہا لقی اللہ یوم القیامۃ وہو زان انتہی اور شرعا مہر کا کم باندھنا موافق سنت کے ہے اور زیادتی اوسکی خلاف سنت کے ہے تفسیر در منثور مین ہے اخرج سعید بن منصور وابو یعلی بسند جید عن مسروق قال رکب عمر بن الخطاب علی المنبر وقال یا ایہا الناس ما اکثارکم فی صدق النساء وقد کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واصحابہ انما الصدقات فیما بینہم اربعمائۃ درہم فما دون ذلک ولو کان الاکثار فی ذلک تقوی عند اللہ او مکرمۃ لم تسبقوہم الیہا انتہی اور جو لوگ

اس سنت سے انکار کرتے ہین اور رسم آبا و اجداد کو نہین چھوڑتے اور طریقۂ رواجیہ کو مستحسن اور طریقۂ شرعیہ کو مستقبح سمجھتے ہین وہ لوگ گناہگار ہونگے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۳۲۵

استفتا عند النکاح اگر مہر معجل و موجل بیان نکیا جاوے صرف تعداد بیان کردیجاوے تو نکاح صحیح ہوگا یا نہین

ہو المصوب نکاح صحیح ہوگا اور تعجیل و تاجیل مین اعتبار عرف کا کیا جاویگا خزانۃ الروایات مین ہے فی الوقایۃ والمعجل والموجل ان بینا فذلک والا فالمتعارف وفی السغناقی ای ینظر الی المرأۃ والی المہر المذکور فی العقد انہ کم یکون المعجل لمثل ہذہ المرأۃ من مثل ہذا المہر فیجعل ذلک القدر معجلا وانما ینظر الی المتعارف لان الثابت عرفا کالثابت شرعا فقط حررہ محمد عبد الحی

۳۲۶

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین اس صورت مین کہ زید کا نکاح ہندہ کے ساتھ پندرہ ہزار روپیہ مہر پر منعقد ہوا اور دین مہر زید کے ذمہ باقی رہگیا آخر کو زید نے اپنے مرض موت مین بدرستی ہوش و حواس یہ اقرار کیا کہ مسماۃ ہندہ زوجہ ہماری کا دین مہر پندرہ ہزار روپیہ ہمارے ذمہ پر واجب الادا ہے لہذا اقرار کرتا ہون کہ فلان فلان موضع زمینداری مالیتی تیرہ ہزار روپیہ کا مین نے اوسکے دین مہر مین دیا باقی دو ہزار ہندہ ہماری دوسری جائداد سے وصول کرلے پس یہ اقرار صحیح ہے یا نہین اور دین مہر ارث پر مقدم ہے یا نہین

ہو المصوب اقرار زید صحیح ہے اور دین مہر ارث پر مقدم ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

صح الجواب واللہ اعلم حررہ اضعف عباد اللہ محمد فضل اللہ

کتاب الرضاع

۳۲۷

استفتا چہ میفرمایند علمای دین متین و پیروان شرع مبین درین صورت کہ ہندہ بقسم گفت کہ من زید را شیر خود نوشانیده ام و بر دعوی خود یک گواہ ہم از ذکور و اناث ندارد پس درین صورت دعوی آن بنا بر شرع شریف مستوجب اثبات گردد یا نہ بینوا توجروا

ہو المصوب دعوی ہندہ غیر مسموع است چہ رضاع بقول یک زن ثابت نمیشود

ور کنز می آرد تثبت الرضاع بما تثبت به المال وتحت آن صاحب بحر الرائق تحریر می سازد وہو
شہادة رجلین عدلین او رجل وامرأتین فلا تثبت بشہادة امرأة واحدة انتہی واللہ اعلم
وعلمہ اتم کتبہ عبدہ محمد عبد الحی عفا عنہ القوی

۲۲۸ **استفتا** ما قولکم رحمکم اللہ کیا فرماتے ہین علمای دین اس صورت مین کہ ہندہ نامی ایک عورت کی دو دختر اور دو پسر موجود تھے بعدہ پسر کلان کے ایک پسر پیدا ہوا اور خود ہندہ کے ایک تیسری دختر پیدا ہوئی ہندہ نے پسر پسر مذکور کو دودھ پلایا کہ جس سے رضاعت ثابت ہے بعدہ ہندہ کی دختر کلان کی ایک دختر پیدا ہوئی اب مابین پسر پسر کلان مذکور جسکو ہندہ نے دودھ پلایا ہے اور دختر دختر کلان مذکور کے عقد مناکحت از روی مذہب حنفیہ صحیح ہے یا بوجہ اسکے کہ از جانب شیر دہ ہمہ خویش شوند دونون مین حرمت رضاعت ثابت ہوگی جواب مسئلہ ہذا از روی مذہب حنفیہ بروایات مصرحہ کتب فقہیہ مع مہر و دستخط خود و دیگر علمای معتبرین ثبت فرمایا جاوی فقط

ہو المصوب نکاح پسر پسر مذکورہ کا ساتھ دختر دختر مذکور کے بوجہ حرمت رضاعت کے نہین درست ہے فتاوی عالمگیری مین ہے المرضعة لو ولدت من ہذا الرجل او غیرہ قبل ہذا الارضاع او بعدہ فالکل اخوة الرضیع واخواتہ واولادہم اولاد اخوتہ واخواتہ انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

۲۲۹ **استفتا** کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ ایک عورت مسماة محفوظن بی گود مین ایک لڑکا موسومہ زید شیر خوار ہے اور ایک عورت دوسری مسماة شریفن ایک لڑکی مسماة ہندہ کو جنی چنانچہ مسماة محفوظن نے وہی شیر جو کہ زید کو پلاتی تھی ہندہ کو ایک بار یا دو بار یا تین بار پلایا تو اس صورت مین زید اور ہندہ دودھ شریکے بھائی بہن ہو سکتے ہین یا نہین بشرط ہونے کے پھر اگر ہندہ کی مان نے ایک دوسری لڑکی مسماة زینب کو جنا کہ اوسنے زید کا دودھ نہین پیا ہے مگر باپ اور مان وہی ہین جو ہندہ کے ہین تو اس صورت مین زید اور زینب سے نکاح ہو سکتا ہے یا نہین بشرط جائز ہونے نکاح درمیان زید اور زینب کے پھر اگر بسبب عدم یاد کے سہوا درمیان زید و زینب کے نکاح ہو گیا ہو اور اوسی نکاح مین زید سے زینب کے لڑکا یا لڑکی پیدا ہو چکی ہو تو اس صورت مین کیا حکم علمای مقلدین امام اعظم رح کے دیتے ہین

گواہی ثبوت دودھ پلانے کے صرف مادر رضاعی اور مادر رضیعہ کے قول پر تمام ہو سکتی ہے یا اور گواہ سوا ان دو کے حسب قول امام اعظم رح بینوا توجروا

ہو المصوب دودھ پینے والے پر مرضعہ کی سب اولاد اور شوہر مرضعہ کی اولاد دوسری زوجہ سے حرام ہو جاتی ہے اور دودھ پینے والے کے بھائی بہن کی طرف حرمت نہیں آتی ہی بناء علیہ نکاح زید کا ساتھ ہندہ کے ناجائز اور ساتھ زینب کے جائز ہے خزانۃ الروایات میں ہے اذا ارضعت صبیۃ تحرم ہذہ الصبیۃ علی زوجہا وعلی آبائہ واولادہ وعلی اب المرضعۃ وعلی اولادہ والاصل ان اقرباء المرضعۃ واقرباء زوجہا اقرباء للرضیع واقرباء الرضیع لیسوا باقرباء للمرضعۃ انتہی اور باب رضاعت میں شہادت دو مرد یا ایک مرد اور دو عورت کی واسطے ثبوت رضاعت کی ضرور ہے فقط قول مرضعہ کا یا مادر رضیع کا مثبت نہیں ہو سکتا مگر اجتناب و تنزہ اس صورت میں احوط و لازم ہے فتاوی خانیہ میں ہے رجل تزوج امرأۃ فشہدت امرأۃ انہا ارضعتہما لا تثبت الحرمۃ بقولہا وان کانت عدلۃ وان تنزہ کان افضل وکما لا یفرق بینہما بعد النکاح ولا تثبت الحرمۃ بشہادتہن فکذلک قبل النکاح انتہی ملتقطا واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی

ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۳۳۵
استفتا سوال ما قولکم رحمکم اللہ تعالی اندرین مسئلہ کہ مادر زید در عمر ہفت سالگی زید کہ شیر پستان نش بوجہ مضی زمانہ رضاعت بالکل خشک گشتہ بہ ہندہ دران حالت کہ از کنار مادر خویش جدا گشتہ فغان می بر آورد سر پستان خودش برای تسلی و طمانیت ہندہ در دہنش داد و مادر زید بادعان و یقین بلکہ بحلف میگوید کہ متصاص لبن ہرگز واقع نشدہ ہست پس در صورت رضاعت یا نہ زید بہ ہندہ نکاحت میشود یا نہ بینوا توجروا

الجواب درین صورت رضاعت مادر زید بہ ہندہ ثابت نمیشود در اشباہ والنظائر می آرد لو ادخلت المرأۃ حلمۃ ثدیہا فی فم رضیعۃ و وقع الشک فی وصول اللبن الی جوفہا لم تحرم لان فی المانع شکا کما فی الولوالجیۃ وفی القنیۃ امرأۃ کانت تعطی ثدیہا صبیۃ واشتہر ذلک فیما بینہم ثم تقول لم یکن فی ثدیی لبن حین القمتہا ثدیی ولا یعلم ذلک الا من جہتہا جاز لابنہا ان یتزوج بہذہ الصبیۃ انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

۳۳۶
استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم ما قولکم رحمکم ربکم اندرین مسئلہ در حالت پیری و عدم

[illegible]

پر بودن پستانهای خود از شیر بسبب آنکه پیر شده و هفت سال گذشته که نزائیده و بالکل شیر ندارد
مگر اینکه اگر پستان را نیک بمالد چیزے آب غلیظ شیر وار بر سر پستانش ظاهر میشود اگر پستان خود
بکودکے دهد برای مکیدن ولکن زن مذکوره را یقین کامل نیست که شیر در دهن کودک رسید
واز حلقش فرو رفته بسبب آنکه شیر در پستان ندارد و آنچه در پستان هست از آب غلیظ لزج آن بیرون نمی شود
مگر به بسیار سودن و آن را هم از روی یقین زن مذکوره گفتن نمی تواند که بر آمده در حلقش رسید
پس نزد نرسیدن شیر در حلق کودک تصا و لشکیکا حرمت ثابت میگردد یا نه بینوا توجروا

هو المصوب حرمت رضاعت اگرچه از لبن آیسه و عجوزه ثابت
می شود لیکن در صورت سوال بسبب عدم تیقن رسیدن آن رطوبت بحلق طفل حرمت ثابت
نخواهد شد در اشباه می آرد ولو کان فی الحرمة شک لم یعتبر ولهذا قالوا لو ادخلت المرأة حلمة ثدیها
فی فم رضیعة و وقع الشک فی وصول اللبن الی جوفها لم تحرم لان فی المانع شکا کما فی الولوالجیة
وفی القنیة امرأة کانت تعطی ثدیها صبیة و اشتهر ذلک فیما بینهم ثم تقول لم یکن فی ثدیی لبن حین القمتها
ولا یعلم ذلک الا من جهتها جاز لابنها ان یتزوج بهذه الصبیة انتهی واللہ اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبه الجلی و الخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

۳۴۲

استفتا چه می فرمایند علمای دین اندرین مسئله که هنده در ایام رضاعت خود
شیر زینب که از شوهرش بود نوشیده پس از آن بعد عرصه زید بزینب زنا ساخته پس
نکاح زید به هنده درست خواهد شد یا نه بینوا توجروا

هو المصوب درین باب عبارات فقها مختلف واقع شده اند عبارت بحر الرائق در یک مقام
ارادبحرمة للصاهرة الحرمات الاربع حرمة المرأة علی اصول الزانی و فروعه نسبا و رضاعا و حرمة اصولها
و فروعها علی الزانی نسبا و رضاعا کما فی الوطی الحلال انتهی و عبارت جامع الرموز یحرم فی النظم و غیره انه
یحرم کل من الزانی والمزنیة علی اصل الآخر و فرعه رضاعا انتهی و عبارت بحر الرائق بمقام دیگر فرعت دینا
ان فروع المزنی بها من الرضاع حرام علی الزانی و کذا قال فی الخلاصة و کذا لو لم تحبل من الزنا و ارضعت
لا بلبن الزنا فانها تحرم علی الزانی کما تحرم بنتها من النسب علیه انتهی حرمت معلوم می شود و در درمختار
می نویسد الوطی بشبهة کالحلال قیل و کذا الزنا و الاوجه التحریم انتهی و در رد المحتار در شرح این قول می آرد

[illegible]

وذلک حیث قال ای صاحب الفتح لبن الزنا کالحلال فاذا ارضعت بہ بنتا حرمت علی الزانی وآبائہ وابنائہ
وان سفلوا وفی التجنیس عن الجرجانی ولعم الزانی التزوج بہا کالمولودۃ من الزانی لانہ لم یثبت نسبہا
من الزانی والتحریم علی آباء الزانی واولادہ للجزئیۃ ولا جزئیۃ بینہا وبین العم واذا ثبت ہذا فی المتولدۃ
من الزانی فکذا فی المرضعۃ بلبن الزنا قال فی الخلاصۃ وکذا لو تحبل من الزنا وارضعت فلبن الزنا یحرم
علی الزانی کما تحرم بنتہا علیہ وذکر الوبری ان الحرمۃ تثبت من جہۃ الام خاصۃ ما لم یثبت النسب فحینئذ تثبت
من الاب وکذا ذکر الاسبیجابی وصاحب الینابیع وہو اوجہ لان الحرمۃ من الزنا للبعضیۃ وذلک فی الولد
نفسہ لانہ مخلوق من مائہ دون اللبن اذ لیس اللبن کائنا من منیہ لانہ فرع التغذی وہو لا یقع الا بما یدخل
من اعلی المعدۃ لا اسفل البدن کالحقنۃ فلا اثبات فلا حرمۃ بخلاف ثابت النسب لان النص اثبت
الحرمۃ عنہ واذا ترجح عدم حرمۃ الرضیعۃ بلبن الزانی فعدمہا علی من لیس اللبن منہ اولی خلافا لما فی الخلاصۃ
ولانہ یخالف المسطور فی الکتب المشہورۃ اذ یقتضی تحریم بنت المرضعۃ بلبن غیر الزوج علی الزوج بالطریق
الاولی انتہی کلام الفتح ملخصا وحاصلہ ان فی حرمۃ الرضیعۃ بلبن الزنا علی الزانی وکذا علی اصولہ وفروعہ
روایتین کما صرح بہ القہستانی ایضا وان الاوجہ روایۃ عدم الحرمۃ وان ما فی الخلاصۃ مردود لان المسطور
فی الکتب المشہورۃ ان الرضیعۃ بلبن غیر الزوج لا تحرم علی الزوج وکلام الخلاصۃ یقتضی تحریمہا بالاولی وما فی
الفتاوی اذا خالف ما فی المشاہیر من الشروح لا یقبل ہذا تقریر کلام الفتح وقد وقع فی فہمہ خبط کثیر مستمد
لما ادعاہ فی البحر من ان محل الخلاف اصول الزانی وفروعہ وانہا لا تحل للزانی اتفاقا والحاصل کما قال
فی النہر ان المعتمد فی المذہب ان لبن الزانی لا یتعلق بہ التحریم وظاہر المعراج والخانیۃ ان المعتمد ثبوتہ قلت
وذکر فی شرح المنیۃ ان لا یعدل عن الدرایۃ اذا وافقتہا روایۃ وقد علمت ان الوجہ مع روایۃ عدم التحریم
انتہی ازین عبارات واضح شد کہ رضیعہ بلبن زنا بر زانی بر قول صحیح حرام نیست ونیز رضیعہ بلبن شوہری
بر شوہر دیگر حرام نیست بناء علیہ رضیعہ بلبن غیر زانی بدرجۂ اولی بر زانی حرام نخواہد بود وچون صاحب
فتح القدیر از ارباب ترجیح بلکہ معدود در مجتہدین ست قول او وہو الاوجہ بر روایات فتاوی مقدم خواہد شد
وآنچہ متوہم می شود کہ رضیعہ بلبن غیر زنا دختر رضاعی مرضعہ بلاشبہ میشود ومزنیہ بسبب زنا حرمت
مصاہرۃ باو ثابت میشود پس الا بد جملہ فروعش حرام خواہند شد پس مدفوع ست باین طور کہ منشاء
حرمت مصاہرت ثبوت جزئیت یا شبہ جزئیت ست وآن درین صور مفقود ست وخیال این امر

که درمیان حرمت رضیعه بلبن غیر الزوج علی الزوج وحرمت رضیعه بلبن حلال علی الزانی فرقی نیست

بلبن چه حرمت رضیعه علی زوج المرضعة از جهت دیگرست وحرمتش بر زانی از جهت دیگرست فحرمة

رضیعة المرأة علی الزانی انما هو بحرمة المصاهرة لا دخل فیها لبعضیة الرضیعة من الزانی وحرمة رضیعة المرأة

علی الزوج للرضاع فقط صحیح نیست چه هر دو مقام مساوی اند در اعتبار حرمت مصاهرة واعتبار

مصاهرت مبنی است بر اعتبار جزئیت واز ینجا مندفع شد توهم حرمت فروع فرعیه بر زانی عقوبة

ونیز بر ظاهرست که اگر رضیعه بلبن غیر زنا بر زانی حرام باشد رضیعه بلبن زنا بر زانی بدرجهٔ اولی حرام خواهد شد

وقد عرفت ان المعتمد فیها عدم الحرمة وهذا مسلم حصل بعد التنقیح التام والعلم التام عند الملک العلام

حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

کتاب الطلاق

استفتا اگر کوئی شوہر اپنی زوجہ سے بدین وجہ ناراض ہو کر بلا موجودگی زوجہ کے اہل برادری کے سامنے قسم کھا کر کہے کہ مین نے زوجہ کو طلاق دیا اور زوجہ نے شوہر کے ساتھ جانا [illegible] انکار کیا بعد ازان شوہر چھبیس برس زندہ رہا لیکن حین حیات اوسنے زوجہ مذکورہ سے کچھ واسطہ نہین رکھا اور بعد ازان مر گیا اب زوجہ مطلقہ کہتی ہے کہ مجھکو میرے مواجہہ مین طلاق نہین دیا شرعا مواجہہ زن و مرد کا تکمیل طلاق کیواسطے ضرور ہے یا طلاق تسلیم کیا جائیگا بینوا توجروا

ہو المصوب اس صورت مین طلاق تسلیم کیا جائیگا اور مواجہہ زن و مرد کا ضرور نہین بلکہ علم زن کا بھی اوسوقت ضرور نہین عنایہ مین ہے الزوج یتفرد بالطلاق فربما لم تکن عالمة به

واللہ اعلم حررہ محمد عبد الحی عفا اللہ عنہ

استفتا اگر کوئی شوہر اپنی زوجہ سے نزاع کرے اور زوجہ ہمراہ شوہر کے آگے گھر آنے سے انکار کیا اور زید شوہر نے قسم کھائی کہ تجھسے اور [illegible] سے کچھ واسطہ نہین ہے اور پھر چھبیس برس تک زید اپنی قسم پر تا وفات [illegible] رہا [illegible] سے واسطہ نرکھا [illegible] اس مدت تک احتراز منزلہ طلاق کے سمجھا جائے یا نہیں

ہو المصوب طلاق ثابت ہے واللہ اعلم کتبہ ابو الحسنات محمد عبد الحی عفا اللہ عنہ

اس لفظ سے طلاق نیت سے ثابت ہی خزانۃ المفتین میں ہی وقال لم یبق بینی وبینک عمل او ما بری
من نکاحک او البعدی عنی ونوی الطلاق یقع انتہی واللہ اعلم حررہ محمد عبد الحی عفا اللہ عنہ

استفتا چہ میفرمایند علمای دین ومفتیان شرع متین اندرین مسئلہ از روی مذہب حنفیہ صورتش اینکہ زید زوجہ خود مسماۃ ہندہ را در حالت غضب طلاق داد باین طور کہ سہ بار لفظ طلاق بر زبان آورد پس درین صورت بر ہندہ طلاق واقع شد یا نہ بر تقدیر اول چہ صورت ست کہ باز ہندہ را زید بنکاح آرد ابسطوا الجواب ؁

ہو المصوب بر ہندہ سہ طلاق واقع شدند حالا بدون تحلیل نکاحش با زید درست نیست واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ما قولکم رحمکم اللہ تعالی کیا فرماتے ہین علمای دین اس صورت مین کہ زید نے اپنی زوجہ کی خالہ سے بحالت غصہ جو بوجہ تکرار سابق مابین زن وشوہر کے بھڑکا ہوا تھا کہا کہ کہدو اوس سے یعنی زوجہ سے ہمنے اوسکو آج کی تاریخ سے طلاق دیا طلاق دیا تب اوس زوجہ کی خالہ نے کہا کہ ایسی بات منہ سے مت نکالو یہ فتوی وحدیث کی بات ہے تب اوس زوج یعنی زید نے کہا کہ فتوی وحدیث کو طاق پر رکھو ہمنے اوسکو طلاق دیا طلاق دیا بعد ازان مابین زن وشوہر کے کچھ گفتگو کھانے پینے کی رہا کی اب وہ زوج یعنی زید طلاق دینے سے انکار کرتا ہے اور اوس طلاق کو اوسکی زوجہ اور اوسکی خالہ اور چند اشخاص زوجہ کے برادری والون نے خود سنا تھا پس اولا از روی مذہب حنفیہ یہ قول مرد کا کہ طلاق نہین دیا ہے معتبر ہوگا یا یہ قول عورت کا کہ طلاق دیا ہے معتبر ہوگا اور طلاق واقع ہوگا اور بصورت وقوع طلاق کون قسم کا طلاق شمار کیا جاویگا اور پھر اون دونون مین معاشرت کی کونسی صورت ہے یا یہ کہنا مرد کا کہ فتوی وحدیث کو طاق پر رکھو کلمہ ارتداد سمجھا جاویگا اور بدینوجہ وہ شخص دائرۂ اسلام سے خارج سمجھا جاویگا اور پھر از سر نو اسلام لاکر اوسی زوجہ سے تجدید نکاح کر سکتا ہے جواب اسکا از روی مذہب حنفیہ مع روایات مصرحہ کتب فقہیہ مع مہر ودستخط خود ودیگر علمای معتبرین ثبت فرمایا جاوی فقط

ہو المصوب یہ قول کہ فتوی وحدیث کو طاق پر رکھو کہ مفید اہانت شریعت واستخفاف احکام شرعیہ ہے موجب ارتداد ہے ایسے الفاظ کے ساتھ تکلم بحسب تصریحات فقہا باعث

کفر ہے کشف لو قایہ مین ہے اگر گوید من نماز را بطاق نہادم یکفر کذا فی خزانۃ المفتین انتہی ملخصا اور ہی
اوسی مین ہے لو قال شریعت را چہ کنم یکفر انتہی اور عالمگیریہ مین ہے لو قال با من شریعت وا این حیلہا
سود ندارد او قال در پیش نرود او قال شریعت چہ کنم فہذا کلہ کفر انتہی بنا علیہ اوس شخص پر جسنے
اس لفظ کے ساتھ تکلم کیا بمجرد اس تکلم کے حکم ارتداد کا دیا جاویگا اور اس ارتداد سے نکاح فی الفور
فسخ ہو جاویگا جیسا کہ کنز وغیرہ مین ہے وارتداد احدہما فسخ فی الحال انتہی اور چونکہ قبل اس ارتداد
کے وہ دو مرتبہ طلاق دیچکا ہے اور یہ فسخ حکم طلاق مین نہین ہے اور بعد اس ارتداد کے جو
دو مرتبہ طلاق اوسنے کہا اوسکا بوجہ نہ باقی رہنے نکاح کے اعتبار نہوا بنا علیہ از سر نو
سلام لاکے وہ شخص تجدید نکاح کر سکتا ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات

محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی [مہر: محمد عبد الحی ابو الحسنات]

استفتا مشتمل بر چہار مسئلہ

مسئلہ اول طلاق لغت عربی ہے معنی اسکے چھوڑ دینے کے ہین پس اس صورت مین اگر کوئی زوج اپنی زوجہ کو بلغت ہندی کہے کہ مینے تجکو چھوڑ دیا اور پھر زوج عرصہ ایک سال یا دو سال تک نان و نفقہ یا اور کسی طور سے پرسان حال زوجہ مذکورہ کا نہوا تو ایسی حالت مین زوجہ پر طلاق واقع ہوگا یا نہین

مسئلہ دوم جبکہ زوج نے اپنی زوجہ کو گھر سے اپنے نکال دیا اور آپ سفر دور و دراز چلا گیا اور زوجہ اپنے مان باپ کے گھر چلی آئی اور عرصہ دو سال یا زیادہ گذر گیا زوج کبھی پرسان حال نان و نفقہ یا خط کتابت سے زوجہ کا نہوا پس آیا ایسی حالت مین زوجہ کے والدین کو اختیار ہوگا کہ نکاح کو جو کہ زوج مذکور سے ہوا ہے فسخ کر کے اپنی لڑکی کا نکاح کسی دوسرے مرد سے کر دوین یا نہین بینوا توجروا

مسئلہ سوم زن منکوحہ اپنے خاوند کے گھر سے نکل جاوے اور بازار عام زنا ہر ایک کے ساتھ کرتی ہو اور یہی کسب شعار ہو یہ بات بخوبی ہر کس خرد و کلان پر بلکہ اوسکے زوج پر معروف و معلوم ہو جاوے اور اسکو عرصہ پانچ سات برس کا گذر جاوے زوج مذکور کو زن مذکورہ سے کچھ سروکار نہین ہو اگرچہ زوج موجود الیہ طلاق دینے سے انکار کرتا ہو تو ایسی حالت مین عورت مذکورہ مطلقہ ہوگی یا نہین اور قابل دین مہر پانے کے ہوگی یا نہین

مرسلہ مولوی [illegible] صاحب [illegible] ۱۲۹۶ ہجری

مسئلہ چہارم جبکہ زن منکوحہ بلا اجازت شوہر کے گھر سے شوہر کے نکل کر اپنے ماں باپ کے گھر یا ایک قریہ سے دوسرے قریہ مین چلی جاوے تو آیا ایسی حالت مین دین مہر زوجہ مذکورہ کا جو کہ اوپر ذمہ زوج اوسکے کے فرض ہے باطل ہو گا یا نہین

ہو المصوب جواب سوال اول اس لفظ سے کہ ہمنے تجکو چھوڑ دیا کہ معنی صریح طلاق کے ہین طلاق واقع ہو جاویگی جواب سوال دوم اس صورت مین نکاح دوسرا نہین ہو سکتا جبتک کہ شوہر طلاق نہ دیوے جواب سوال سوم ایسی حالت مین بغیر طلاق دینے شوہر کے زن مطلقہ نہوگی اور مہر اوسکا شوہر پر واجب الادا ہوگا جواب سوال چہارم ایسی حالت مین نان و نفقہ عورت کا ذمہ شوہر سے ساقط ہو جاویگا لیکن دین مہر ساقط نہوگا واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا زید نے اپنی عورت مدخولہ سے کہا لفظ واحد مین طلاق ہی طلاق ہی طلاق ہے تب اوس سے پوچھا کہ تمنے کتنی طلاق دی ہین تب اوسنے جواب دیا کہ صرف ایک طلاق کی تائید مین باقی لفظون کو مین نے ادا کیا ہے اب اوسکی عورت پر کے طلاق واقع ہوئی

ہو المصوب اس صورت مین اوسکی تصدیق فیما بینہ و بین اللہ کیجاویگی لیکن قاضی اوسکو تسلیم نکریگا درمختار مین ہے کرر لفظ الطلاق وقع الکل وان نوی التاکید دین انتہی واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ایک شخص کی چار بیبیان ہین ایک مکان مین چارون موجود ہین دروازہ بند تھا شوہر نے باہر سے پکارا کسی بی بی نے اندر سے جواب دیا اور جواب دیکر خاموش ہوگئی صبح کو مرد نے کہا کہ جس بی بی نے جواب دیا اوسکو تین طلاق ہین عورتون سے پوچھا کہ کسنے جواب دیا تھا ہر ایک نے انکار کیا اب کس پر طلاق واقع ہوا بینوا توجروا

ہو المصوب اس صورت مین سب سے وطی کرنا بسبب اشتباہ کے حرام ہے جبتک کہ تعیین مطلقہ کی معلوم نہو اشباہ مین ہے الاصل فی الابضاع التحریم فاذا تقابل فی المرأۃ حل و حرمۃ غلبت الحرمۃ ولہذا لا یجوز التحری فی الفروج واذا طلق احدی نسائہ بعینہا ثلاثا ثم نسیہا ولذالک ان میز کل من الاواحدۃ لم یسعہ ان یقربہا حتی انہا غیر المطلقۃ انتہی اور یہی اوسمین دوسے

مقام مین ہے لو اختلطت زوجتہ بغیرہا فلیس لہ الوطی ولا بالتحری انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا کیا فرماتے ہین علماے دین اس مسئلہ مین کہ زید نے ہندہ سے نکاح کیا اور بعد نکاح کے چھ مہینے تک ہندہ زید کے مکان پر رہی ابعد اسکے بطیب خاطر میکے مین آئی پھر جتنے مرتبہ زید نے بلانے کیواسطے آدمی ہندہ کے پاس بھیجا ہر بار والد ہندہ نے کسی نہ کسی حیلہ سے ٹالدیا حتی کہ ایک سال اسی لطائف الحیل مین گذر گیا بالآخر بحالت مجبوری زید نے بعدالت منصفی نالش رخصتی کی دائر کی اور والد ہندہ نے درخواست خلع اور تفریق کی اوسی عدالت مین کی حالانکہ زید مین کسی نوع کا عیب جو موجب خلع و تفریق ہو نہین پایا جاتا بجز شرارت ہندہ یا والد ہندہ کے دوسری وجہ معلوم نہین ہوتی اور نہ زید خلع و تفریق پر راضی ہے پس ایسی صورت مین حاکم عدالت جبراً خلع و تفریق کرادینے کا مجاز ہے اگر مجاز ہے تو بشرط تراضی طرفین یا صرف برضای ہندہ اگرچہ زید راضی نہو بینوا بسند الکتاب توجروا یوم الحساب

ہو المصوب چونکہ خلع طلاق بائن ہے اور طلاق بغیر رضای شوہر کے اور اوسکے تکلم کے ساتھ الفاظ طلاق کے نہین واقع ہو سکتا ہے پس ایسے ہی خلع بھی بغیر رضا و قبول شوہر نہین ہو سکتا ہے فتاوی عالمگیریہ مین ہے شرطہ شرط الطلاق وحکمہ وقوع الطلاق البائن کذا فی التبیین انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا کیا فرماتے ہین علماے دین اس مسئلہ مین کہ زید نے اپنی عورت کو حالت غضب مین کہا کہ مین نے طلاق دیا مین نے طلاق دیا مین نے طلاق دیا پس اس تین بار کہنے سے تین طلاق واقع ہونگی یا نہین اور اگر حنفی مذہب مین واقع ہون اور شافعی مین مثلاً واقع نہون تو حنفی کو شافعی مذہب پر اس صورت خاص مین عمل کرنیکی رخصت دیجاویگی یا نہین

ہو المصوب اس صورت مین حنفیہ کے نزدیک تین طلاق واقع ہونگی اور بغیر تحلیل کے نکاح نہ درست ہوگا مگر بوقت ضرورت کہ اوس عورت کا علیحدہ ہونا اوس سے دشوار ہو اور احتمال مفاسد زائدہ کا ہو تقلید کسی اور امام کی اگر کریگا تو کچھ مضائقہ نہوگا نظیر اوسکی مسئلہ نکاح زوجہ مفقود و عدت ممتدۃ الطہر موجود ہے کہ حنفیہ عند الضرورۃ قول امام مالک پر عمل کرنیکو

درست رکھتے ہین چنانچہ رد المحتار مین مفصلاً مذکور ہے لیکن اولی یہ ہے کہ وہ شخص کسی عالم شافعی سے استفسار کرکے اوسکے فتوے پر عمل کرے واللہ اعلم حررہ محمد عبد الحی عفی عنہ

۱۲۱۳ استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین و مفتیان شرع متین کہ مریم مدعیہ باظہار وقوع سہ طلاق مغلظہ بدعوی تفریق ذات خود از زوجیت مدعی علیہ بنام جمنہ مدعا علیہ عدالت مین دعویدار ہوئی مدعی علیہ نے دینے طلاق سے انکار کیا اور کہا کہ اگر مین طلاق دیتا بالضرور کوئی شخص ایک برادری سے واقف ہوتا اور مین دستاویز فارخطی مدعیہ کو لکھدیتا نقدا جانب مدعیہ سے چھ گواہ تین مندرجہ عرضی دعوی اور تین غیر مندرجہ عرضی دعوی عدالت مین پیش ہوئے جو تین گواہ مسمیان بیر بخش و چندا و یاد اللہ مندرجہ عرضی دعوی بعدالت مین مسموع ہوئے انھون نے ہنگام ادای شہادت بدین تصریح باضافت الی الزوجہ کہ ای مریم مین نے تجھے طلاق دی ای مریم مین نے تجھے طلاق دی ای مریم مین نے تجھے طلاق دی بحوالۂ بیان مدعی علیہ طلاق دہندہ بلفظ استشہاد ادای شہادت کے اور تین گواہ مسمیان الہی بخش و مہبوط و مکھن جو غیر مندرجہ عرضی دعوی تھے منجملہ اونکے مسمی الہی بخش وہ شخص ہے جسکا نام باظہار مریم مدعیہ لکھا ہے اور مہبوط وہ شخص ہے جسکی نسبت خود مدعی علیہ نے روبروی حاکم عدالت یہ کہا کہ اوس سے اس مقدمہ مین نسبت وقوع و عدم وقوع طلاق استفسار کیا جائے غرض سہ گواہ مرقوم الصدر نے روبروی حاکم عدالت بلفظ اشہد بدین عبارت بحوالۂ کلام مدعی علیہ طلاق دہندہ کہ اے مریم مین نے تجھے طلاق دی اے مریم مین نے تجھے طلاق دی بخطاب الی المریم زوجہ خود مریم زوجہ اپنی کو طلاق دی فقط حاکم عدالت نے بعد سماعت شہود مذکور الصدر جنکا بیان حسب تصریح بالا مندرجہ اظہار ہے بنظر ثبوت وقوع طلاق از جانب مدعی علیہ بمدعیہ حسب شہادت شہود بتفریق ذات مدعیہ از زوجیت مدعی علیہ حکم دیا ہنگام رجوع مرافعہ منجانب مدعی علیہ حاکم مرافعہ نے رای عدالت مسترد کرکے اپنے فیصلہ مین وجہ استرداد یہ ظاہر کی کہ منجملہ سہ کس گواہ مدعیہ مندرجہ عرضی دعوی مسموعۂ عدالت بیر بخش گواہ نے عدالت مین الفاظ طلاق زبانی مدعی علیہ اسطرح ظاہر کیے کہ اے مریم مین نے تجھکو طلاق دی و ہر سہ موقع زبانی طلاق دہندہ بجای لفظ تجھکو تجھے کہا اور چندا گواہ نے عدالت مین بیان الفاظ طلاق کہ جا مریم مین نے طلاق دی و ہر سہ موقع بجاے لفظ جا لے بیان کیا بصورت ہذا

از رامپور جمادی الاولی سنہ ۱۳۰۶ھ

یہ تنزل بیانی اونکے موجب بطلان شہادت ہے باقی رہا بادالله ایک گواہ شرعا نصاب شہادت
نہین ومنجملہ عکس گواہ غیر مندرجہ عرضی دعوی مٹھو گواہ نے عدالت مین الفاظ طلاق زبانی مدعا علیہ
اسطور بیان کیے کہ اے مریم مین نے تجھکو طلاق دی وہر سہ موقع لفظ ای نکہا و بجای لفظ تجھکو
تجھے کہا اور الٰہی بخش گواہ نے بھی مطابق بیان مٹھو مخالفت کی اب بلحاظ اظہار صورت نزاعی
وتشریح بیان شہود وتبیین تجویز حکام ماتحت بخدمت علمای دین یہ التماس ہے کہ اس مقدمہ مین
تجویز حاکم عدالت باثبات طلاق حسب بیان شہود شرعا صحیح ہے یا نہین اور جو حاکم مرافعہ نے
بوجوہ مصرحۃ الصدر رای عدالت مسترد کی نسبت اونکے شرعا کیا حکم ہے آیا وہ مستلزم نقصان
شہادت شہود حسب قاعدہ شرع درباب ثبوت ووقوع طلاق ہین یا نہین جواب اسکا بتصریح
روایات کتب مستندہ فقہیہ مرحمت ہو بینوا توجروا

جواب صورت مسئول عنہا مین تجویز حاکم عدالت باثبات طلاق حسب شہادت شہود
مدعیہ شرعا صحیح ہے اور اعتراض حاکم مرافعہ درباب نقصان شہادت وتجویز اونکی متضمن استرداد
فیصلۂ عدالت ہر آئنہ غیر صحیح اسلیے کہ لفظ طلاق دی مین نے تجھکو یا تجھے ترجمہ طلقتک منجملہ
الفاظ طلاق صریح کے ہے ہدایہ مین لکھا ہو الطلاق علی ضربین صریح وکنایۃ فالصریح قولہ انت
طالق ومطلقۃ وطلقتک الخ اور جبکہ اضافت لفظ طلاق کی زوجہ کی طرف شوہر عاقل بالغ کی
جانب سے پائی گئی تو طلاق واقع ہو گئی باین روایت ہدایہ وغیرہ واذا اضاف الطلاق الی جملتہا
او الی ما یعبر بہ عن الجملۃ وقع الطلاق لانہ اضیف الی محلہ مثل ان یقول انت طالق لان التاء ضمیر
المراۃ اور فتاوی حمادیہ کی روایت سے بھی یہ مدعا ثابت ہے اوسمین لکھا ہے من الجواہر رجل
قال لامراتہ تراایک طلاق یک طلاق بغیر حرف العطف وہی مدخول بہا طلقت ثلثا
لقولہ انت طالق طالق طالق انتہی اور ای مریم مین نے تجکو طلاق دی یا تجھے طلاق دی اور لفظ
جامریم مین نے تجھکو یا تجھے طلاق دی یا مثل اسکے جسمین اضافت طلاق کی پائی جاوے سبکا
ایک ہی مطلب ہے جس سے طلاق واقع ہو گئی لفظ ای اور لفظ جا کو بحالت پائے جانے اضافت
صریح لفظ طلاق کے ایقاع طلاق مین کچھ مداخلت نہین صرف اضافت طلاق ہے بے لحاظ آنے دیگا
شوہر کی طلاق ہے تا اینکہ نیت کی بھی ضرورت نہین ظاہر ہے کہ اگر کہا جا اسے ہندہ یا جا ہندہ

بے اضافت لفظ طلاق کے اسکی طرف تو مجرد اس لفظ کہنے سے طلاق واقع نہوگی پس مدار وقوع
صرف اثبات اضافت طلاق ہی پر ہے لفظ اَئی او جا کا کہنا اور نہ کہنا دونون برابر ہے تصدیق
اس مدعا کی اس عبارت حموی شرح اشباہ سے بخوبی ہوتی ہے مجرد ندائہا باسمہا لا یکفی فی وقوع
طلاقہا عندنا یعنی توضیحہ انہ لو قال ان قدم زید یا زینب فانت طالق یا فاطمۃ مثلا کان قولہ فانت
طالق جزاء قولہ ان قدم زید فیتعلق طلاق زینب بقدومہ وصرح فیہا بی لفظ یقع الطلاق علی فاطمۃ
عند الثیہ لان قولہ یا فاطمۃ لا یصح الایقاع بہ کذا قیل اقول وقع بقولہ انت طالق حیث نواہا بہ
کما نوی زینب انتہی پس اثبات طلاق کے لیے بیان اتفاقی گواہون کا نقل مقولہ شوہر طلاق دہندہ
مین بلفظ مریم مین نے طلاق دی تجکو یا تجھے کہ دونون کا حاصل ایک ہے شرعا کافی اور وافی ہے
ائی اور جا کے بیان کی ضرورت نہین اندرین صورت بعض گواہ نے جو تعبیر مقولہ شوہر طلاق
دہندہ کی باین عبارت کی کہ ائی مریم مین نے تجکو طلاق دی یا تجھے طلاق دی اور دوبارہ بہ تبدیل
باین عبارت تعبیر کی کہ جا مریم مین نے تجکو یا تجھے طلاق دی اور بعض گواہ نے باین عبارت تعبیر کی
کہ مریم مین نے تجھکو طلاق دی اور بر موقع لفظ ائی نہ کہا و بجاے تجکو تجھے ظاہر کیا یعنی مریم مین نے
تجھے طلاق دی یہ سب گواہ اصل شہادت اثبات طلاق بالاضافت مین جو مثبت طلاق ہی
متفق اللفظ والمعنی ہین اختلاف صرف نقل لفظ ائی و لفظ جا و نیز لفظ تجکو و تجھے مین ہے کہ دونون کا
حاصل خطاب ہے اور دونون ایک ہی معنی مین بولے جاتے ہین اور بیان لفظ ائی اور لفظ جا کا
ایک امر زائد و غیر ضروری ہے سبب شہادت داخل شہادت مین داخل نہین اور نیز لفظ مریم مین نے
تجکو طلاق دی موافق و ہم معنی لفظ ائی مریم مین نے تجھے طلاق دی بحذف حرف ندا کے ہے اور
حذف ندا کی صورت مین بھی معنی ندا کے مقدر کیے جاتے ہین قال اللہ تعالی یوسف اعرض عن ہذا
ائی یا یوسف اعرض عن ہذا کذا فی التفاسیر اور شرعا اختلاف شہادت کا غیر سلب شہادت
غیر اصل شہادت یعنی امر زائد غیر ضروری ممکن التوفیق مین مانع قبول شہادت نہین ہے بلکہ مثبت اصل
مدعا ہے کفایہ شرح ہدایہ مین لکھا ہے الاختلاف فیما لیس من صلب الشہادۃ اذا کان علی وجہ یمکن
التوفیق لا یمنع قبول الشہادۃ انتہی اور فصول عمادی مین لکھا ہے القاضی اذا سال عن الشہود قبل
الدعوی عن لون الدابۃ المدعاۃ فقال واحد منہم عند الدعوی شہد وا علی خلاف ذلک اللون تقبل لان

القاضی فسال الشاهد عما لایکاف الشاهد بیانه فکان ذکره وعدمه بمنزلة انتهی اور ایسا ہی مفہوم ہوتا ہے
اکثر کتب معتبرہ فقہیہ سے بالجملہ تمامی روایات معتبرہ منقولہ سے واضح ہے کہ صورت مسئول عنہا مین
تجویز حاکم عدالت کے متضمن اثبات طلاق وتفریق مدعیہ شرعا صحیح ہے اور اعتراض حاکم مرافعہ
ہرگز مستلزم نقصان شہادت شہود مدعیہ نہین پس تجویز اونکی بابت استرداد فیصلہ عدالت
ہرآینہ غیر صحیح ہے واللہ اعلم وعلمہ اتم

ہو المصوب فی الواقع اس صورت مین حکم وقوع طلاق صحیح ہے اور اختلاف شہود امور زائدہ
مین مضر نہین تنقیح فتاوی حامدیہ مین ہے فی الانقروی الشهادة لو خالفت الدعوی بزیادة لا یحتاج
الی اثباتها او نقصان کذلک فان ذلک لا یمنع قبولها انتهی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۳۴۳
استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ ترمذی کے باب ماجاء فی الخلع
مین ہے عن الربیع بنت معوذ بن عفراء انها اختلعت علی عهد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فامرها
النبی صلی اللہ علیہ وسلم او امرت ان تعتد بحیضة وعن ابن عباس ان امرأة ثابت بن قیس اختلعت
من زوجها علی عهد النبی صلی اللہ علیہ وسلم فامرها النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان تعتد بحیضة بعد اسکے
یہ عبارت لکھی ہے واختلف اهل العلم فی عدة المختلعة فقال اکثر اهل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم
وغیرهم ان عدة المختلعة عدة المطلقة وهو قول الثوری واهل الکوفة وبه یقول احمد واسحق وقال بعض اهل العلم
من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرهم عدة المختلعة حیضة قال اسحق وان ذهب ذاهب الی هذا فهو مذهب
قوی اور کتب فقہ مین عدۃ مختلعہ کی مثل عدۃ مطلقہ کے ہے اس صورت مین بموجب حدیث نبوی
وعمل صحابہ مختلعہ کے عدۃ ایک حیض ہوگی جیسا حدیث ربیع وابن عباس وعمل بعض اہل علم سے
ثابت ہوتا ہے یا تین حیض جیسا عمل اکثر اہل علم وفقہا کا ہے بینوا توجروا

ہو المصوب موطا امام مالک مین جمہان اسلمی سے مروی ہے ان ام بکر الاسلمیة اختلعت
من زوجها عبد اللہ بن اسید ثم اتیا عثمان فقال هی تطلیقة الا ان تکون سمت شیئا فهو علی ما سمت
انتہی اور مصنف عبد الرزاق مین سعید بن المسیب سے مروی ہے ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم جعل
الخلع تطلیقة بائنة انتہی فتح القدیر مین ہے مراسیل سعید لها حکم الوصل الصحیح لانه من کبار التابعین

وکبار التابعین قبل ان یرسلوا الا عن صحابی وان الفو مغیرہ نادر انقص ثقۃ انتہی اور سنن دار قطنی

وبیہقی اور کامل ابن عدی میں بسند ضعیف ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم

جعل الخلع تطلیقۃ بائنۃ انتہی اور صحیح بخاری میں قصہ خلع ثابت بن قیس واونکی زوجہ میں مروی ہے

انہ صلی اللہ علیہ وسلم اقبل الحدیقۃ وطلقہا انتہی ان اخبار وآثار سے یہی ثابت ہے کہ خلع حکم طلاق

میں ہے پس لا بد عدت اوسکی عدت طلاق ہوگی او ظاہر قران بھی اس امر پر دال ہے اور حدیث

تعتد بحیضۃ نص صریح اسکے مخالف میں نہیں ہے بسبب احتمال اسکے کہ تنوین حیضۃ کی تنوین نوع ہو

واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

(۱۲)

استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم ہم سب جماعت مسلمین سکنہ معسر بگھور بخدمت عالیجناب خیر و برکت مآب

جامع الکمالات واقف الحادیث والآیات علامۂ نبیل محدث جلیل امام المسلمین مقتدام المومنین صاحب الدلیل

القوی سالک الطریق المستوی جامع الاختلاف محب الانصاف مولانا و مولوی الاحناف حضرت

ابو الحسنات الحاج المولوی الحافظ المفتی الواعظ الشیخ محمد عبد الحی اللکھنوی دام بالفیض الصوری

والمعنوی کے بصد عجز و نیاز عرض پرداز ہیں کہ اس مسئلہ میں ہم سبھون کا جناب عالی کے فتوی پر

فیصلہ ٹھہرا ہے اور یہان کے علما نے حضور کی تحریر پر اتفاق کیا ہے وہ یہ ہے کہ زید نے بیوی کو

ایک مجلس میں تین مرتبہ کہدیا کہ تجہیر طلاق ہے طلاق ہے لیکن اوسنے غصے میں بلا نیت

ایقاع طلاق ثلاثہ اور بدون سمجھے معنی اور حکم اس الفاظ کے کہا ہے پس اس صورت میں طلاق ثلاثہ

واقع ہوگی یا نہیں یہان دو جماعتیں ہوگئی ہیں ایک جماعت کہتی ہے کہ مطابق حکم ظاہر احادیث کے

واقع ہونگی اور ایک جماعت کہتی ہے کہ موافق تحقیق فقہائے محدثین کے واقع ہونگی پس آپ فرماوین

کہ اس بارے میں چارون مذاہب کا کیا اختلاف ہے یا اسکے واقع ہونے پر مجتہدین اربعہ کا اتفاق ہے

اور اسپر حدیث سے کیا سند ہے اور نہ واقع ہونے پر کونسی حدیث دلالت کرتی ہے اور پھر

اس حدیث میں کیا علت تھی اور کونسی حدیث اسکی معارض ہوئی جو اہل مذہب نے

چھوڑ دیا فقہ اور حدیث سے سب کے دلائل مع جرح و تعدیل رواۃ حدیث طرفین کے تحریر کیجیے

اور جو امر مفتی بہ ہے کہدیجیے کہ بجنسہ چھپکر شائع ہوگا اور آپکو اسمین اجر ملیگا

ہو المصوب جو شخص تین طلاق دیوے اور مقصود اوسکو دونون مرتبہ اخیر سے تاکید ہو

پس اس صورت میں بمذہب جمہور صحابہ و تابعین و ائمہ اربعہ و اکثر مجتہدین و بخاری و جمہور محدثین
تینوں طلاق واقع ہو جاوینگی البتہ بوجہ ارتکاب خلاف طریقہ شرعیہ کے گناہ لازم ہوگا موطا
امام مالک میں مروی ہے ان رجلا قال لابن عباس انی طلقت امرأتی مائة تطليقة فماذا ترى علي
فقال له ابن عباس طلقت منك بثلاث وسبع وتسعون اتخذت بها آيات الله هزوا اور بھی طحاوی میں
ہے ان رجلا جاء الى ابن مسعود فقال انى طلقت امرأتى بمائة تطليقات فقال ابن مسعود فماذا قيل
لك قال قيل لي انها قد بانت مني فقال ابن مسعود صدقوا آه اور سنن ابو داود میں مروی ہے
طلق رجل امرأته ثلاثا قبل ان يدخل بها ثم بدا له ان ينكحها فجاء يستفتي عبد الله بن عباس وابا هريرة
في ذلك فقالا لا نرى ان تنكحها الا ان تنكح زوجا غيرك قال فانما طلاقي اياها واحدة فقال ابن عباس
انك ارسلت ما كان لك من فضل اور مصنف عبد الرزاق میں عبادة بن الصامت سے مروی ہے
ان اباه طلق امرأة الف تطليقة فانطلق عبادة فسأل عنه فقال رسول الله بانت بثلاث في
معصية الله وبقي تسع مائة وسبعة وتسعون عدوان ظلم ان شاء عذبه وان شاء غفر له اور ایسا ہی
حکم حضرت عثمان رض اور حضرت علی رض سے وکیع نے روایت کیا ہے اور حضرت عمر رض کا اسی امر پر
اہتمام کرنا اور تینوں طلاق کے وقوع کا حکم دینا اگرچہ ایک جلسہ میں ہوں صحیح مسلم وغیرہ میں
مروی ہے اور یہی قول موافق ظاہر قرآن کے ہے باقی وہ حدیث جو صحیح مسلم وغیرہ میں مروی ہے
كان الطلاق على عهد رسول الله وابي بكر وسنتين من خلافة عمر طلاق الثلاث واحدة فقال عمر ان الناس
قد استعجلوا في امر كان لهم فيه اناة فلو امضيناه عليهم فامضاه عليهم پس اوسکی تاویل جمہور محدثین و فقہا کے
نزدیک یہ ہے کہ اوائل میں تین مرتبہ طلاق کی لفظ اگر کہتے تھے تو اوس سے تاکید منظور ہوتی تھی
اسوجہ سے وہ ایک ہی طلاق ہوتا تھا نہ یہ کہ تین لفظ سے تین طلاق بھی مقصود ہوں اور پھر
وہ ایک ہی ہووے کذا ذکرہ النووی وابن الہمام وغیرہما واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

سوال ۳۴۵

استفتا کوئی جاہل اپنے شوہر کو بحالت غصہ باپ یا بیٹا کہے اس حیثیت سے کہ طلاق
بائن لفظ ہوتی ہے یا کہ شوہر اوسکا اپنی عورت کو ماں یا بیٹی بنا دے بائن نیت کہ طلاق
بائن لفظ ہوتی ہے پس یہ داخل طلاق ہے یا نہ

ہو المصوب عورت اگر ایسے کلمات کہے تو لغو ہو مگر شوہر اگر یہ کلمات کہے اور ارادہ طلاق کا کرے تو طلاق کا حکم دیا جاویگا واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی | محمد عبد الحی ابو الحسنات |

استفتا ۳۴۶ ایک شخص نے بحالت غصہ اور خصومت زوجہ سے کہا کہ تو میری ماں بہن ہے اور بہن ہے اور تو چلی جا مین تجکو اپنے گھر مین نہ رکھونگا اور یہ بھی کہا کہ اگر تجکو رکھون تو جیسے ماں بہن کو رکھون تو اس صورت مین کیا حکم ہے بینوا توجروا

ہو المصوب اس صورت مین اگر نیت طلاق کی کی ہو حکم وقوع طلاق کا ہوگا فتاوی عالمگیریہ مین ہے ولو قال ابعدی عنی ونوی الطلاق یقع کذا فی فتاوی قاضیخان ومن الکنایات تنحی عنی وتحوت منی کذا فی فتح القدیر واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ۳۴۷ کیا حکم شریعت ہے اس مسئلہ مین کہ اگر کوئی شخص عاقل بالغ حالت مرض موت اپنے مین زوجہ اپنی کو جو کہ دوسرے شہر مین ہو روبرو چند اشخاص کی طلاق دیوے تو طلاق واقع ہوگا یا نہیں اگر ہوگا تو زوجہ اوسکی مستحق ارث ہوگی یا نہ اگر ہوگی تو یہ امر کسی نص صریح سے ثابت ہے یا نہ اگر ہے تو تصریح اوس نص کی کیجاوے اگر نہیں ثابت ہے تو صحابۂ کرام کی رائے سے یہ مسئلہ ثابت ہوگا پس کل صحابہ اجمعین متفق ہے ہین یا بعض نے خلاف اسکے فتوی دیا ہے پھر ائمہ اربعہ کی رای اس مسئلہ مین کیا ہے اور آخر الامر تحقیق کیا ہے بتفصیل جواب مرقوم ہو

ہو المصوب اس مسئلہ مین صحابہ اور تابعین وائمہ مجتہدین کا اختلاف واقع ہے عینی نے شرح ہدایہ مین چند قول لکھے ہین

قال فیہ الاول انہ لا یقع طلاق المریض مرض الموت حکاہ ابن حزم عن عثمان الثانی یقع وترثہ بشرط قیام العدۃ وہو قول عمر وابنہ وابن مسعود وابی بن کعب وعائشۃ وبہ قال المغیرۃ والنخعی وابن سیرین وعروۃ وشریح والثوری وحماد بن ابی سلیمان واصحابنا الحنفیۃ الثالث ترثہ ما لم تتزوج زوجا غیرہ وان انقضت عدتہا وہو قول ابن ابی لیلی واحمد واسحق الرابع ترثہ وان تزوجت عشرۃ ازواج وبہ قال مالک واللیث فی روایۃ الخامس ترثہ دیر ثہا وبہ قال الحسن البصری السادس ان صح منہ ثم مات من غیر آثار المرض ترثہ عند الثوری والزہری والاوزاعی واحمد واسحق ترثہ ان مات قبل انقضاء عدتہا منہ السابع ترثہ وترثہا ما کان فی العدۃ وہو قول عروۃ الثامن ترثہ وتنتقل عدتہا الی عدۃ الوفاۃ ما لم تنکح وبہ قال الشعبی التاسع ... من ... عشر العاشر ترثہ قبل الدخول ولیس علیہا العدۃ وہو قول الحسن ... اسلم الاصیل الدخول ولا العدۃ وہو قول الظاہریۃ واحمد بن الشافعی فی القدیم عندہ الزوجۃ فارۃ فی المرض ... اقوال الاول مثل قولنا الثانی مثل قول احمد الثالث مثل قول مالک انتہی ملخصا اور مبسوط

[illegible]

امام محمد مین ہے اخبرنا مالک اخبرنا الزہری عن طلحة بن عبد الله بن عوف ان عبد الرحمن بن عوف طلق امرأته
وہو مریض فورثها عثمان منه بعد ما انقضت عدتها اخبرنا مالک اخبرنا عبد الله بن الفضل عن الاعرج عن عثمان
انه ورث نساء ابن مکمل منه کان طلق نساءه وہو مریض قال محمد یرثنه ما دمن فی العدة فاذا انقضت العدة قبل
ان یموت فلا میراث لهن وكذلك ذكر هشيم بن بشير عن المغيرة الضبي عن ابراهيم النخعي عن شريح انه كتب اليه عمر بن الخطاب
فی رجل طلق امرأته ثلثا وہو مریض ان ورثها ما دامت فی عدتها فاذا انقضت عدتها فلا میراث لها وهو
قول ابی حنیفة والعامة من فقهائنا انتهی والله اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات
محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

واقعی طلاق واقع ہوگا اور زوجہ اندر عدت کے مستحق ارث ہوگی اور ائمہ اربعہ رض کی رای اس مسئلہ مین مختلف ہے
اور حضرات حنفیہ کرام نے امر مذکور پر فتوی دیا ہے اور یہی قول ہے حضرات عالی درجات عمر بن خطاب اور ابن عمر اور
ابن مسعود اور ابی بن کعب اور عائشہ رض اور مغیرہ اور نخعی اور ابن سیرین اور عروہ اور شریح اور ثوری اور
حماد بن ابی سلیمان علیہم رضوان الرحمن کا واللہ علیم حررہ ابو الاحیاء محمد نعیم عفی عنہ سنہ ۱۳۰۵ھ رجب

صح الجواب واللہ اعلم بالصواب حررہ نظام الدین احمد عفا عنہ اللہ الاحد

نظام الدین احمد

۱۲۹ استفتا کیا ارشاد فرماتے ہین علمای دین و مفتیان شرع متین بیچ اس صورت کے
کہ مثلا زید نے اپنی زوجہ سے کہا کہ مجکو تجھسے کچھ کام نہین ہے بعد چند مدت کے بکر سے کہا کہ ہماری
شادی کرادو بکر نے کہا کہ تمہاری ایک بی بی تو موجود ہے اب شادی کیون کروگے زید نے کہا کہ مین نے
اپنی بی بی کو طلاق دیا ہے تب بکر نے ایک مجمع عام مین اپنی برادری سے کہا کہ زید نے اپنی بی بی کو
طلاق دیا ہے تب لوگون نے اوسکو بلا کر پوچھا کہ آیا تو نے اپنی بی بی کو طلاق دیا ہے زید نے کہا کہ ہان
اس صورت مین زید کے پہلے کلام سے طلاق رجعی ثابت ہوا بطریق انشا کے پھر ایک بار بطریق اخبار کے
پھر لفظ ہان کا بکلمہ ایجاب ہے پس یہ سب طلاق مغلظہ ہونگے یا نہ اور تفسیر احمدی مین ہے کہ تین طلاقین خواہ
رجعی ہون خواہ بائن خواہ صریح خواہ کنایہ مغلظہ ہوتی ہین جیسا کہ یہ عموم مفید تغلیظ کا ہے ویسا ہی
بطریق اخبار اور بطور انشا مفید تغلیظ ہوگا یا نہوگا بینوا بسند الکتاب توجروا من اللہ الوہاب
ہو المصوب بیچ صورت مسئولہ کے زید کی اس لفظ سے کہ مجکو تجھسے کچھ کام نہین ایک طلاق بائن واقع ہوا فتاوی
عالمگیریہ مین ہے لو قال لم یبق بینی و بینک عمل ونوی یقع کذا فی العتابیة انتہی اور خبر طلاق سے

اور جواب استفہام سے دوسرا طلاق نہین واقع ہوا عالمگیریہ مین ہے لو قال لامرأته انت طالق فقال له رجل ما قلت فقال طلقتها او قال قلت هي طالق فهي واحدة في القضاء كذا في البدائع انتهى اور رد المحتار مین ہے لا حاجة الى جعله انشاء متى امكن جعله خبرا عن الاول بس اس صورت مین تجدید نکاح لازم ہے اور حاجت تحلیل کی نہین واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ زید نے اپنی زوجہ کو غیر وطن مین طلاق دیا اور اوس زوجہ نے بعد چند روز کے مسمی بکر کے ساتھ اپنا نکاح ثانی کیا مگر اوسکو نان و نفقہ نہین دیتا تھا بلکہ وہ خود اپنی محنت و مشقت سے پیدا کرکے کھاتی تھی تھوڑے دن کے بعد بکر نے چند آدمیون کی موجودگی مین اوس سے یہ کہا کہ مین تیرا منہ نہ دیکھونگا اور اگر ایسا ہو تو مین اپنے باپ کا نہین ہون تو تیرے نکٹ آؤنگا یہ کہکر کسی طرف چلا گیا آیا طلاق واقع ہوئی یا نہین

ہو المصوب صرف ان الفاظ سے طلاق واقع نہین ہوا واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ اگر کوئی شخص اپنی زوجہ کو لڑائی اور غصہ مین تین بار طلاق دے اور یہ کہے کہ تم اب بجای میری مان اور بہن کے ہو اور مجہسے کچھ واسطہ نہین اور بعد اسکے زوجہ و شوہر دونون جدا جدا ایک ماہ تک رہے پھر کچھ عرصہ کے بعد چند عزیزون نے آکر ملاپ کرا دیا اور جسطرح باہم رہا کرتے تھے رہنے لگے تو زوجہ اس صورت مین عقد سے باہر تو نہو جائیگی اور اگر عقد سے باہر ہو جائیگی تو اوسپر کیا حکم شرع ہوگا

ہو المصوب اس صورت مین زوجہ شوہر پر حرام ہو گئی اور اب وہ نکاح بھی اوسکے ساتھ نہین کر سکتا جب تک وہ عورت شوہر ثانی نکرے اور وہ بعد صحبت کے طلاق نہ دیوے اور جو لوگ باعث ملاپ کے ہوے وہ گنہگار ہوے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتا کیا فرماتے ہین علما اس مسئلہ مین کہ زید نے نو برس پہلے مرگ کے بیان کیا تھا کہ میری زوجہ جو اپنی مان کے گھر رہتی ہے مجھے اوس سے کچھ کام نہین ہے اور وہ میری

زوجیت مین نہین ہے بیس برس سے وہ مان کے پاس ہے بعد اوس بیان کے ایک وصیت نامہ لکھا اوسمین اوسنے ایک حصہ اوسکا بھی لکھا اور کہا کہ وہ میری زوجہ ہے اور سوا اسکے کوئی اور تنازع باہم زن وشوہر کا نہین واقع ہوا پس ایسی صورت مین وہ عورت مستحق میراث ہوگی یا مطلقہ قرار پاویگی

ہو المصوب یہ الفاظ زید کے کنایات طلاق سے ہین بدون نیت طلاق انمین طلاق نہ واقع ہوگا فتاوی عالمگیریہ مین ہے لو قال لم یبق بینی وبینک عمل ونوی یقع کذا فی العتابیہ انتہی اور بھی اوسیمین ہی لو قال لامرأتہ لست لی بامرأۃ او قال لہا انا بزوجک ان قال نویت الطلاق یقع الطلاق فی قول ابی حنیفہ انتہی اور اس صورت مین چونکہ زید نے بعد ان الفاظ کے وصیت نامہ مین اپنی زوجہ اوسکو قرار دیا اس سے معلوم ہوا کہ اون الفاظ سے مقصود طلاق نتہا پس وہ عورت مستحق میراث ہوگی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

۱۱۳۶۲

استفتا چہ میفرمایند علمای دین اندرین مسئلہ کہ ایک شخص نے اپنی جورو کے حق مین کسی اور سے کہا کہ میری جورو میری والدہ کی جگہہ ہے اور میرے کام کی نہین اب مجھسے کچھ واسطہ نہین اور دوسرے روز یہ کہا کہ وہ اپنے فعل کی مختار ہے مجھسے کچھ سروکار نہین پھر تیسرے روز یون کہا کہ وہ غیر مرد کے استعمال مین آئی ہے اب میرے کام کی نہین ان صورتون مین طلاق واقع ہوگی یا نہین

ہو المصوب اگر نیت طلاق کی کی ہے تو طلاق واقع ہوگا ورنہ نہین واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۱۳۶۳

استفتا کیا ارشاد ہے علمای دین کا اس مسئلہ مین کہ عرصہ اٹھارہ برس کا گذرا کہ نکاح مسماۃ نواب بیگم کا ساتھ محمد ہادی خان کے منعقد ہوا تھا اور محمد ہادی خان نے بوجہ شغف وتعلق اپنے کے ساتھ عورت دوسری غیر کفو کے کبھی نواب بیگم زوجہ منکوحہ اپنی کی جانب التفات نہین کیا اور نہ کسی قسم کی خبر گیری کی اور نہ زوجہ مذکورہ کو اوسکی مادر کے گھر سے اپنے مکان مین طلب کیا بناء علیہ نواب بیگم مسطورہ ہمیشہ اپنی مادر کے پاس رہی اور اب تلک ہے عرصہ تخمینا سات آٹھ سال کا ہوا کہ مسمی رحیم بخش اور دو عورتین سنید انہون کہ روبرو محمد ہادی خان نے غصہ مین نواب بیگم سے کہا کہ ہمسے تمسے کچھ واسطہ نہین ہے تم اپنا نکاح جس شخص سے چاہو کرلو اور یہ کلام محمد ہادی خان کا شوہر قومہ نے اپنے کانون سنا اس صورت مین مسماۃ نواب بیگم پر طلاق واقع ہوئی یا نہین

ہو المصوب طلاق واقع ہوئی اگر شوہر نے نیت طلاق کی کی ہو واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

۲۵۴
استفتا کیا فرماتے ہیں علمای دین اس مسئلہ میں کہ زید کا مقروض بکر ہے اور بکر کی دختر ہندہ زید کے نکاح میں ہے زید نے اکثر تقاضا اپنے روپیہ کا بکر سے کیا مگر بکر نے صاف جواب نہ دیا اوسوقت زید نے اپنی بی بی سے کہا کہ اب تو تقاضہ میرے روپیہ کا اپنے باپ سے کر شاید تیرے کہنے سے دیدے ہندہ نے اپنے شوہر کی طرف سے اپنے باپ سے کہا لیکن ہندہ کا بھی یہ کہنا پذیرا نہوا پھر زید نے اپنی بی بی ہندہ سے کہا کہ تقاضہ روپیہ کا کر ہندہ نے کہا کہ مین ہرگز نکرونگی اوسوقت ہندہ غصہ مین بھی آگئی تھی جسوقت کہ زید نے دوبارہ تقاضہ روپیہ کے کہا تھا زید نے بھی غصہ مین آکر کہا کہ اگر مین کہون بھی تو اب تجھے ہرگز نہ کہنا اور اگر کہوگی تو تجھپر طلاق ہے بعد تھوڑے دنون کے زید کے دل مین یہ خیال آیا کہ اگر ہندہ اپنے باپ سے اب پھر کہے تو یقین ہے کہ روپیہ ملجاے مگر اس خیال سے نہین کہتا ہے کہ مین نے کلمہ طلاق کا اپنی زبان سے نکالا تھا اور ہندہ نے بھی اس گفتگوی خشم آلود کے بعد یقینا کچھ اپنے باپ سے نہین کہا اب اگر زید اپنی بی بی ہندہ سے کہے کہ تو تقاضہ روپیہ کا کر اور ہندہ تقاضہ کرے تو طلاق واقع ہوگی یا نہین بینوا توجروا

ہو المصوب اس صورت مین اگر ہندہ اپنے باپ سے دربارہ قرض کے کہیگی تو طلاق رجعی واقع ہوگا واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

۲۵۵
استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ زید کی شادی بکر کی لڑکی کے ساتھ ہوئی اور زید اپنی عورت کا روز نکاح سے آجتک کفیل ہے اور علاوہ کفالت کے زید کوئی نقص شرعی نہین رکھتا ہے مگر زید اور بکر ایک ہی مکان مین رہتے ہین اور عورت بکر اکثر کہا کرتی ہے کہ بکر نے لڑکیون کی تقدیر پھوڑ دی اور اگر کوئی امر زید کے خلاف مرضی ہوا اور زید اپنی عورت پر خفا ہوا تو زید سے بکر اور اوسکی عورت آمادہ جنگ ہوتے ہین آخر کار ایک روز وقت جنگ کے زید نے اپنی عورت سے کہا کہ مین نے تمکو آجتک کسی طرح کی اذیت کھانے یا کپڑے یا اور کسی امر کی نہین دی مگر تمھاری والدہ ایسا کہا کرتی ہین اور ہمسے زیادہ اس سے خدمت بھی ہو نہین سکتی ہے پس جو تمھاری والدہ کہین کرو ہمنے اور تمسے

کچھ واسطہ نہین ہے اور اوسیوقت پھر زید سے اور بکر اور بکر کی عورت سے تکرار ہوئی زید نے بکر اور اوسکی عورت سے کہا کہ مین زیادہ خدمت کر نہین سکتا اب تم وہ بات کرو جسمین تمھاری لڑکی کی تقدیر نہ پھوٹے ہمسے کچھ واسطہ نہین ہے اور یہ گفتگو چند مرتبہ زید نے کی پس اس حالت مین زید کی عورت اوسکے نکاح مین رہی یا نہین اور مہر زید کا حضرت بی بی فاطمہ رض کے مہر پر ہو کتنا روپیہ دینا چاہیے

ہو المصوب اس لفظ سے کہ ہمسے کچھ واسطہ نہین اگر مقصود زید کا طلاق دینا اور چھوڑ دینا زوجہ کا تھا تو تین طلاق واقع ہو گئین اور عورت اوسپر مطلقا حرام ہو گئی اور مقدار مہر حضرت فاطمہ رض ایک سو آٹھ روپیہ کچھ چاندی زائد ہے اوسکو چاہیے کہ ایک سو نو روپیہ ادا کرے

واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی و الخفی | محمد عبد الحی ابو الحسنات |

کتاب المفقود

۳۶۵ استفتا کیا قول ہے علما کا اس مسئلہ مین کہ ایک شخص چار یا پانچ برس یا اس سے زائد ہوتے ہین کہ مفقود ہے اور اوسکی عورت جوان ہے اور خواہش مردکی اوسکو ہے اور نان نفقہ سے محتاج ہے اور اندیشہ اسکا ہے کہ زنا مین مبتلا ہو جاوے تو ایسی صورت مین امام مالک کے مسلک پر اوسکو عمل کر لینا چاہیے کہ جو مروی ہے حضرت عمر رض سے یا جو کہ فرمایا ہے حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے اور مروی ہے حضرت علی رض سے بلکہ یہ بھی مرقوم ہے کہ رجوع کیا حضرت عمر رض نے طرف قول حضرت علی کے اور مذہب اکثر صحابہ کا یہی ہے جیسا کہ نور الہدایہ ترجمہ شرح وقایہ کتاب المفقود مین ہے مفصلاً بعبارت کتب تحریر فرمایئے۔

ہو المصوب اس مسئلہ مین صحابہ رضی اللہ عنہم و تابعین مختلف ہین حضرت عمر رض وغیرہ وغیرہ صحابہ اس طرف گئے ہین کہ زوجہ مفقود کی چار برس انتظار کرے بعد ازان نکاح کر لے اور بعضون نے اسپر اجماع صحابہ نقل کیا ہے امام مالک موطا مین روایت کرتے ہین

ان عمر بن الخطاب قال ایما امراۃ فقدت زوجہا فلم تدر این ہو فانہا تنتظر اربع سنین ثم تعتد

اربعۃ اشہر و عشرا ثم تحل للازواج اور محمد بن عبد الباقی زرقانی شرح موطا مین لکھتے ہین روی

نحوہ عن عثمان و علی و قیل و اجمع الصحابۃ علیہ و لم یعلم لہم مخالف فی عصرہم و علیہ جماعۃ من التابعین

[illegible] جمادی الثانی ۱۳۰۹ ہجری [illegible] مولوی عبد الحی [illegible]

انتہی اور بعض صحابہ مثل ابن مسعود و علی بنا بر یک روایت کے اس طرف گئے ہیں کہ زوجہ مفقود تا دم
ظہور موت شوہر انتظار کرے اور یہی مذہب شعبی و نخعی کا ہے جیسا کہ فتح القدیر میں ہے الحاصل
ان المسئلۃ مختلفۃ فی ما بین الصحابۃ فذہب عمر الی ما تقدم وذہب علی الی انہا امرأۃ حتی یاتیہا البیان
وروی عبد الرزاق عن ابن جریج قال بلغنا ان ابن مسعود وافق علیا علی ان امرأۃ المفقود تنتظر ابدا
واخرج ابن ابی شیبۃ عن ابی قلابۃ وجابر بن سعید والشعبی والنخعی کلہم قالوا لیس لہا ان تتزوج حتی
یستبین موتہ انتہی اور ایک حدیث مرفوع آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اس باب میں موافق
رای علی مرتضی کے وارد ہے لیکن اوس حدیث کی سند میں ضعف ہے چنانچہ زیلعی تخریج
احادیث ہدایہ میں لکھتے ہیں اخرج الدارقطنی فی سننہ عن سوار بن مصعب حدثنا محمد بن شرحبیل عن المغیرۃ
بن شعبۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم امرأۃ المفقود امرأتہ حتی یاتیہا البیان ووجدتہ فی نسخۃ
اخری حتی یاتیہا الخبر وہو حدیث ضعیف قال ابن ابی حاتم فی کتاب العلل سالت ابی عن حدیث رواہ
سوار بن مصعب عن محمد عن المغیرۃ فی امرأۃ المفقود فقال ابی ہذا حدیث منکر ومحمد متروک الحدیث
ویروی عن المغیرۃ مناکیر اباطیل وذکرہ عبد الحق فی احکامہ من جہۃ الدارقطنی واعلہ بمحمد بن شرحبیل وقال انہ
متروک وقال ابن القطان فی کتابہ سوار بن مصعب اشہر فی المتروکین انتہی اور اسیطرح بدر الدین
عینی نے بنایہ شرح ہدایہ میں تحریر کیا ہے ہرگاہ یہ امر ممہد ہوا اب جاننا چاہیے کہ چونکہ حدیث
مرفوع اس مسئلہ میں بطریق ضعیف وارد ہے اور صحابہ خود مختلف ہیں لہذا ائمہ مجتہدین
فی المذہب اس مسئلہ میں مختلف ہو گئے ہیں ائمہ حنفیہ نے رای علی کو بضم حدیث مرفوع ترجیح کیا
اور ائمہ مالکیہ نے رای حضرت عمر و عثمان وغیرہم کو مختار کیا لیکن بوقت ضرورت ائمہ حنفیہ تصریح
کرتے ہیں کہ فتوی قول مالک پر جو موافق ایک جماعت صحابہ کے ہے درست ہے اور جب خوف
وقوع حرام کا ہو تو عمل کرنا مسلک مالکیہ پر جائز ہے جامع الرموز میں ہے قال مالک والاوزاعی
الی اربع سنین فینکح عرسہ بعدہا والمالکی الحقنا فلو افتی بہ فی موضع الضرورۃ ینبغی ان لا باس بہ علی ما اظن
انتہی اور رد المحتار حاشیہ در مختار میں ہے [illegible] انہ لو افتی بقول مالک
فی موضع الضرورۃ [illegible]
[illegible] القہستانی [illegible] لا باس بہ علی ما اظن انتہی ملخصا

واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۲۵۴

استفتا زید ساٹھ برس کی عمر مین ایک زوجہ اور تین بیٹے اور دو بیٹیان چھوڑ کے مفقود الخبر ہو گیا اب تقسیم ترکہ مین کب تک انتظار ہونا چاہیے اور اندر میعاد کے اوسکے وارثون کے درمیان مین اوسکے ترکہ کا نفع کیونکر متصور ہوگا اور اوسکے انتظام کی کیا صورت ہوگی

ہو المصوب اوسکے تقسیم ترکہ مین تیس ۳۰ سال اور انتظار چاہیے تا نوے ۹۰ برس اوسکی عمر کے پورے ہو جاوین بعد اوسکے جو ورثہ اوسوقت موجود ہونگے اونپر وہ ترکہ تقسیم ہوگا اور اتنی مدت تک مال اوسکا اوسکے وکیل اور امین کے قبضہ مین رہیگا اگر وہ کسیکو وکیل یا امین کر گیا ہو ورنہ حاکم کسی محافظ کو مقرر کریگا اور ورثہ اوسکے مال سے نفع نہین اوٹھا سکتے ہین در مختار مین ہے فی معروضات المفتی ابی السعود انہ لیس للامین بیت المال نزعہ من ید من بیدہ من آمنہ علیہ قبل ذہابہ انتہی اور تنویر الابصار مین ہے لا یقسم مالہ ونصب القاضی من یاخذ حقہ ویحفظ مالہ ویقوم علیہ عند الحاجۃ الی موت اقرانہ فی بلدہ علی المذہب انتہی ملخصا اور رد المحتار مین ہے قولہ علی المذہب وقیل یقدر بتسعین سنۃ من حین ولادتہ واختارہ فی الکنز وہو الارفق ہدایہ وعلیہ الفتوی ذخیرہ انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

مرسلہ غلام عباس ... ضلع اعظم گڑھ ... ۱۲۹۶ ہجری

کتاب التولیۃ

۲۵۵

استفتا ما قولکم فی ہذہ المسئلۃ اگر کسی دختر نابالغ کا باپ جو ولی نابالغہ ہے فضول خرچ اور سفیہ ہو اور وہ جائداد نابالغہ کی برباد و ضائع کرتا ہو تو اس صورت مین نابالغہ کا شوہر یا کوئی اور قرابتی بمقابلہ باپ کے ولی جابر و مہتمم املاک نابالغہ شرعا ہو سکتا ہے جو حفاظت جائداد نابالغہ کی کرے یا بمقابلہ باپ کے باوجودیکہ وہ مبذر ہے کوئی دوسرا شخص مہتمم اوسکی املاک کا نہین ہو سکتا ہے بینوا توجروا

ہو المصوب ایسی صورت مین کہ باپ مسرف و مبذر ہے حاکم وقت کو چاہیے کہ اوسکے قبضہ سے جائداد نکال کے کوئی وصی مقرر کردے کہ وہ حفاظت جائداد کرے تنقیح الفتاوی الحامدیہ مین ہے فی الولوالجیۃ والخلاصۃ لو کان الاب مبذرا متلفا مال ابنہ الصغیر فالقاضی ینصب وصیا وینزع مال الابن عن یدہ ویحفظ انتہی واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

... مرسلہ عبد الرحیم خان صاحب

۳۵۹

استفتا: مسماۃ اشرف النسا نابالغہ ناکتخدا ہے اور ماں باپ بھائی بہن دادا دادی نانا نانی خالو خالہ پھوپھا پھوپھی اسکی نہیں ہیں مگر محمد حسین و احمد حسین دو ماموں حقیقی اور مسماۃ صغری ایسی پھوپھی کہ جسکا دادا اور اشرف النسا مذکورہ کے باپ کا دادا باہم دونوں حقیقی بھائی تھے اور صغرے مذکورہ کا پسر عزیز الدین جو اشرف النسا مذکورہ کی علاتی ہمشیر متوفی کا شوہر ہے اور اوسی علاتی ہمشیر متوفی کا پسر نابالغ محمد اسحاق اور چند عصبہ اشرف النسا مذکورہ کے یعنی جد امجد کے جد کی پوتی کے پوتی کے پسر موجود ہیں تو اس صورت میں اشرف النسا مذکورہ کے نکاح کا ولی کون ہے پر وہ ولی اگر نکاح اوسکا کسی بالغ یا نابالغ کے ساتھ پڑھدے تو اشرف النسا مذکورہ کی پرورش اور اوسکے مال کی حفاظت و انتظام کس مدت تک کون کریگا وہی پھوپھی یا ماموں یا عصبہ مذکوران یا اشرف النسا مذکورہ کا بالغ شوہر یا عزیز الدین یا اور کوئی اور جب وہ مدت پرورش و حفاظت و انتظام مال کی ختم ہو جاوے تب اوسکے بالغ ہونے تک کون کریگا فقط

ہو المصوب: اشرف النسا کا ولی واسطے نکاح کے عصبہ اوسکا ہوگا در مختار میں ہے الولی فی النکاح العصبۃ بنفسہ وہو من یتصل بالمیت بنفسہ بلا توسط انثی علی ترتیب الارث والحجب فان لم یکن عصبۃ فالولایۃ للام ثم للبنت ثم لبنت الابن ثم لبنت البنت ثم لبنت ابن الابن ثم لبنت بنت البنت وہکذا ثم للجد الفاسد ثم للاخت لاب وام ثم لاب ثم لولد الام ثم لذوی الارحام العمات ثم الاخوال ثم الخالات ثم بنات الاعمام وبہذا الترتیب اولادہم انتہی ملخصا اور در باب انتظام مال کے رد المحتار میں مذکور ہے الولی فیہ الاب ووصیہ والجد ووصیہ والقاضی ونائبہ فقط انتہی اور فتاوی عالمگیریہ میں ہے نفقۃ الصبی علیہ القضاء اذا کان لہ مال فی مالہ کذا فی المحیط انتہی اور بھی اوسی میں ہے وان کان المیت ترک اموالا وترک اولادا صغارا کانت نفقۃ الاولاد من انصبائہم وکذا کل من یکون وارثا فنفقتہ فی نصیبہ وبعد ہذا ینظر ان کان المیت قد اوصی الی رجل فالوصی ینفق علی الصغار من انصبائہم وان کان لم یوص الی احد فالقاضی ینصب لکل واحد من الصغار فی نصیبہ بقدر ما یحتاج الیہ من النفقۃ علی قدر سعۃ اموالہم وضیقہا انتہی پس صورت سوال میں متولی نکاح اشرف النسا کا عصبہ ہوگا اور پرورش اوسکی اور صرف اوسکا نان و نفقہ تا بلوغ اوسکے یعنی اشرف النسا کی حصہ ترکہ سے کیا جاویگا اور انتظام اوسکے صرف کا اور حفاظت و انتظام مال کا متعلق ساتھ وصی پدر یا وصی پدر پدر کے اگر پدر نے یا پدر پدر نے وصی کیا ہو

مرسلۂ مولوی محمد ممتاز حسین صاحب از بانس بریلی ۱۰ ذیقعدہ روز یکشنبہ ۱۲۹۶ ہجری

متعلق رہیگا اور بر تقدیر فقدان وصی اب وجد کے انتظام اوسکا تا زمانہ بلوغ قاضی یا نائب قاضی کیساتھ
متعلق ہوگا اور بعد بلوغ وہ مال اوسکے سپرد کردیا جاویگا واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی و الخفی

۳۶ **استفتا** بسم اللہ الرحمن الرحیم کیا فرماتے ہین علمای دین اس باب مین کہ ہندہ مادر زید نے
بتانہ نابالغی زید مین موضع احمد آباد کو بقیمت ساٹھ ہزار روپیہ بحیثیت ولایت نابالغ مذکور وسطے
نابالغ کے بکر سے اکتوبر [illegible]ء کو جو دسوان مہینہ سال عیسوی کا ہوتا ہے خرید کیا اور منجملہ زر ثمن کے بیس ہزار روپیہ ذات خاص
نابالغ سے ادا اور چالیس ہزار روپیہ مسمی ولید مہاجن سے قرض لیکر کے زر ثمن ادا کیا اور بعوض چالیس ہزار روپیہ مذکور کے موضع
احمد آباد کو پاس مسمی ولید مذکور کے رہن بالوفا کردیا اور رہن نامہ مین ایک قسم کا تاوان سالانہ شرح دو پانصد روپیہ کے
واسطے ولید کے لکھدیا بعدہ ہندہ مادر نابالغ نے لغایت ۱۲ فروری [illegible]ء عیسوی جو دوسرا مہینہ سال عیسوی کا ہے
وقتاً فوقتاً بابت قرضہ مزید وتاوان مندرجہ دستاویز مورخہ ۲ جنوری [illegible]ء جوڑ کرکے
ایک دستاویز زر مزید بابت آٹھ ہزار روپیہ کے علاوہ دستاویز چالیس ہزار روپیہ کے
بنام ولید کے لکھدیا اور بار اوسکا موضع احمد آباد پر بشرط رہن بیع بالوفا عائد کیا زید نابالغ
ستمبر [illegible]ء کو جو نوان مہینا سال عیسوی کا ہے بالغ ہوا اور جو ہندہ مادر زید نے موضع احمد آباد
کو خرید کیا تھا اوس فعل خریداری کو منظور و تسلیم کیا لیکن زید مدعی ہو کر یہ بات ثابت کرتا ہے
کہ اول جو چالیس ہزار روپیہ ہندہ نے قرض لیکر کے زر ثمن ادا کیا اوسکے لینے کی ضرورت موجود
نہ تھی کہ دوسری جائداد زید کی موجود تھی ادائے زر ثمن مین اوس دوسری جائداد کو صرف کرنا
چاہیے تھا دوسرے اگر ضرورت قرضہ لینے کی تھی تو بوجہ اوسکے کہ فعل ہندہ کا ایسا نہین ہے جو
ایک ہوشیار شخص اپنی ذات و جائداد کے واسطے کرتا تیسرے آٹھ ہزار روپیہ علاوہ چالیس ہزار روپیہ
مذکورہ کے جو ہندہ نے موضع احمد آباد پر بذریعہ دستاویز ثانی عائد کیا ہے اوسکے لینے کی
کوئی ضرورت نہ تھی اور نہ ذات نابالغ و جائداد نابالغ کو اوس سے فائدہ ہوا بلکہ ثابت ہے کہ نقصان صریح
جائداد نابالغ کو پہونچا۔ سوال یہ ہے کہ آیا بصورت بالا زید کا دعوی بہ نسبت بطلان دستاویز
زر قرضہ چالیس ہزار روپیہ کے شرعاً جائز ہے یا نہین اور بہ نسبت آٹھ ہزار روپیہ اوس قرضہ کے
جو بعد بیع کے موضع احمد آباد پر ہندہ نے عائد کیا ہے وہ قرضہ اور اس دستاویز کی پابندی

زید پر لازم ہے یا یہ کہ اگرچہ بلا ضرورت و بلا فائدہ ذات و جائداد نابالغ بوجہ اُسکے کہ فعل خریداری مادر اپنے کو تسلیم و منظور کیا ہے لہذا اوس فعل کو بھی جو مادر زید نے بعد بیع نامہ یا وقت بیعنامہ کے خود قرضہ احمد آباد پر عائد کیا ہے زید اوس سے شرعاً انکار نہیں کرسکتا اور شرعاً ایسا فعل مادر زید کا زید کو پابند کرتا ہے یا نہیں بینوا بالعبارۃ الکتاب توجروا بالثواب

ہوالمصوب درباب تصرفات مالیہ کے مثل رہن و اجارہ و استدانہ و بیع و شراء مال طفل مین شرعاً مادر کو ولایت نہیں ہے اور اون معاملات مین کوئی معاملہ اوسکا طفل پر ملزم نہیں مگر یہ کہ طفل بعد بلوغ کے اوسکے تصرف کی اجازت دیوے جامع الفصولین مین ہے

الولایۃ فی مال الصغیر الی الاب و وصیہ ثم وصی وصیہ ولو بعد فلو مات ابوہ ولم یوص فالولایۃ الی اب الاب ثم وصیہ ثم الی وصی وصیہ فان لم یکن فالقاضی ومن یوصیہ القاضی انتہی اور فتاوی

عالمگیریہ مین ہے الام اذا رھنت مال طفلہا فانہ لا یجوز الا ان تکون وصیۃ او تکون ماذونۃ من جہۃ من یلی الطفل انتہی بناءً علیہ صورت سوال مین زید پر بوجہ تسلیم خریداری کے تسلیم دستاویز قرضہ و رہن لازم نہیں اور فعل مادر کا اوسکے واسطے ملزم نہیں واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی

ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی [محمد عبدالحی ابوالحسنات]

۳۶۱ **استفتا** چہ میفرمایند علمای دین و فضلای شرع متین و ارباب حقائق و صاحبان معارف و دقائق دریں معنی کہ مسمی زید را سلطان یا نایب وجہ سے سالانہ برای نذر و نیاز صندل و عرس بزرگان دین و سالکان مسلک حلم و یقین عطا نمودہ و بعد انتقال زید مذکور خدمت مذکور بذات فرزند کلان زید مذکور مسمی بکر مقرر ماند ہمچنان معاش مذکور و خدمت مسطور در اکبر اولادش من الابن بکر مسمی بخالد در رسید از رحلت خالد باوصف موجود بودن پسرش مسمی محمود پسر برادر عموی خالد مسمی لعمر و جبراً و غصباً بر خدمت مذکورہ قابض گردید پس عرفاً و طریقۃً حق خدمت مذکور محمود کہ از اولاد پسر کلان زید ست و تا چہار طبقہ بلا قصور و فتور بدست آبا و اجدادشان ماندہ است میرسد یا بعمرو جابر بینوا توجروا

ہوالمصوب استحقاق خدمت مذکورہ شرعاً و عرفاً بمحمود است نہ بعمرو در تنقیح فتاوی حامدیہ

می نویسد اذا مات من لہ وظیفۃ فی بیت المال بحق الشرع و اعزاز الاسلام و للمیت ابناء یراعون و یقیمون

حق الشرع كما يراعى وتقسيم الاب فلا امام ان يعطي وظيفة الاب لا ابناء الميت لا الغير بحصول مقصود الشرع وانجبار كسر قلوبهم انتهى والله اعلم حرره الراجي عفو ربه القوي ابو الحسنات محمد عبد الحي تجاوز الله عن ذنبه الجلي والخفي

الجواب صحيح والله اعلم حرره الفقير محمد عبد الوهاب عفا الله عنه

کتاب الوقف

مسئله

استفتا چه میفرمایند علمای دین ومفتیان شرع متین درین مسئله که یک موضع از والی ملک بطریق وقف در وجه اخراجات عود وگل واعراس وفقرا صادر و وارد وغیره درگاه حضرت شیخ مخدوم عطاء الله حسینی مفوض ومقرر گردیده بود از وقت عطای والی ملک بموجب اسناد سابق موضع مذکور بشرط خرج مذکور بنام اولاد اکبر حضرت موصوف انتقالا جاریست ونیز حسب دستور بزرگان مثلاً بنام مسمی بعمرو یکی از اولاد شیخ اکبر موصوف از عطای سند سرکاری بر موضع مذکور بمشروط مذکور بلا شرکت غیر سرفراز شده از قدیم قابض ومتصرف وانما بتدا تا این زمان احدی از اولاد اکبر یعنی سجاده نشین به برادری خود در شروط مذکور ترکه ندارد وحسب حکم شریعت معمول ومستمر آمده حالا مسمی به بکر برادر خرد عمرو مذکور در شرط مسطور حسب فرائض الله ترکه میخواهد وچار همشیریان عمرو بسبب دعوی بکر نیز دعوی ترکه می کنند پس از روی شرع شریف در شروط خرج مصارف عود وگل مذکور حکم فرائض به برادر وهمشیرگان جاریست یا نه وعبارت سند بدین نمط است موضع فیجاپور بموجب فرمان واسناد پیشین بمشروط خدمت تولیت سجاده نشینی روضه منوره حضرت شیخ المشایخ مخدوم عطاء الله حسینی واقع در وجه اخراجات عود وگل وعرس بر روضه منوره وفقرایان صادر مقرر وجاریست لهذا بدستور سابق از ابتدای ١٢٦٥ فصلی در وجه اخراجات روضه مذکوره بشروط خدمت مذکور بنام فلان بلا سهم دیگری مقرر بحال گشته فقط

هو المصوب موضع مذکور برای اخراجات عود وگل حسب سند سرکاری وقف ست نه ملک عمرو لهذا دران دعوی بکر وغیره بابت تقسیم ترکه رسد عمرو فقط از طرف سرکار متولی وقف مقرر شده ودر جمله کتب فقه مصرح که اختیار تولیت به واقف ست هر کسی را که خواهد متولی گرداند درین باب دعوی دیگر غیر سند قطع نظر ازین در سند لفظ بلا سهم دیگری موجود ست پس دعوی بکر وهمشیریان در صورت مذکوره نفاذی ندارد والله اعلم کتبه محمد عبد الحی عفا الله عنه

استفتا چہ میفرمایند علمای دین و مفتیان شرع متین اندرین مسئلہ کہ یک مسجد تعمیر کردہ کسے امیر یا نواب قدیم ست و زیر آن دکاکین ہستند و بر آن دکاکین ہم چند کسان قابض ہستند و گواہی شاہد بالمعاینہ بر وقف آن دکاکین بر مصارف مسجد نیست پس آیا شہادت بالتسامع درین باب کافی خواہد شد یا نہ بینوا توجروا

الجواب ہو الموفق للصواب شہادت بالشہرۃ بالتسامع بلا دعوی کسی برای اثبات وقف کافی ہست فی الہندیۃ الشہادۃ علی الوقف بالشہرۃ تجوز و کذا الشہادۃ بالتسامع فلو انہما شہدا بالتسامع و قالا نشہد بالتسامع تقبل شہادتہما و ان صرحا به لان الشاہد ربما یکون سنہ عشرین سنۃ و تاریخ الوقف مائۃ سنۃ فیتیقن القاضی ان الشاہد یشہد بالتسامع فاذن لا فرق بین السکوت و الافصاح انتہی و فی وقف الدر المختار الشہادۃ بالشہرۃ لاثبات اصلہ و ان صرحوا به ای بالتسامع فی المختار حفظا للاوقاف القدیمۃ عن الاستہلاک بخلاف غیرہ انتہی و فی شہادتہ لا یشہد بما لم یعاین بالاجماع الا فی النسب و الموت و النکاح و الدخول بزوجتہ و ولایۃ القاضی و اصل الوقف انتہی و فی الہدایۃ اما الوقف فالصحیح انہ تقبل الشہادۃ بالتسامع فی اصلہ دون شرائطہ لان اصلہ ہو الذی یشتہر انتہی و ہذا استحسان و القیاس ان لا تجوز لان الشہادۃ مشتقۃ من المشاہدۃ و ذلک بالعلم و لم یحصل فصار کالبیع وجہ الاستحسان ان ہذہ امور تختص بمعاینۃ اسبابہا خواص من الناس و یتعلق بہا احکام تبقی علی انقضاء القرون فلو لم تقبل فیہا الشہادۃ بالتسامع ادی ذلک الی تعطیل الاحکام و فی الاشباہ و حاشیۃ الحموی تقبل الشہادۃ حسبۃ بلا دعوی یعنی و یقضی بہا فی طلاق المرأۃ و عتق الامۃ و الوقف انتہی و در صورت عدم شہادت بالتسامع بنظر عرف فتوی وقف شدن دکاکین مذکورہ دادہ خواہد شد زیرا کہ نصوص واقف مانند نصوص شارع می شوند و ہرگاہ در صورت عدم نص شارع اعتبار عرف ہست در صورت عدم نص واقف نیز اعتبار عرف خواہد شد و الا یلزم ابطال کثیر من الاوقاف القدیمۃ و متعارف این ست کہ واقف ہرگاہ مسجد را وقف میسازد دکاکین وغیرہ نیز برای مصالح مسجد وقف میسازد علی الخصوص ہرگاہ مسجد کلان باشد و تعمیر کردہ کسے امیر یا نواب باشد در اشباہ می آرد نصوص الواقف کنصوص الشارع و فی ما لا نص فیہ من الاموال الربویۃ یعتبر فیہ العرف و الخصوصیۃ الربوا و انما العرف غیر معتبر فی المنصوص علیہ انتہی و ہرگاہ وقف دکاکین ثابت شد

درجمادی ثانیہ ۱۲۸۰ ہجری عبارت این استفتا طویل بود اختصاراً نقل کردہ شد و سوال و جواب بعبارت ہندی بود و در آن مرقوم بود کہ دکاکین زیر مسجد متعمرہ است بود

تملیک آن بطریق بیع یا ہبہ یا رہن جائز نخواہد شد فی الدر المختار فاذا تم ولزم لایملک ولا یملک ولا یعار ولا یرہن انتہی واللہ اعلم وعلمہ اتم کتبہ محمد بشیر عفی عنہ

ہو الموفق للصواب اگر شہادت بالمعاینہ نباشد شہادت بالتسامع کافی ست والدلیل تقبل فیہ الشہادۃ حسبۃ بدون الدعوی اربعۃ عشر منہا الوقف علی ما فی الاشباہ وتقبل فیہ الشہادۃ علی الشہادۃ والشہادۃ للنساء مع الرجال وبالشہرۃ لاثبات صلبہ وان صرحوا بہ ای بالسماع علی المختار ولو الوقف علی معینین انتہی من موضعی الدر المختار کتبہ محمد عبد اللہ الحسینی البلگرامی

قد اصاب المجیب بما اجاب حررہ العبد المفتقر الی اللہ محمد عظیم اللہ عفی عنہ

ہو المصوب فی الواقع جواز شہادت بالشہرۃ وشہادت علی الشہادت وبالتسامع برای ثبوت اصل وقف بشہادت کتب فقہیہ معتمدہ ثابت ست فی العالمگیریۃ تقبل الشہادۃ علی الشہادۃ فی الوقف کذا شہادۃ النساء مع الرجال کذا فی الظہیریۃ وکذا الشہادۃ بالتسامع فلو انہما شہدا بالتسامع وقالا نشہد بالتسامع تقبل وان صرحا بہ انتہی وہرگاہ کہ شہادت بالتسامع برای ثبوت وقف کافی شد بر تقدیر ثبوت وقف دکاکین مذکورہ بانی مسجد یا ورثۂ او ویا شخص دیگر را اختیار بیع یا ہبہ یا رہن وغیرہ نیست در رد المحتار ذیل قول صاحب در مختار لایملک ولا یملک می نویسد قولہ لایملک ولا یملک ای لا یکون مملوکا لصاحبہ ولا یملک ای لا یقبل التملیک لغیرہ کالبیع ونحوہ لاستحالۃ تملیک الخارج عن ملکہ انتہی حررہ عبد الخامل محمد عادل عاملہ اللہ بفضلہ الشامل وجعلہ من الآمنین یوم الرجف والزلازل

ہو المصوب در وقف شہادت بالتسامع وشہادت بالشہرۃ مقبول ست فی الذخیرۃ تقبل الشہادۃ علی الشہادۃ وکذا الشہادۃ بالتسامع من الرجال انتہی وفیہا ایضا وتقبل الشہادۃ علی اصل الوقف بالشہرۃ انتہی وفی خزانۃ المفتیین لو اشہدا بالتسامع وصرحا بہ تقبل شہادتہما انتہی واین جسم دکاکین در عرف موقوف میشوند برای مصالح مسجد وعرف مثل نص ست فی شرح الاشباہ للبیری عن المبسوط ان الثابت بالعرف کالثابت بالنص انتہی وفی الذخیرۃ اذا قال ارضی ہذہ للسبیل ولم یزد علیہ فان کان ہذا وقفا فی عرفہم وقف انتہی کتبہ محمد بشیر الدین

ہو المصوب بلاریب شہادت بالتسامع برای اثبات وقف معتبر ست وبر تقدیر فقدان شہادت بالعیان این چنین شہادت کافی خواہد شد فی جامع المضمرات فی النصاب

بل یجوز الشهادة علی الشهادة و بالتسامع المختار انه یجوز فانه لو لم یجز لادی ذلک الی استهلاک
الاوقاف القدیمة وبه اخذ الفقیه ابو اللیث حتی لو استولی علی الوقف ظالم وانکر الوقف کان لاهل
القریة ان یشهدوا بذلک انتهی وفی الفتاوی الخیریة قد ذکر فی جامع الفصولین رامزا للعدة ینبغی
ان یقبل ای الشهادة بالتسامع لو کان قدیما و وقف مشهور قدیم لا یعرف واقفه استولی علیه
ظالم فادعی المتولی بانه وقف علی کذا مشهورا و شهد کذلک فالمختار انه یجوز انتهی وفی الکفایة
قال الامام ظهیر الدین لا بد من بیان الجهة بان یبین ان هذا وقف علی المسجد او المقبرة او نحو ذلک
حتی لو لم یذکر ذلک لم تقبل و تاویل قولهم لا تقبل الشهادة علی شرط الوقف انهم بعد ما شهدوا ان هذا
وقف علی فلان لا ینبغی لهم ان یشهدوا ابیدء من غلته کذا و کذا انتهی و هرگاه شهادت بالتسامع برای
اثبات وقف دکاکین مذکورة الصدر کافی شد پس بعد ثبوت وقف آنها تصرف مثل بیع و هبه وغیره
جائز نیست شیخ الاسلام بدر الدین عینی در شرح هدایه می نویسند اذ صح الوقف لا یصح تملیکه و لا بیعه لما ذکر
فی اول الکتاب من قوله علیه الصلوة والسلام لعمر تصدق باصلها لا تباع و لا توهب و لا تورث
انتهی ملخصا حرره محمد عبد الحی عفا الله عنه

۳۶۴
استفتا املاک وقف ملک کسی هست یا نه در ان ملک کسے تصرف میتواند کرد یا نه
هو الموفق ملک کسے نه که الوقف لا یملک والله اعلم - لمقه خادم اولیاء الله الصمد علی محمد
غفر له الله الاحد صح الجواب علی ما فی الجوهرة النیرة قال ابو یوسف و محمد الوقف عبارة عن حبس
العین علی ملک الله علی وجه تصل المنفعة الی العباد فیزول ملک الواقف عنه الی الله فیلازمه و لا یباع
و لا یوهب و لا یرهن و لا یورث انتهی والله اعلم حرره محمد عبد الحی عفا عنه

(۱۱ رجب سنہ ۱۲۸۸ ہجری)

۳۶۵
استفتا کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ مثلا زید نے
کسیقدر روپیہ حسبۃ للہ ایک مسلمان کی دوکان میں جمع کر دیا اس غرض سے کہ اوس سے کاروبار
تجارت کا ہو اور اوسکی اصل یا منافع سے صرف مدرسہ اسلامیہ کا جو فلان مسجد جامع میں ہے عمل میں
آیا کرے اور ایک وصیت نامہ بھی اس مضمون کا لکھکر چند اشخاص اہل اسلام کو جنکے مشورہ سے
عمارت مسجد مذکور مع چند مساجد دیگر کے انجام ہوتے تھے اور منجملہ اون اشخاص کے زید خود بھی
تھا واسطے انصرام اس وصیت کے وصی مقرر کیا اور یہ اشخاص ممبران کمیٹی مساجد مذکور کہلاتے تھے

(از ناگپور مرسلہ [illegible] رمضان [illegible])

بعدہ ممبران کمیٹی نے بصوابدید کثرت رای کے اوس مدرسہ سے مدرس عربی کو مع طلبہ اوس مسجد کے
اوٹھا کر دوسری مسجد مین لیگئے جسکے مہمات متعلق ممبران کمیٹی مذکور کے نہ تھے بلکہ وہ اہتمام مین فخر
خالد کے تھے جو اس کمیٹی کا افسر تھا مگر نام اوسی جزء مدرسہ کا جو مسجد آخر الذکر مین اوٹھ گیا وہی مدرسہ
اسلامیہ واقع مسجد اول الذکر قائم رہنے دیا اور ایک مدرس حافظ قرآن مع طلبہ مسجد اول الذکر مین
رہنے دیا اور چندہ جو نام سے مدرسہ اسلامیہ واقع مسجد اول الذکر کے وصول ہوتا تھا اوس سے
تنخواہ دونون مدرسون کی دیجاتی تھی بعدہ زید فوت ہوا اور عمرو بجاے اوسکے ممبر اوس کمیٹی کا
بمشورہ جملہ ممبران کمیٹی باقی ماندہ کے مقرر ہوا بعدہ بکر منجملہ ممبران کمیٹی کے ایک شخص شرکت مجلس
شورہ مساجد مذکور سے اور مدرس مذکور مداخلت مسجد مذکور یعنی مداخلت مسجد اول الذکر سے
باتفاق جملہ بقیہ ممبران کمیٹی ممنوع کیے گئے مگر خالد افسر کمیٹی نے مسجد آخر الذکر مین اوسکو قائم
رہنے دیا و برخاست نہین کیا اوسیوقت مسجد اول الذکر مین دوسرا مدرس عربی مقرر ہوا اور چندہ
جو واسطے مدرسہ کے مسلمانون سے وصول ہوتا تھا متفرق ہو گیا کچھ مسلمان مدرسہ جدید واقع
مسجد اول الذکر مین دینے لگے اور کچھ مسلمان مسجد آخر الذکر مین اور اہتمام دونون مدارس کا علیحدہ
ہو گیا مدرسہ مسجد اول الذکر باہتمام عمرو کے رہا اور مدرسہ آخر الذکر باہتمام بکر کے لیکن مدرس
حافظ قرآن کی تنخواہ کسی مصلحت سے مسجد آخر الذکر کے چندہ سے بدستور ملتی تھی بعدہ مدرس حافظ قرآن
متعینہ مسجد اول الذکر بہ ترک نوکری رخصت ہوا اور بجای اپنے دوسرے حافظ کو مقرر کرنا چاہا لیکن
عمرو مہتمم مدرسہ مسجد اول الذکر نے بنا منظوری اوسکے دوسرا حافظ مقرر کیا الا بکر نے اوسی حافظ کو
جسکو حافظ معزول نے مقرر کرنا چاہا تھا مسجد آخر الذکر مین مقرر کردیا اور مدرسہ حفظ قرآن وہان بھی
جاری کیا اور تنخواہ مدرس حافظ قرآن متعینہ مسجد اول الذکر کو جو چندہ مسجد آخر الذکر سے ملتی تھی
موقوف کردی اب دونون مسجدون کے مدارس کے چندہ اور مصارف بالکل علیحدہ ہو گئے
ایک کی آمدنی اور مصارف سے دوسرے مدرسے اور مسجد سے تعلق نہین ہے پس اب وہ روپیہ
جو زید نے واسطے مصارف مدرسہ مسجد جامع یعنی مسجد اول الذکر کے دوکان مذکور مین جمع کیا تھا
کس مدرسہ کے مصارف مین خرچ ہونا شرعاً واجب ہے آیا ممبران کمیٹی کو صرف کرنا اوس روپیہ کا
مدرسہ اسلامیہ مسجد جامع مین داخل ہے یا مدرسہ واقع مسجد آخر الذکر مین و اگر اوس روپیہ سے

کوئی جائداد تعمیر ہوئی ہو تو اوسکی آمدنی کس مدرسہ مین شرعاً صرف ہونا چاہیے اور کس مدرسہ مین صرف ہونے سے تعمیل وصیت ہوتی ہے اور کس مدرسہ مین صرف ہونا خلاف تعمیل وصیت ہے اور اس خلاف تعمیل وصیت سے ممبران کمیٹی جو اوصیا عند اللہ ہین گنہگار ہونگے یا نہین بینوا بالکتاب توجروا بالصواب

ہوالمصوب چونکہ شرط واقف کی لازم العمل ہے اور صورت سوال مین واقف نے بقید مدرسہ اسلامیہ ساتھ واقع مسجد جامع کے کی ہے بنائً علیہ اوس روپیہ کا مصروف ہونا مدرسہ مسجد جامع مین چاہیے نہ مسجد اخیر کے مدرسہ مین بحر الرائق شرح کنز الدقائق مین ہے فان قلت

اذا کان لہ درس فی جامع والزم بانہ ان یکون عما علیہ فی مدرستہ ہل یستحق المعلوم فی المدرسۃ قلت لا یستحق الا اذا باشر فی المکان المعین بکتاب الوقف لقولہ فی شرح المنظومۃ اما لو شرط الوقف فی ذلک کلہ شروطا اتبعت انتہی حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

| محمد عبد الحی
ابو الحسنات |

استفتا کیا فرماتے ہین علمای شریعت غرا و فضلای طریقت حقا اس مسئلہ مین اگر واقف نے کہ خود ہی متولی ہے اسطور پر وقف کیا کہ جو جائداد موجود ہی وہ مین نے وقف کی اور جو جائداد آئندہ زمانہ تولیت مین پیدا کرونگا وہ بھی وقف کی سوال یہ ہے کہ بہ نسبت جائداد آئندہ کے

وقف حال درست ہوگا یا نہین فقط بینوا توجروا

ہوالمصوب بہ نسبت جائداد آئندہ کے وقف حال نہ درست ہوگا غرالطلوقف سے مملوک ہونا موقوف کا بوقت وقف ہے واذ لیس فلیس بحر الرائق مین ہے من شرائط الملک وقت الوقف انتہی اور بھی اوسمین ہے فی الخانیۃ لو قال اذا ملکت ہذہ الارض فہی صدقۃ موقوفۃ لا یجوز لانہ تعلیق والوقف لا یقبل التعلیق انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

| محمد عبد الحی
ابو الحسنات |

از غازی پور مرسلۂ مولانا رحمت اللہ صاحب بماہ ربیع اول ۱۲۹۶ھ

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ وقف مشاع جائز ہے یا نہین خواہ حصہ واقف کا دوسرے شریکون سے علیحدہ ہو خواہ شے موقوفہ درمیان موقوف علیہم کے منقسم اور معین ہو فقط بینوا بالکتاب توجروا من اللہ الوہاب

ہوالمصوب وقف مشاع مشترک محتمل القسمۃ بقول مفتی بہ نہین جائز ہے بحر الرائق مین ہی

الحاصل ان وقف المشاع مسجدا ومقبرۃ غیر جائز مطلقا اتفاقا وفی غیرہما ان کان مالا یحتمل القسمۃ جاز

اتفاقا والاختلاف فیما بجملہا فلا یجوز وقف المشاع عند محمد ویجوز عند ابی یوسف وصرح فی الخلاصۃ
من الاجارۃ بان الفتوی علی قول محمد فی وقف المشاع وکذا فی البزازیۃ والولوالجیۃ وفی شرح المجمع
لابن ملک وفی التجنیس بہ یفتی وتبعہ فی غایۃ البیان انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی [محمد عبد الحی ابو الحسنات]

۲۶۸
استفتا کیا فرماتے ہین علمای شرع شریف وفضلای دین لطیف اس مسئلہ مین کہ اگر واقف نے اس طور سے وقف کیا کہ کسی حاکم وقت کو اختیار نہوگا کہ اپنی رای سے کسی دوسری کو متولی مقرر کرے یا متولیان مقرر کردہ میرے کی نسبت معزولی وکمی وبیشی کرے یا نسبت اونکے کوئی جرم خیانت کا لگاوے تو سوال یہ ہے کہ آیا اسوجہ سے دست اندازی حاکم یا قاضی ممنوع ہوگی اس بات پر لحاظ رکھیے کہ موقوف علیہ اور متولی ایک ہی ہو فقط بینوا بالدلیل توجروا عند اللہ الجلیل
ہو المصوب ایسے شرط کی صورت مین دست اندازی قاضی وحاکم ممنوع ہوگی اور تغیر اور تبدیل کسی حاکم کو جائز نہوگی مگر جبکہ متولی کی خیانت بطور صحیح ثابت ہوا وسوقت حاکم شرع کو تبدیل کا اختیار ہوگا اور شرط وقف کا اعتبار نکیا جاویگا بحر الرائق شرح کنز الدقائق مین ہے واتے
القاضی لو خرج عن المشروط لہ ووصیہ انتہی آور بھی اوسمین ہے یعزل القاضی المتولی لو کان خائنا
للوقف ولا اعتبار لشرط الواقف ان لا یعزلہ القاضی والسلطان لانہ شرط مخالف لحکم الشرع انتہی
واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی [محمد عبد الحی ابو الحسنات]

۲۶۹
استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ زید نے اپنی جائداد غیر منقولہ کو عمرو وبکر پر وقف کیا اور اوسیکو متولی مقرر کیا اور یہ شرط کی کہ عمرو جسکو چاہے موقوف علیہ اور متولی بعد اپنے مقرر کرے تو آیا اس اختیار عطا کردہ واقف سے عمرو دوسرے کو موقوف علیہ اور متولی کر سکتا ہی یا نہین اور بعض لوگ یہ کہتے ہین کہ موقوف علیہ مالک نہین ہے اور سوای مالک کے دوسرا شخص موقوف علیہ مقرر نہین کر سکتا ہے گو مالک نے اوسکو اختیار دیا ہو فقط بینوا توجروا
ہو المصوب شرائط سے مملوک ہونا موقوف کا واسطے واقف کے ہے اور شے موقوف ملک موقوف علیہ مین داخل نہین ہوتی ہے جیساکہ فتاوی عالمگیریہ مین ہے واذا خرج عن ملک الواقف لا یدخل فی ملک الموقوف علیہ کذا فی الکافی وہو المختار کما فی فتح القدیر انتہی بناء علیہ موقوف علیہ کو

اختیار وقف موقوف کا نا ئیا حاصل نہیں ہوسکتا اور متولی کرنیکا اوسکو اختیار ہی رد المحتار مین ہے

معنی العموم کما فی انفع الوسائل انہ ولاہ واقامہ مقام نفسہ وجعل لہ ان یسندہ ویوصی بہ الی من شاء

ففی ہذہ الصورۃ یجوز التفویض منہ فی حال الحیاۃ وفی حالۃ المرض المتصل بالموت انتہی اور در مختار مین ہے

اراد المتولی اقامۃ غیرہ مقامہ فی حیاتہ وصحتہ ان کان التفویض لہ بالشرط عاما صح والا فان فوض

فی صحتہ لا یصح وان فی مرض موتہ یصح انتہی ملخصا واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات

محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

نمبر ۲

استفتا کیا فرماتے ہین علماے دین ومفتیان شرع متین بیچ اس مسئلہ کے وقف مبیع

بہ بیع الوفا منجانب مشتری درست ہے یا نہین کیونکہ اسمین لزوم ودوام نہین ہی جو وقف کیلیے

ضرور ہی کیونکہ بایع زر ثمن مثل زر رہن کے دیکر جائداد سے واپس کرسکتا ہے اور ثانیا جائداد

بیع الوفا مشتری کی مملوک نہین ہے مگر بعض لوگ کہتے ہین بیع الوفا بحکم بیع ہے

اسوجہ سے وقف جائز ہے فقط بینوا بالکتاب توجروا یوم الحساب

ہو المصوب بیع بالوفا کے باب مین فقہا کا اختلاف واقع ہے بعض بیع فاسد اور

بعض رہن تجویز کرتے ہین اور صاحب بحر نے اسمین آٹھہ قول نقل کیے ہین اور قول ہشتم کے

باب مین لکھا ہے الثامن القول الجامع لبعض المحققین انہ فاسد فی بعض الاحکام حتی ملک

کل منہما الفسخ وصحیح فی حق بعض الاحکام کحل الانزال والمنافع ورہن فی حق البعض حتی لم یملک المشتری

بیعہ من آخر ولا رہنہ انتہی اور بعد اسکے تحریر کیا ہے ینبغی ان لا یعدل فی الافتاء عن القول الجامع انتہی

بناء علیہ وقف مبیع بہ بیع الوفا کا نہ درست ہوگا واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی

ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

نمبر ۳

استفتا کیا فرماتے ہین علماے دین اس مسئلہ مین کہ ایک مسجد قدیم کی

دیوارین پختہ اور محراب موجود ہے اور آبادی محلہ مسلمانون کی واقع ہے اب دیوارین اسکی

خراب شہید کر کے قریب اوسکے بفاصلہ پانچ سات درعہ مسجد جدید تیار کرنا اور اینٹ اور جو

مسجد قدیم کا مسجد جدید مین لگانا جائز ہے یا نہین اور مسجد قدیم کی زمین مین نہرین بنانا جائز ہی

یا نہین اور جو مسجد قدیم منہدم کی گئی اوسکی اراضی کیواسطے کیا حکم ہی بینوا توجروا

بماہ جمادی ثانیہ سنہ ۱۲۹۶ ہجری از قائم گنج ضلع فرخ آباد مرسلہ اکرم احمد خانصاحب از مکان مولوی جمیل الدین وکیل

هو المصوب جو مسجد منہدم ہو جاوے اور اوسکی تعمیر و ترمیم نہو سکے اور لسبب قرب
دوسری مسجد کے یا کسی اور وجہ سے اوس مسجد سے استغنا بھی حاصل ہو جاوے ایسی صورت مین
اسباب اوس مسجد کا دوسری مسجد مین نقل کرنا بمذہب صحیح و روایات مفتی بہ نہین درست ہے جیسا کہ
رسالہ اسعاد المساجد بعمارۃ مساجد مین فاضل ربانی حسن شرنبلالی تحریر کرتے ہین لایجوز
نقل اوقاف المدرسۃ ولا تغییر ما شرطہ واقفھا وکذلک المسجد علی المفتی بہ من المذہب وایضاح ذلک
بما قال العلامۃ الشیخ زین فی البحر الرائق قال محمد اذا خرب المسجد ولیس لہ ما یعمر بہ وقد استغنی الناس لبناء
مسجد آخر او لخراب القریۃ او لم تخرب لکن خربت بنقل اھلہا واستغنوا عنہ فانہ یعود الی ملک الواقف
وقال ابو یوسف ہو مسجد ابدا الی قیام الساعۃ لا یعود میراثا ولا یجوز نقلہ ونقل مالہ الی مسجد آخر سواء کانوا
یصلون فیہ او لا یصلون وعلیہ الفتوی کذا فی الحاوی القدسی وفی المجتبی واکثر المشایخ علی قول
ابی یوسف ورجح فی فتح القدیر قول ابی یوسف انتہی چہ جائیکہ مسجد قدیم کی دیوارین وغیرہ قایم ہین
اور آبادی مین واقع ہے ایسی مسجد کو منہدم کرنا اور اوسکا اسباب دوسری مسجد مین نقل کرنا کسی طرح سے
نہین درست ہوگا بلکہ منہدم کرنے والا اوسکا داخل وعید شدید کلام اللہ کا ومن اظلم ممن
منع مساجد اللہ ان یذکر فیہا اسمہ وسعی فی خرابہا ہوگا اور اسیطرح سے مسجد قدیم کی زمین کو
نہر بنانا نہین جائز ہے تمام کتب فقہ مین مصرح ہے لا یجوز تغییر شرط الواقف ہر گاہ اوس زمین کو
واقف نے مسجد بنایا تا قیام قیامت اوسکا حکم مسجد کا رہیگا اور کسی طرح سے اوسمین تصرف جائز نہوگا
واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی (محمد عبد الحی ابو الحسنات)

استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم ما قولہم رحمہم اللہ خدمت مین علمای دین و مفتیان شرع متین کے
کہ بصفت لا یخافون لومۃ لائم متصف ہین عرض ہے سوال اول قریب پچاس سال سے ایک مسجد
قصبہ گنگولی مین آباد ہے اوسکے اخراجات کے واسطے چند کوٹھے بنای مسجد سے کہ جنسے بارہ یا تیرہ
روپیہ کی ماہواری آمدنی ہوتی ہے ملحق مسجد ہین اور ایک موذن بھی ہمیشہ سے سات روپیہ
ماہواری کا مقرر رہا اب عرصہ ایک سال سے ایک مدرسہ موسومہ بہ انجمن اسلامیہ و فلاح عام
چندہ اہل اسلام سے بقدر وسعت کے جاری کیا گیا ہے منتظمان انجمن نے ایک مدرس پندرہ
روپیہ ماہواری کا اور نیز ایک نایب مدرس چھہ روپیہ ماہوار کا اس طور سے کہ موذن سابق کو

فضول جانکر چار روپیہ مسجد سے و دو روپیہ چندۂ مدرسہ سے جملہ چھ روپیہ کرکے مقرر کیا کہ جسکے ذمہ دونون کام یعنی نیابت مدرس اور اذان مسجد تفویض ہوئی جب اوس سے انتظام مسجد اور اذان کا نہو سکا تب ایک اور شخص دو روپیہ ماہواری پر مسجد کی آمدنی سے مقرر کیا گیا اسپر زید اعتراض کرتا ہے کہ جو صرفہ آمدنی مسجد سے مدرسہ مین لیا جاتا ہے بیجا ہے غور فرمایا جاوے ماسوای اُسکے کچھ زمین جو نامزد مسجد سے افتادہ تھی اوسپر چند کوٹھی بشمول آمدنی مدرسہ و مسجد کے بنائی گئی ہین مقولہ بکر یہ ہے کہ نئے کوٹھون کی آمدنی مسجد مین نہین دیجائیگی کیونکہ مدرسہ بھی کار خیر مین داخل ہے اوسپر زید معترض ہے کہ بحکم حدیث نبوی صلعم جو مشارق الانوار مین ہے خولہ بنت ثامر ان رجالا یتخوضون فی مال اللہ بغیر حق فلہم النار یوم القیامۃ بخاری مین خولہ بنت ثامر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر جو لوگ گھسے پڑتے ہین خدا کے مال مین یعنی ناحق لوٹے کھاتے ہین اونکے لیے قیامت مین آگ ہے فریقین کو عمل کرنا چاہیے تو مقولۂ بکر ہو کہ زید کو حدیث بجھنے کی تمیز نہین ہے ممکن ہے کہ اس حدیث کی ناسخ کوئی اور حدیث ہو اور وہ مجھہ تک نہ پہونچی ہو مگر کوئی حدیث ناسخ پیش نہین کی مشتبہ بیان کرتا ہے اور جب حدیث مذکور کی تنسیخ تحریر از زید مانگتا ہے تو انکار ہے اور طرفہ یہ کہ تعلیم اس مدرسہ کی حسب ضابطہ اسکول سرکاری اور صرف و نحو کی ہوا کرتی ہے علم دینی کی نہین حتی کہ امتحان افسران سرشتہ تعلیم کو دلاکر انعام کچھ اوپر پچاس روپیہ سرکار سے ملا وہ چندہ مدرسہ مین جمع کیا گیا اب عرصۂ دو ماہ سے تنخواہ مدرس مقررہ پندرہ روپیہ ماہواری سے پانچ کمی کرکے دس روپیہ قرار دیے اور کھانا اہالیان انجمن مین سے ایک صاحب نے اپنے ذمہ لیا ہے تو ایسے مدرسے مین مسجد کا روپیہ لگانا کیسا ہے بینوا توجروا۔ مکرر آنکہ مولوی یوسف علی صاحب و منشی یعقوب علی صاحب دیوبندی کی زبانی معلوم ہوتا ہے کہ دیوبند مین مدرسۂ اسلامیہ جو چودہ پندرہ برس سے قایم ہے مولانا رفیع الدین صاحب و مولانا یعقوب صاحب مہتمم مدرسہ نے باوجود کثیر آمدنی مسجد مدرسہ کو مسجد سے متعلق نہین رکھا اور نہ مسجد کا روپیہ مدرسہ مین لگایا اور سرکار سے سو روپیہ ماہواری چندہ لینے سے بھی انکار کیا اور سرکار سے کچھ تعلق نہین رکھا سوال دوم مقولۂ بکر ہے کہ جمعہ و عیدین مین خطبہ عربی زبان مین پڑھکر اوسی منبر پر اوسکا ترجمہ قوم کی

زبان مین بیان کر دینا جائز ہے مگر کوئی مستند پیش نہین کرتا البتہ زید بربنائے طوالت خطبہ

وبمقتضای حدیث مشارق الانوار عمار ان طول صلوة الرجل وقصر خطبته مئنة من فقهه فاطیلوا الصلوة

واقصروا الخطبة یعنی عمارؓ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ نماز کو بڑھانا مرد کا و خطبہ کا گھٹانا پہچان

اوسکی دانائی وعقلمندی کا سو تم نماز کو بڑھایا کرو اور خطبہ کو مختصر اور کم کرکے پڑھا کرو اسمین معترض ہے اور

کہتا ہو کہ خطبہ عربی زبان کے سوائے دوسری زبان مین پڑھنا یا عبارت عربی پڑھکر اوسکا ترجمہ

بیان کر دینا نہین چاہیے سلف سے ثابت نہین صحابہ وتابعین مین سے کسی سے یہ فعل پایا نہین جاتا

حالانکہ حضرات صحابہ وتابعین عرب کے سوای اور ملکون مین بھی جاتے تھے جہان عربی بولی نہ تھی مگر

خطبہ کا ترجمہ اور زبان مین بیان کرنا ثابت نہین ہوتا جب تک اون بزرگون سے ثابت نہو جاے

اونکی اتباع نہین چاہیے بجای خدا کتمان حق نکرو صاف صاف بیان کرو بینوا ولکم الاجر

عنداللہ تعالی عبدالحکیم ساکن کندیلی ضلع نرسنگہ پور

ہو المصوب جواب سوال اول اوقاف مسجد سے صرف کرنا مدرسہ مین نہین

درست ہے درمختار مین اتحد الواقف والجہة وقال مرسوم بعض الموقوف علیہ بسبب

خرابہ وقف احدہما جاز للحاکم ان یصرف من فاضل الوقف الاخر الیہ لانہما حینئذ کشئی واحد

وان اختلف احدہما بان بنی رجلان مسجدین او رجل مسجدا ومدرسة ووقف علیہما اوقافا لایجوز

له ذلک انتہی جواب سوال دوم بمذہب امام ابو حنیفہ خطبہ جمعہ وغیرہ فارسی مین پڑھنا

درست ہی مگر مراد اوس سے یہ ہے کہ خطبہ جمعہ جو شرط نماز ہے اگر فارسی مین پڑھا جاویگا یا

اردو مین یا کسی اور زبان مین تو شرط ادا ہو جائیگی اور نماز جمعہ صحیح ہو جاویگی مگر اسمین شک

نہین ہو کہ یہ طریقہ خلاف مسنون ہو پس خالی کراہت سے نہوگا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے

خطبون مین کبھی کبھی ایسے لوگ عجمی آتے تھے کہ زبان عربی نہین سمجھتے تھے اور صحابہ کے زمانہ مین

جب بلاد فارس وعجم فتح ہوے تو اونکے خطبون کی مجالس مین ہزارہا وہ ہوتے تھے جو عربی

نہین سمجھتے تھے باینہمہ کسی سے منقول نہین کہ اونے خطبہ بزبان غیر عربی پڑھا ہو یا ترجمہ اوسکا

اوسوقت کیا ہو حالانکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو فارسی پر کسی قدر قدرت حاصل تھی اور

صحابہ مین بہت فارسی سمجھتے تھے اور بول سکتے تھے باینہمہ ہرگز آنحضرتؐ او صحابہ سے یہ امر

منقول نہین ہے پس بالضرور یہ امر مکروہ اور خلاف مسنون ہوگا باقی رہی تفہیم اور تعلیم عوام اوسکے واسطے وعظ مقرر ہے جس زبان مین چاہے تعلیم کرے تفصیل اس مسئلہ کی میرے رسالہ احکام النفائس فی اداء الاذکار بلسان الفارس مین موجود ہے جسکو شوق ہو دیکھ لے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی۔ محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتا ایک زمین جسکے مالک تین شخص بالشرکہ ہین قبضے مین ایک رعیت کے اس طور پر ہے کہ وہ رعیت کل محاصل اس زمین پر متصرف ہوتا ہے اور مالکان کو صرف خزانہ مقررہ سالانہ زمین دیدیا کرتا ہے اور جبتک رعیت مذکور خزانہ مقررہ ادا کرتا چلا جاوے مالکان از روی قانون انگریزی کے اوسکو بیدخل نہین کر سکتے ہین اور اوس زمین کو اس رعیت کے قبضہ و تصرف سے باہر نہین کر سکتے ہین ہان اگر وہ رعیت خزانہ ادا نکرے تو البتہ مالکان اوسکو بیدخل کر دینے کے قانوناً مجاز ہین اور اوس زمین کو اوس رعیت سے منتزع کر کے دوسرے کے ساتھ بندوبست اوس زمین کے کر دینے کے مختار ہین اور اوس زمین کا بندوبست بعد پانچ سال کے متبدل ہو جایا کرتا ہے یعنی خزانہ مقررہ اوسکا گھٹ بڑھ جایا کرتا ہے اور جسوقت مالکان جمع سابق پر اضافہ کرتے ہین رعیت مذکور اوسکو قبول کرکے ہمیشہ پانچ پانچ سال تک کا بندوبست اپنے ساتھ کر لیا کرتا ہے اور اوس حال مین اگر رعیت مذکور جمع زائد ادا نکرے بلکہ جمع سابق ہی دیتا جاوے تو مالکان کو بجز لینے جمع زائد کے حق انتزاع زمین قانوناً حاصل نہین ہے صرف انتزاع زمین کے مختار وہ لوگ اوسوقت ہین جب مطلق خزانہ دینا رعیت موقوف کرے ایسی زمین مین رعیت مذکور مسجد بلا اذن مالکان بنایا چاہتا ہے پس شرعاً وہ مختار ہے یا نہین اور بلا اذن مالکان کے اگر وہ مسجد بنا لیوے تو وہ مسجد شرعاً مسجد ہوگی اور احکام مسجد اوسپر مترتب ہونگے یا نہین اور اگر مالکان ثلثہ سے دو یا ایک سے اذن لیوے کل سے اذن نہ لیوے تو شرعاً کیا حکم ہو اور اگر قبل بنجانے کے اوسنے کسی سے اجازت نہ لی یا لی تو بعض سے اور بعد تیار ہو جانے مسجد کے جملہ شرکاء نے اذن دیا تو اوس تقدیر پر وہ مسجد شرعاً ہوگی یا نہین اور بصورت اذن شرکاء کے ثواب وقف زمین و تعمیر مسجد دونون کا رعیت مذکور کو ہوگا یا صرف تعمیر کا ثواب پاویگا اور وقف زمین کا ثواب مالکان کو ملیگا جواب ہر شق کا مفصلاً بسند کتب معتبرہ درکار ہے بینوا توجروا

ہو المصوب شرائط صحت وقف سے یہ ہے کہ موقوف ملک واقف مین قبل وقف کے

ہو یا بعد وقف کے مالک اجازت دیدے رد المحتار مین ہی افادان الواقف لا بدان یکون مالکا لہ وقت الوقف ملکا تاما ولو بسبب فاسد وان لا یکون محجورا عن التصرف حتی لو وقف الغاصب المغصوب لم یصح وان ملکہ بعد الشراء او صلح ولو اجاز المالک وقف فضولی جاز انتہی پس صورت مذکورہ مین رعیت اوس زمین مین مسجد بنانے کا مختار نہین ہے اسوجہ سے کہ وہ زمین اوسکی مملوک نہین ہے ہان اگر جملہ شرکا رمالکین اجازت دیدین قبل تعمیر کے یا بعد تعمیر کے اوسوقت حکم صحت وقف کا ہوگا مگر اس صورت مین ثواب وقف کا اصل مالکون کو ہوگا اور رعیت کو صرف تعمیر کا ثواب ملیگا اور درصورت عدم اذن مطلق اوس مسجد کا حکم حکم مساجد شرعیہ کا نہوگا واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی

ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا سوال اول جو جانور کہ ہنود بزعم خود اپنے بتون کے نام سے وقف کرتے ہین جیسے سانڈ وغیرہ اوسکا کھانا بلا اجازت مالک یا بطریق شرا یا ہبہ کے غیر شخص مالک سے باوجود علم کے کیسا ہی **سوال دوم** جو جانور کہ ہنود بلا قطع یا بعد قطع بعض عضو اوسکے دریا مین یا کسی بت پاس چھوڑ دیتے ہین اوسکا کھانا بطریق مذکورہ سوال اول کیسا ہے **سوال سوم** غیر ذی روح چیزین جو کسی درگاہ یا امام باڑہ یا بت یا ایسے مقام پر کہ پرستش اوسکی شرعا ناجائز ہے بہ نیت تقرب چڑھائے جاتے ہین فی زماننا دو طریقے پر مروج ہے اول یہ ہے کہ چڑھائی ہوئی چیز اوسکے مقام پر چھوڑ دیجاوے دوسرے یہ کہ مالک کی طرف سے اوسی مقام پر تقسیم کردیجاوے اوسکا کھانا یا استعمال کرنا دونون صورتون مین کیسا ہے بینوا توجروا

ہو المصوب **جواب سوال اول و دوم** اس قسم کے جانورون کا کھانا بدون اجازت مالک کے حرام ہی نہ اسوجہ سے کہ وہ ما اہل لغیر اللہ ہی کیونکہ ما اہل لغیر اللہ وہ ذبیحہ ہی جو بقصد تقرب الی غیر اللہ ذبح کیا جاوے نہ وہ کہ زندہ چھوڑ دیا جاوے بلکہ اسوجہ سے کہ ایسا جانور اس قسم کے وقف کرنے اور ارسال سے ملک مالک سے نہین نکلتا ہے پس اگر وہ اجازت دیدے کھانا اوسکا درست ہوگا رد المحتار مین ہے المختار فی الصید انہ لا یملکہ اذا لم یبحہ وکذا فی الہدایۃ اذا سیبہا لما بسطہ الشرنبلالی فی شرحہ انتہی اور زیلعی کی شرح کنز مین مرقوم ہے ان کان مرسلا فہی مال الغیر فلا یجوز تناولہ الا باذن صاحبہ انتہی **جواب سوال سوم** جس چیز مین نذر لغیر اللہ

مقصود ہو بلکہ تقسیم کرنا اور اوسکا ثواب میت کو پونہچانا وہ حلال ہے اور جسمین صرف چڑھانا او
نذر الی غیر اللہ مقصود ہو جیسے وہ چیزین کہ اکثر عوام قبرون پر یا تعزیہ وغیرہ پر چڑھا کے چلے آتے ہین
اور مقصود اونکو صرف نذر کر دینا ہوتا ہے وہ حرام ہین در مختار مین ہے اعلم ان النذر الذی یقع
للاموات من اکثر العوام وما یوخذ من الدراہم والشمع والزیت ونحوہا وینقل الی ضرایح الاولیاء تقربا الیہم
فہو بالاجماع باطل وحرام مالم یقصدوا صرفہا لفقراء الانام وقد ابتلی الناس فی ہذہ الاعصار وقد بسطہ
العلامۃ قاسم فی شرح درر البحار انتہی واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات
محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ۴۷۵ کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ بانسہ شریف مین سید شاہ
عبد الرزاق رضی اللہ تعالی عنہ کی درگاہ ہے اور کئی پشت سے سید صاحب کی اولاد مین جانشین
و مالک و متولی برابر ہوتے چلے آئے ہین اور سید صاحب کے فرزند شاہ غلام دوست محمد صاحب نے
گل شاہ کو واسطے جاروب کشی و چراغ بتی و خدمتگذاری درگاہ و حاضرین و زائرین درگاہ کے مقرر
و مامور کیا تھا چنانچہ گل شاہ کے بھی کئی پشت تک وہ تعلق برابر چلا آیا ہے اس زمانے مین جو لوگ
مالک و متولی ہین اون لوگون نے خادمین یعنی اولاد گل شاہ کو بوجہ قصور و تمرد کے موقوف کر دیا ہے
پس ایسی صورت مین حق موقوفی کا مالکان و متولیان کو شرعا حاصل ہے یا نہین فقط

ہو المصوب بسبب ظہور تمرد و قصور کے مالکون اور متولیون کو جو اولاد سید صاحب سے
ہین حق موقوفی حاصل ہے خصوصا جبکہ اونکے موقوف کرتے مین مصلحت ہو اور موقوف کرنا اونکا
بوجہ معتبر واقع ہوا شاہ مین ہے لیس للامام ان یخرج شیئا من ید احد الا بحق ثابت معروف انتہی
یعنی امام و قاضی وغیرہ کو حق نہین ہے کہ کسی چیز کو کسی کے قبضہ سے نکال لے اور اوسکو
موقوف کر دے مگر بوجہ شرعی معتمد اور تنقیح فتاوی حامدیہ مین ہے قال بیری زادہ ینبغی ان یقید
بما اذا لم یکن فیہ فائدۃ للوقف اما اذا کان عزلہ خیرا لہ کما فی جامع الفصولین انتہی حاصل اسکا یہ ہے
کہ جو ناظر و مدبر و متمم مال وقف وغیرہ ہو اوسکا موقوف کرنا اوس وقت ناجائز ہے جبکہ اوسمین
کوئی فائدہ و مصلحت متعلق اموال وقفیہ نہو اور اگر اوسکے موقوف کرنے مین مصلحت ہو تو موقوف کرنا جائز ہے
واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

۱۰ ماہ ربیع ثانی سنہ ۱۳۱۲ ہجری مرسلہ منصف پنشن یافتہ مولوی احمد اللہ بن مولوی رحمت اللہ مرحوم از محلہ اردو شہر جونپور

استفتا چہ میفرمایند علمای دین ومفتیان شرع متین اندرین مسئلہ ہین نے بتحریر ایک وثیقہ
مرقومہ انیسوین اپریل ۱۸۹۳ء اپنی بالکل جائداد مین سب اپنے زوجات واولاد کا حصہ بقید جداگانہ
بناءعزو وقف لکھدیا مگر ابتک اوسپر قبضہ اونکو یا اونکے متولی کو نہین دیا ہے اور شرط بقای عین حقیقت
بحق اپنے لکھا لیا ہے اونمین دو لڑکے میرے حمد اسد ومحمد اللہ جو میری ایک عورت سے ہین جسکا مہر فاطمی
بندھا اور ادا بھی کردیا گیا تھا اور وہ مر بھی گئی ہین وے دونون بھائی بزعم اوس تحریر کے کہ باپ
جو کچھ تھا وہ لکھ ہی چکے اب وس سے کیا غرض ہے براہ ناخلفی مجھسے منحرف ہو گئے آزادگی
وعیاشی مین مبتلا ہو رہے اپنی صورت دکھلانی اور سیدھی بات کرنے کو بھی روادار نہین میری نافرمانی
اور توہین کرتے اور میری باتون کو نہین سنتے اور جواب دلشکن دیتے رہتے ہین اور اس انتظار مین
ہین کہ باپ مرجاوین تو اوسکی سب جائداد پر قبضہ کرکے حد درجہ کی تماش بینی مثل اپنے ننہالی خاندان کے
کرگذرین اب مین بحلف مذہبی اقرار کرتا ہون کہ اون دونون کی بیہودگی وبدنیتی ودغابازی وخیانت
وخباثت سے مین سخت عاجز اور تنگدل ہو رہا ہون اور جب وہ مجھسے ایسی بیوفائی وکفران حقوق
پرورش وغیرہ کررہے ہین تو اپنے سوتیلی ماؤن اور سوتیلے بھائیون اور بہنون کو کہ انمین بالطبع
خصومت رہتی ہے کب چین وآرام گھر مین لینے دینگے بلکہ یہی دونون بھائی بداطوار میرے بعد میری بالکل
جائداد کا منافع بالا بالا لوٹ مار کرکے اپنے عیش ونشاط مین اوڑایا کرینگے اور میرے بچے جو اونمین کوئی
بھی بالغ نہین اور میری بیبیان جو پردہ نشین او بے خویش وبرادر وبیکس ہین بھوکون مرینگی یا بھیک
مانگتے گھر سے باہر نکلجاوینگی لہذا اون دونون بھائی حمد اسد ومحمد اللہ کے دست برد کے روکنے کے لیے
اون دونون کے نام جو حصہ اوس وثیقہ مین نامزد کیا ہے اوسکو پھر مین اپنی طرف واپس کرنا لینا
چاہتا ہون اسلیے کہ عین جائداد تو خود اوس وثیقہ مین میری ملکیت دوام کے لیے میرے حق مین قائم رہنے کو شرط
ہو چکی ہے باقی بنظر منفعت قبضہ اونکا بحسب قواعد تکمیل وقف کے اونکو یا اونکے متولی کو کہ اوس محمد اسد کے
نام تولیت لکھا تھا ابتک سپرد نہین کیا ہے نہ اونکا نام سررشتہ سرکاری مین بطور دخل خارج کے
لکھا گیا اور نہ اپنے وصیت نامہ مین اوسکی تائید کی بلکہ مین بدستور قدیم اپنے طور پر اپنے نام سے بطور
قبضہ مالکانہ سب کارروائی خانگی وعدالتی کر رہا ہون اور بار بار اونکی نسبت فقط بے پروائی بطور تنبیہ کے ذری
وے دونون بھائی حمد اسد ومحمد اللہ اپنے دستخطی خطون مین لکھتے رہے ہین تب ایسے حالات مین مجھہ اصل مالک کو

شرعاً اختیار واپسی اوس حصہ کا جو بنام اونکے وثیقہ مذکور مین لکھا تھا حاصل ہے یا نہین اور اگر ہے تو کس دلیل پر بینوا توجروا الراقم محمد احمد اللہ خان ساکن محلہ خادم خان عرف محلہ اردو شہر جونپور بقلم خود

ہو المصوب اس صورت مین واقف کو واپسی وقف کا اختیار ہے اسوجہ سے کہ شی موقوف کے مالک واقف نہین زائل ہوتی ہے جبتک کہ تسلیم الی المتولی نہو اور لزوم وقف بعد تسلیم الی المتولی ہوتا ہے جیساکہ تنویر الابصار مین ہے ولا یتم حتی یقبض ولم یفرز فاذا تم ولزم لا یملک ولا یملک ولا یعار ولا یرہن انتہی اور در مختار مین ہے تسلیم کل شئی بما یلیق بہ ففی المسجد بالافراز وفی غیرہ بنصب المتولی وتسلیمہ ایاہ انتہی پس جبکہ واقف نے ہنوز جائداد موقوفہ پر قبضہ متولی کا نہین کرایا بلکہ اپنا ہی دخل رکھا تو وہ جائداد اوسکی ملک سے زائل نہین ہوئی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی محمد عبد الحی ابو الحسنات

کتاب البیوع

استفتا زید کے پاس زمین اور ایک مکان خرید پانسو روپیہ کا اوسکے قبضہ مین سالہا سال رہا اور وہ خالد کا قرضدار چالیس روپیہ کا تھا خالد نے عدالت مین نالش کی سرکار نے وہ زمین اور مکان بابت روپیہ خالد کے مع خرچہ عدالت کے نیلام کرا ڈالا اور حامد کے نام وہ اٹھ روپیہ پر چھوٹا سرکار نے اوسپر قبضہ مالکانہ حامد کا کرادیا لیکن زید جو کہ مالک ہے وہ اوس نیلام پر راضی نہین ہے پس ایسی زمین اور مکان سے بدون رضامندی زید کے نفع لینا یا قبرستان اور مسجد بنانا از روی شرع جائز ہے یا نہین

ہو المصوب اس صورت مین نفع لینا حامد کو اوس زمین مین جائز نہین کیونکہ اگرچہ بیع مال قرضدار کی جوقت کہ قرض ادا نکرے حاکم کو بلا اجازت اوسکے جائز ہے علی الاصح کما فی ملتقی الابحر والدر المختار والحامدیۃ وغیرہا لیکن چونکہ یہ بیع نہایت نقصان سے ہوئی کہ پانچسو کی مالیت اٹھ روپیہ کو بکی اور ولایت حاکم کی مبنی شفقت اور نفع پر ہے نہ ضرر و نقصان پر مثل ولایت صبی کے لہذا یہ بیع جائز نہوگی فتاوی خیریہ مین ہے الحاصل ان القاضی نصب ناظرا فینبغی لہ ان ینظر للمدیون بما نظر للدائن فیبیع ما کان انظر لہ انتہی واللہ اعلم حررہ محمد عبد الحی عفا اللہ عنہ

استفتا تجارت اور بیع اور شراء پوست حیوانات مردار بلا ذبح کے تر یا خشک

بدون دباغت کے شرعاً جائز ہے یا نہیں

ہو المصوب نہیں فتح القدیر میں ہے لا یجوز بیع جلود المیتة قبل ان تدبغ لانها غیر منتفع بها قال صلی اللہ علیه وعلی آله وسلم لا تنتفعوا من المیتة باهاب ولا الخلاف فی هذا انتہی واللہ اعلم ۔ حررہ محمد عبد الحی عفا اللہ عنہ

استفتا زید مال خود بدست بکر جاگر طور فروختہ اقرار کرد کہ ہرگاہ خواہد بشرط عدم استعمال واپس دہد پس بکر مال مذکور بجای فروخت نفع کہ ازان حاصل شد بکر را حلال است یا نہ

ہو المصوب حرام است زیرا کہ مال جاگر طور از ملک بائع بیرون نمی آید در لقایہ می آرد لا یخرج مبیع عن ملک بائعه مع خیاره کالمقبوض علی سوم الشراء انتہی وہرگاہ آن ملک از ملک بائع بیرون نہ آمد نفع گرفتن بکر را جائز نیست واللہ اعلم ۔ حررہ محمد عبد الحی عفا اللہ عنہ

استفتا زید بکر را طلے دادہ گفت کہ بدین قیمت فروختہ دہند وانچہ زیادہ حاصل شود حق تست پس چیزے کہ از قیمت معینہ زائد بدست آمد بکر را حلال ست یا نہ

ہو المصوب حلال است واللہ اعلم حررہ محمد عبد الحی عفا اللہ عنہ

استفتا چہ میفرمایند علمای شافعیہ رحمہم اللہ تعالی درین مسئلہ کہ بعض مردم این دیار خریدن شراب بنیت سرکہ ساختن جائز میدارند ومیگویند کہ بسبب نیت مے نزد شان شرطہاست حرمت ونجاست خمر مرتفع میگردد پس قول ایشان صحیح ست یا نہ بینوا بدلائل کتب الشافعیة توجروا یوم القیامة عن اللہ القوی الرحیم

الجواب خریدن خمر اصلا روا نیست اگرچہ بہ نیت سرکہ کردن باشد زیرا کہ از سند عبارت کتب فقہ شافعیہ اصلا صحتی ندارد کہ خمر حرام وپلید ست کذا فی المغنی وغیرہ وہرچہ نجس ست خریدنش اصلا جائز نیست لعدم وجود الشرط للمبیع پس معتبر از شروط بیع نزد امام شافعی رحمہ اللہ آنست کہ مبیع نجس العین نباشد بلکہ بالفعل پاک باشد یا امکان پاکی بشستن داشتہ باشد واگر پاک نباشد یا بغیر از غسل امکان طہارت ندارد نیز جائز نیست ہمچنین ست در فتح المعین وطہرہ او امکان طہرہ بغسل فلا یصح بیع نجس وجلد میتة وان امکن طہرہا بتخلل او دباغ انتہی لہذا صحیح نیست بیع سگ معلم وخنزیر وخمر جائز نیست بیع خمر قال فی احیاء علوم الدین فیعتبر فیه ستة شروط الاول ان لا یکون نجسا فی عینه فلا یصح بیع کلب وخنزیر ولا یجوز بیع الخمر انتہی وفی المنہاج وللمبیع شروط طہارة عینه فلا یصح بیع کلب وخنزیر وخمر والمتنجس الذی لا یمکن تطہیره کالخل واللبن انتہی وفی الزبد

ویشترط فی المبیع ان یکون طاہرا انتہی وفی الانوار ولہ شروط الاول ان یکون طاہرا ویطہر بالغسل فلا یصح بیع
کلب وخنزیر وفروعہما والمیتۃ کالعاج وجلدہا قبل الدباغ والسرجین والخمر انتہی وخمرے کہ بے معالجے
سرکہ شود پاک است وخم آن ہم پاک در مغنی ہم مسطور ست وانچہ نجس العین ست مثل سگ
وخون ومردار بہیچ وجہ پاک نشود مگر خمر خود بخود بغیر معالجہ سرکہ گردد یا پوست مردارے کہ دباغت
کنند انتہی ایضا در مغنی مرقوم ست بدانکہ خمر را بمعالجے سرکہ کردند مثل آنکہ نمک یا سرکہ یا نان گرم
یا شیرہ وغیر ذلک در وی انداز ندآن سرکہ شود این سرکہ پلید وحرام ست وپاکی آن ممکن نیست وفی
المنہاج ولا یطہر نجس العین الا خمر تخللت وکذا ان نقلت من شمس الی ظل وعکسہ فی الاصح فان خللت
بطرح شیء فلا انتہی وفی الانوار لا یطہر من نجس العین الا الخمر بالتخلل وجلد المیتۃ بالدباغ انتہی بلکہ بر بائع
ومشتری از احادیث صحیحہ لعنت خدا ورسول ثابت وعن ابن عمر رضی اللہ عنہما قال قال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم لعن اللہ الخمر وشاربہا وساقیہا وبائعہا ومبتاعہا وعاصرہا الحدیث وعن
انس رضی اللہ عنہ قال لعن رسول اللہ فی الخمر عشرۃ عاصرہا ومعتصرہا وشاربہا وحاملہا والمحمولۃ الیہ
وساقیہا وبائعہا واکل ثمنہا والمشتری لہا والمشتری لہ رواہ الترمذی وابن ماجۃ کذا فی المشکوۃ الشریف
واللہ اعلم بالصواب حررہ الخادم العلماء الربانی فقیر شاہ رحمۃ اللہ القادری النقشبندی عفی عنہ | حاجی شاہ محمد رحمۃ اللہ قادری |

الجواب المرقوم صحیح | ہذا الجواب صحیح لا شک فیہ | سید علی رضا | میر تصدق حسین ۱۲۷۵

الجواب صحیح کتبہ خادم علمای دین متین محمد شہاب الدین قادری عفا عنہ وعن اسلافہ | محمد شہاب الدین

الجواب صحیح غلام قادر عفی عنہ | من اجاب اصاب کتبہ خادم شرع مصطفی سید مرتضی | سید مرتضی ۱۲۵

ہو الصواب بمذہب شافعیہ سرکہ ساختن خمر حرام ست واز سرکہ نجاست آن مرتفع نمی شود
البتہ اگر خود بخود سرکہ شود پاک می شود وبیع اشیاء نجسہ حرام ست امام محی الدین نووی در شرح
صحیح مسلم می نویسند من قال بتحریم تخلیلہا وانہا لا تطہر بہ الشافعی واحمد ومالک فی اصح الروایتین عنہ
وجوزہ الاوزاعی واللیث وابو حنیفۃ ومالک فی روایۃ واما اذا انقلبت بنفسہا خلا تطہر عند جمیعہم الا ما حکی
عن سحنون المالکی انہ قال لا تطہر انتہی ونیز می نویسند فی روایۃ ان الذی حرم شربہا وحرم بیعہا وفیہ تحریم بیع
الخمر وہو مجمع علیہ والعلۃ فیہ عند الشافعی وموافقیہ کونہا نجسۃ ولیس فیہا منفعۃ مقصودۃ انتہی ومحمد خطیب
شربینی شافعی در اقناع شرح مختصر ابی شجاع می نویسند لا یصح بیع عین نجسۃ سواء امکن تطہیرہا بالاستحالۃ

لجلد المیتة ام لا کالسرجین والکلب ولو معلما والخمر لخبر الصحیحین انه صلی الله علیه وسلم نهی عن ثمن الکلب
